سراج النجوم

مع جوتش



www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

مشتاق بک کارنر
الفضل مارکیٹ
اردو بازار، لاہور

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سراج النجوم

مع

جوتش

[illegible]

[illegible]

آغا اشرف

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مشتاق بُک کارنر الفضل مارکیٹ
اردو بازار لاہور ۲

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— سراج النجوم

مصنف ——— [illegible]

صفحات ——— ۲۹۶

کتابت ——— دارالکتابت حضرت کیلیانوالہ (ضلع گوجرانوالہ)

ناشر ——— مشتاق احمد بٹ

پریس ——— سلیم [illegible] پریس [illegible] لاہور

www.freeamliyaatbookspdf.com

فری عملیات بکس

FREE AMLIYAAT BOOK'S

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سٹاکسٹ

جہانگیر بکڈپو اردو بازار لاہور ۲

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

انتساب

قبلہ اپنے تایا جان کے نام

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

فہرست

صفحہ	مضمون	نمبر شمار
۸	تدوین	۱
۱۰	پیش لفظ	۲
۱۴	حرف چند	۳
۲۰	علم النجوم	۴
۲۲	ستارے اور سیارے	۵
۲۴	منسوبات کواکب	۶
۳۳	ستاروں کے اثرات	۷
۴۲	برجوں میں ستاروں کی چال	۸
۴۳	ستاروں کی رنگت	۹
۴۴	ستاروں میں مذکر مونث	۱۰
۴۵	سیارگان کی رجعت	۱۱
۴۸	سیارگان کا عروج وزوال	۱۲
۴۹	ستاروں کی نحوست کا اپاؤ	۱۳
۵۱	ستاروں کے منصب	۱۴
۵۲	مخالفت قمر	۱۵
۵۴	ستارے اور خوشبو	۱۶
۵۷	کواکبی معلومات	۱۷

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۸	کواکب کی دوستی دشمنی	۶۹
۱۹	حصول کامیابی کا نظام	۷۰
۲۰	نیا چاند	۷۵
۲۱	سیاروں کی ماہیئت	۷۷
۲۲	استخراج طالع	۸۴
۲۳	ستاروں کے ناموں پر انسانوں کے نام	۸۹
۲۴	اعداد اور علم الساعات	۹۱
۲۵	دائرۃ البروج	۱۰۲
۲۶	برجوں کی اشکال اور احوال	۱۰۸
۲۷	برجوں میں ستاروں کے اثرات	۱۷۵
۲۸	زمیچ اور زائچہ	۱۹۵
۲۹	علم جوتش	۲۰۸
۳۰	جوتش ادھیائے	۲۱۰
۳۱	ستارے	۲۱۲
۳۲	راسیاں	۲۱۳
۳۳	راسیاں اور اُن پر راج کرنے والے ستارے	۲۱۶
۳۴	نچھتر	۲۱۷
۳۵	دِشا شول وچار	۲۱۹
۳۶	آج کا دن کیسے گزرے گا	۲۲۰

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۳۷	سورج گرہن چندرماں گرہن	۲۲۱
۳۸	راسیاں اور ان کے نشان	۲۲۵
۳۹	زائچہ اور اس کے گھروں کی تقسیم	۲۲۶
۴۰	جنم کنڈلی	۲۲۹
۴۱	وقتی زائچہ	۲۳۳
۴۲	ستاروں کا طلوع و غروب	۲۳۴
۴۳	جنم کنڈلی میں گرہوں کے یوگ	۲۳۵
۴۴	نام راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ	۲۳۹
۴۵	پرشن	۲۴۰
۴۶	ناقص گرہوں کی شناخت کے لیے کارآمد نگینے	۲۴۵
۴۷	جنم دن اور راسیاں	۲۴۵
۴۸	سیارگان کا اجتماع	۲۵۶
۴۵	اتفاقیہ و طبعی موت	۲۵۸
۵۰	ایسٹروسکوپ	۲۵۹
۵۱	ستارے	۲۶۰
۵۲	برج	۲۶۱
۵۳	برج ثور کے دوست	۲۶۴
۵۴	ثور کے لیے موزوں پیشے	۲۶۵
۵۵	ثور کی بیماریاں	۲۶۵

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش رہیے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ابتدائیہ

سراج النجوم

علم نجوم، علم جوتش اور ایسٹرولوجی پر چونکا دینے والی ایک شاہکار کتاب ہے۔

سراج النجوم:

کاشفِ اسرارِ فلکیات ہونے کے علاوہ اس فن میں اس کی اہمیت اور قدر وقیمت کا تعین ہے۔

پر اسرار علوم پر آجکل بہت کچھ لکھا جا رہا ہے۔ علم النجوم، علم الرمل، علم الجفر، علم الاعداد دست شناسی، چہرہ شناسی اور قیافہ شناسی پر بے شمار کتابیں سامنے آ رہی ہیں۔ جن میں سے اکثر وبیشتر کتابیں رطب ویابس کے سوا کچھ بھی نہیں۔ سراج النجوم میں اُن کا نہایت عالمانہ انداز سے یوں جائزہ لیا گیا ہے۔ ان کے ادھورے اور ناقص مفروضات و تشریحات کا خالص علمی طور پر یوں تحلیل وتجزیہ کیا ہے کہ اُن کے علم النجوم سے متعلق خود ساختہ پیمانوں اور اصولوں کے قطب مینار زمین بوس کر دیئے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کے مطالعہ سے اہلِ نظر قارئین کے دل شاد اور آنکھیں روشن ہو جاتی ہیں۔ علم النجوم اور علم جوتش سے متعلق پراچین وقدیم کتابوں سے استفادہ کرتے ہوئے محققوں کے فلکیاتی ادبیات کے تنقیدی وتحقیقی مطالعہ کے پس منظر میں اس فکر وفن کی گتھیاں سلجھاتے ہوئے اس کتاب کو اپنے موضوع پر بالکل منفرد اور امتیازی شان دے دی ہے۔

یہ کتاب اپنے موضوع کے لحاظ سے تین ابواب و عنوانات پر مشتمل ہے جو تقریباً تین سو صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں۔ اور ان صفحات کی فنی عظمت یہ ہے کہ ہر صفحہ، ہر سطر، ہر لفظ اپنی شمع فن روشن کئے ہوئے ہے۔ یہ صفحات شروع سے آخر تک انسانی زندگی اور تقدیر کے وسیع ترین اور پیچیدہ ترین مسائل کو بہترین اور آسان ترین زبان و مواد اور بہترین ہیئت فن میں پیش کرتے ہیں۔ تقدیر و تدبیر دقیق ترین موضوع کو حسین ترین اسلوب میں مظاہر کرتے ہیں۔ جس کے پیش نظر ہمیں یہ کہتے ہوئے ذرا بھی تامل نہیں کہ محقق نے انسانی زندگی اور تقدیر کے حقائق کو اپنے فن کے رنگ و آہنگ میں ڈبو کر اس کتاب کو علم النجوم پر نہ صرف اساطیری کتاب بلکہ دائرہ المعارف بنا دیا ہے۔ اپنی تقدیر اور ستاروں کے بارے میں آپ اس سے ہر معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ علم النجوم پر اس سے مستند معتبر کتاب اس سے پہلے آپ کی نظر سے گزری ہوگی۔ یہ کتاب ایک جہاں نما ہے آئینہ قسمت ہے۔ دیکھنے والے اس میں اپنے ماضی، حال اور مستقبل کو ستاروں کی روشنی میں دیکھ سکتے ہیں۔

معراج النجوم علم النجوم کے فن کی تاریخ میں ایک عدیم النظیر کارنامہ ہے جس کے ہر لفظ سے سحر و پر بخوانی اور حکمت ٹپکتی ہے اور تقدیر انسانی اور ستارگان کے بیان سے جادو جگاتی نظر آتی ہے۔

اور یہ کہنے میں بھی مجھے ذرا تامل نہیں کہ اس کتاب کا بیشتر مواد راج جوتشی پنڈت موہن لعل جی سے ماخوذ ہے جو آج کل ہندوستان میں ہیں اور وہاں کے چوٹی کے جوتشیوں میں سے ہیں۔

(مؤلف)

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پیش لفظ

نجوم، جفر، رمل، علم الاعداد، علم القیافہ، علم النقوش اور دوسرے پراسرار علوم کی بنیاد تقریباً ایک ہی ہے۔ یہ تمام علوم انسان نے برسوں کی کوششوں اور تجربوں کے بعد اس نقطۂ نظر سے ایجاد کئے کہ اسے اپنے متعلق سوچنے اور عمل کرنے سے وہ مواقع میسر آئیں جن سے وہ کامیاب زندگی بسر کر سکے۔

ہمارا علم، تجربہ اور عقلی استعداد جہاں تک مدد کرے گی ہم اپنی خوش قسمتی کے اصولوں کو حاصل کریں گے۔ بہت سے علوم ایسے ہیں جن سے ہم اپنی قسمت کی کامیابی کو پا سکتے ہیں۔ مگر اس کے نتائج اتنے ہی موافق ہوں گے جتنا ہم صحیح سوچ سکیں گے۔ یا جتنا کوئی علم اور راستہ ہمیں مکمل اور صحیح حاصل ہو جائے گا۔ انسان کی کامیابی اور ناکامی کی بنیاد صحیح سوچ اور صحیح فیصلے پر مبنی ہے۔

آپ نے بھی تجربہ کیا ہو گا کہ اگر صحیح سوچا ہے تو کامیابی ہو گی غلط سوچ سے کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ غلط سوچ انسان کو اس مقصد سے بہت دور لے جاتی ہے۔ لیکن صحیح سوچ اور صحیح فیصلہ کامیابی سے ہمکنار کر دیتا ہے۔

سب سے پہلے یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ عقل کی قوتوں میں سے اس قوت سے یہ سوچ سمجھ اور فہم و ادراک سے متعلق ہے۔ صحیح یا غلط سوچنے اور فیصلہ کرنے کی وجہ کیا ہے۔ کیا کوئی ایسی قوت ہے جو ہمارے ذہن کو کنٹرول کرتی ہے۔ انسان لاشعوری طور پر فیصلہ اپنی مرضی کے مطابق کرتا چلا جاتا ہے۔ جب کہ جدید سائنس اس امر کی شاہد ہے

کہ ذہن انسانی ہر وقت حالات لاشعوری میں بھی فضا کی کاسمک شعاعوں سے متاثر ہوتا ہے
کاسمک شعاعیں (CASMIC RAYS) سورج اور دوسرے ستاروں سے ہمیشہ
خارج ہوتی رہتی ہیں اور ہماری زمین تک پہنچتی ہیں۔ یہ انسان کے اُن حساس حصوں کو متاثر
کرتی ہیں جو بڑے حساس ہیں۔ لہٰذا یہ امر ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم علم سیارگان کا گہری نظر سے
مطالعہ کریں اور یہ جاننے کی کوشش کریں کہ ہماری زندگی کے مدوجزر، کامیابی و ناکامی سے
ان کا کیا تعلق ہے؟

ہم ان حقائق کو نظر انداز نہیں کر سکتے جو آئے دن مشاہدہ میں آتے رہتے ہیں
اور وہ ہماری زندگی کی ایک کڑی معلوم ہوتے ہیں یہ کڑیاں کسی خاص حساب کے تحت
ایک دوسرے سے وابستہ کی گئی ہیں۔

یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ سارا نظام کائنات ایک حسابی اہمیت و نوعیت رکھتا ہے
جو زندگی اور حرکت کے تمام اجزا میں جاری و ساری ہے۔

اس وسیع کائنات میں زندگی برقرار رکھنے کے لیے انسان کو بہت کچھ کرنا پڑتا ہے
بہت سی چیزوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ مثلاً قوتوں کا جو اس کے لیے غذا تیار کرتی ہیں
چلنے پھرنے دوڑنے اور کام کاج کرنے پر مجبور کرتی ہیں۔ لیکن اسی طرح ممکنات
ایک ایسا نظریہ ہے جس کا وہ سب سے پہلے سہارا لیتا ہے۔ جو انسان کی زندگی کے
تسلسل کی زنجیر کی کڑیوں کو مربوط اور مضبوط کرنے میں بڑا اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

انسان ان تمام سہاروں کی تلاش میں خاموش نہیں بیٹھتا۔ اس کا ذہن محدود نہیں ہے
وہ سوچنے سمجھنے میں اتنا آزاد ہے کہ اپنے اور دوسروں کے متعلق فوراً اندازے لگانے
لگتا ہے۔ حالات خواہ اچھے ہوں یا بُرے وہ ان سے متاثر ہوتا ہے اور ماضی، حال،
مستقبل کے اندازے لگاتا ہے۔

انسان کے ذہن میں ماضی کے حالات میں موجود رہتے ہیں۔ اور وہ مستقبل کے

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
فری عملیات بکس سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

بارے میں بھی خیال آرائی کرتا ہے۔ سوچ و فہم ساری دنیا پر حکمرانی کرتی ہے۔ انسان کو بڑے سے بڑا کام کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ انسان کے دکھ سکھ کے سہارے تلاش کرنے میں معاون بنتی ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ بھی کسی چیز سے متاثر ہوتی ہے اس سوال کا جواب پہلے دیا جا چکا ہے وہ کائناتی شعاعیں (CASMIC RAYS.) ہیں جن سے انسانی ذہن و خیال متاثر ہوتا ہے۔ جب کہ اس کے ساتھ یہ جاننے کی بھی ضرورت ہے کہ علم سیارگان کہاں تک ہمارے خیالوں اور ارادوں کی رہنمائی کرتا اور ان کی مدد کرتا ہے۔ یہ سمجھنے کے بعد ہی ہم انسانی فہم و ادراک پر کنٹرول کرنے والی شعاعوں کو سمجھ سکیں گے۔ اور یہ سمجھنا بالکل اسی طرح ضروری ہے جس طرح ہم صحت کو قائم رکھنے کے لیے قانون ادویہ کو سمجھنا ضروری سمجھتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ انسان خاص قانون کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے جو قدرت کاملہ نے بنایا ہے اور وہ قانون غیر مرئی قوتوں اور کائناتی شعاعوں سے گھرا ہوا ہے۔ بالکل ایسے جیسے ہوا۔ سورج۔ ریڈیائی لہریں کائناتی لہریں یا ایکس ریز شعاعیں۔

زندگی ہر شخص کے لیے آسان نہیں خواہ وہ متمول گھرانے ہی میں پیدا کیوں نہ ہوا ہو۔ ہم اپنی مرضی سے زندگی نہیں گزار سکتے۔ ہم پر دو محافظ ہیں ایک عقل دوسرا ارادہ اور عقل و ارادے کی قوتیں جن شعاعوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ ان کا علم ہر انسان کو نہیں ہو سکتا۔ جو مختلف اوقات میں اس کے مقدر و قسمت کو متاثر کرتی ہیں۔

ہم میں سے ہر کوئی اپنی زندگی گزارنے کا خاص نظریہ رکھتا ہے۔ ایک خاص طرز زندگی کو پسند کرتا ہے۔ یہ خاص طرز زندگی ہی اس کی سوچ کا کارنامہ ہے۔ ہم اپنی سوچ سے اپنی زندگی کی بنیادوں کو مضبوط رکھ سکتے ہیں۔ اور جس قدر ہماری سوچ کی قوتیں طاقتور ہوں گی اتنی ہی زندگی بہتر ہوگی۔

اگرچہ سوچنا ایک چھوٹا سا لفظ ہے لیکن اپنے اندر دنیا بھر کی طاقتیں رکھتا ہے ۔ جو ہر وقت ہر جگہ ہر شخص کو احاطہ کئے ہوتے ہیں ۔ اب صرف یہ تجزیہ کرنا باقی رہ جاتا ہے کہ سوچ کہاں سے کرتی ہے اور اس کا کس کس چیز سے تعلق ہے اور وہ کونسی قوتیں یا کائناتی شعاعیں ہیں جو انسانی ذہن، اس کی زندگی ۔ اس کے ماحول اور دنیوی کاموں میں اس کو متاثر کرتی ہیں ۔ اور اس تجزیہ کا نام ہی علم نجوم ہے ۔ اور یہ کتاب جو آپ کے زیر مطالعہ ہے آپ کے حال اور مستقبل کو بنانے بگاڑنے کے موضوع پر ایک منفرد و مفید کتاب ہے ۔ اور اس یقین کے ساتھ پیش کی جا رہی ہے کہ آپ کے حال اور مستقبل کو بہتر بنانے میں آپ کی بڑی مدد کرے گی ۔

یہ کتاب آئینہ قسمت ہے ۔ اس میں اپنے حال اور مستقبل کا جائزہ لیں ۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

حرفِ چند

بطلیموس نے علم فلکیات پر تحقیقاتی نظریات لکھے تھے۔ اس کی کتاب
"MEGALE SYNTAXES MATHEMATICA"
چونکہ بائبل کے نظریات کے مطابقت رکھتی تھی اس لیے کافی مشہور ہوئی۔ چنانچہ بعض مسلمان مفکرین بھی اس کتاب سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہے۔ الحجاج ابن ماثر نے اس کتاب کا "المجسطی" کے نام سے ترجمہ کیا۔ جو اصل کتاب سے بھی زیادہ مشہور ہوا، اور اس کے لاطینی میں کئی ترجمے ہوئے۔ جو یورپ کی یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے تھے۔

حسین ابن اسحاق نے اس کا دوبارہ ترجمہ کیا۔ ثابت ابن قرہ نے اس میں ترمیم کی اور بطلیموس کے بتلائے ہوئے علاقہ جات آسمان میں دو اور علاقوں کا اضافہ ہوا۔

۱۔ کرۂ ثابت

۲۔ فلک البروج

الفرغانی البیطانی عبدالرحمٰن حاجی اور الصوفی نے بھی بطلیموس کے نظریہ کی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی۔ ابن الہیطام نے بطلیموس کے نظریہ کی بنیادوں پر "فی حیات العالم" کتاب لکھی۔

فلکیاتی تحقیقات کا انحصار سائنٹفک علم کی فراوانی پر منحصر ہے یونانی علم کوئی وسیع نہ تھا۔ لہٰذا ان کے نظریات بھی ناقص تھے۔ ان کا عام خیال تھا کہ زمین مرکز عالم اور ساکن ہے۔ سورج اور تارے متحرک ہیں مسلمانوں کے لیے یہ تحقیقات میں اطمینان

بحث نہیں تھی۔ قرآنی اشارات ان کے بالکل برعکس تھے۔ اس لیے وہ خود تحقیقات میں لگ گئے اور رصد گاہیں قائم کرکے سائنٹفک تحقیقات شروع کردی۔

نویں صدی عیسوی کے اوائل میں عباسی خلیفہ مامون الرشید نے جس میں ابن علی اور یحییٰ بن ابی منصور تحقیقات کرتے تھے۔ ان ہیئت دانوں اور ریاضی دانوں نے نئی نئی تحقیقات کے علاوہ سابقہ نظریات کی بھی پرکھ پڑتال کی۔

انہوں نے شمسی سال کا صحیح طول، سیاروں کی گردش، سورج اور چاند گرہن کے اوقات اور زمین کا قطر معلوم کیا۔ خلیفہ مامون الرشید نے ایک اور رصد گاہ دمشق کے قریب کوہ قاسیون پر بنائی۔

خلیفہ مامون الرشید کی رصد گاہیں جو آلات استعمال ہوتے تھے۔ وہ اصطرلاب (ASTROLABE) ربع دائرہ (ZUADRANT.) اور کرہ (GLOBES.) تھے۔

ابو اسحاق ابراہیم بن سلیمان انصاری وہ پہلا مسلمان تھا جس نے اصطرلاب بنایا، مامون الرشید کی رصدگاہوں میں استعمال ہونے والے اصطرلاب کو علی بن عیسیٰ الاصطرلابی نے بنایا۔ جس میں گیروں کا استعمال ہوتا ہے۔

ان رصدگاہوں میں زمین کے چپٹے ہونے کے نظریے کو غلط ثابت کرکے اس کو گول قرار دے کر اس کا محیط اور قطر نکالا گیا۔ حبش الحاسب جو مامون الرشید کے دربار میں ماہر فلکیات تھا۔ تقریباً چالیس سال تک فلکیات پر تحقیقات کرتا رہا اور اس نے چاند گرہن اور سورج گرہن کے اوقات کا تعین کیا۔

ابو معاشر نے کتاب الالف کے نام سے اپنی تحقیقات کو قلم بند کیا۔ ابو موسیٰ الخوارزمی نے مجموعہ ستارگان (CONSTELLATION) کے جدول تیار کئے۔ ان کے عربی نام رکھے۔ یہ جدولیں شیر، سانپ، بچھو، بیل، مینڈھے اور دوسرے جانوروں کی شکل پر

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تھیں جو ستاروں کے برجوں میں بنائی جاتی ہیں۔

ابو موسیٰ الخوارزمی نے فلکیات پر دو کتابیں لکھیں۔ اس کے کچھ حصوں کے ترجمے ابھی تک لاطینی زبان میں موجود ہیں اور دوسری مسلمانوں کے ذریعے سپین پہنچی۔ جس کو مسلمہ المجریطی نے نظر ثانی کے بعد دوبارہ شائع کیا اس نے ایک اور کتاب "صورت الارض" لکھی یہ سٹراس برگ کے کتب خانہ میں ابھی تک موجود ہے۔ اس کتاب میں اس نے زمین کو گول قرار دے کر اس کا محیط اور قطر نکالا۔

ابو العباس احمد الفرغانی ایک مشہور ماہر فلکیات تھا۔ اس نے دریائے نیل کے کنارے فسطاط کے مقام پر نیلومیٹر لگایا تھا۔ اور ایک کتاب بھی لکھی تھی جس کا نام "فی الحرکات السماویہ" تھا جو کہ فلکیات پر ایک نئی تحقیق تھی۔

شرف الدولہ نے بغداد کے شاہی محل میں ایک شاندار رصدگاہ بنائی جہاں وہ فلکیات پر تحقیقات کرتا تھا۔ اس نے علم النجوم پر دو شاندار کتابیں لکھیں۔

(۱) الکواکب الثابت

(۲) صورت الکواکب

علم ہیئت و نجوم پر یہ دو نایاب کتابیں ہیں۔

۹۹۷ء کے نامور ستارہ شناس ابوالوفالکی نے فلکیات پر ایک کتاب لکھی جس کا نام "اقامتہ البرہان الدائر من الفلک" تھا۔ ستاروں کی گردش پر ایک نایاب کتاب تھی۔

اسی زمانہ میں ابن الہیثم نے فلکیات پر متعدد کتابیں تحریر کیں۔ جن میں سے رسالہ "فی اقامتہ البرہان" "فی ضوء الکواکب" اور "ضوء القمر" کافی مشہور ہوئی۔

البیطانی رقہ کی رصدگاہ کا منتظم تھا۔ اس نے بطلیموس کے نظریات کو غلط قرار دے کر ریاضی کی مدد سے نئے نظریات پیش کئے۔ چاند گرہن اور سورج گرہن کی تاریخیں اور چاند کے طلوع ہونے کے اوقات مقرر کئے۔ اس کی کتاب "الزیچ الصبابی"

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بڑی مشہور ہوئی نامور ہیئت دان ابن یونس نے ۱۰۰۹ء میں علم فلکیات پر ایک کتاب لکھی جس کا نام "الکواکب" تھا۔

البیرونی نے علم النجوم پر ایک محرکہ خیز کتاب لکھی جس کا نام تھا "قانون المسعودی فی الحیات والنجوم" اس نے فلکیات میں ریاضی اور جومیٹری کا مکمل استعمال کیا۔

البیرونی نے ایک اور کتاب "التفہیم" کے نام سے عربی اور فارسی میں لکھی۔ جس کے انگریزی میں بھی ترجمے ہوئے۔

البیرونی کی ایک اور کتاب "آثار الباقیہ" کافی مشہور ہوئی اس نے زمین کی محوری گردش کا صحیح وقت نکالا۔ طول البلد اور عرض البلد کے صحیح فاصلے معلوم کئے۔

شہرہ آفاق فارسی کے شاعر عمر خیام نے علم ہیئت میں کافی تحقیقات کیں۔ اس نے ایک کیلنڈر بنایا جس کو "تاریخ الجلالی" کہتے ہیں۔ اس نے سال کے صحیح دنوں کا تعین کیا اور وقت نکالا۔

ابن بجاج اور جابر بن افلاک نے بطلیموس کے نظریے کی تردید میں "تصحیح المجسطی" شائع کی۔ البنا رزی نے اس کی شرح لکھی۔ البطروجی نے بطلیموس کے نظریات کو غلط قرار دیا وہ زمین کے مرکز عالم ہونے کے نظریے کا مخالف تھا۔

ابن رشد جو زبردست سائنس دان اور ماہر فلکیات تھا۔ اس نے مختلف سائنسی تحقیقات کیں۔ اس نے سورج پر دھبے دریافت کئے۔

ابو سعید سنجری نے سورج کو مرکز عالم قرار دیا۔

علی ابن سہیل ربان الطبری علم طب، فلکیات اور ریاضی میں مہارت رکھتا تھا۔

یعقوب بن اسحاق الکندی علم فلکیات، علم ریاضی، علم نجوم میں ماہر تھا۔ اور موسیقی وطب میں بھی درک رکھتا تھا۔

ابن سینا فلکیات، فلسفہ اور جبر و مقابلہ کا ماہر تھا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS

البیرونی علم جغرافیہ، علم طبقات الارض، علم فلکیات اور علم ہیئت کا ماہر تھا۔
الزرقلی نے ستاروں کے کئی نقشے بنائے۔ یہ علم فلکیات کا ماہر تھا۔ اس نے اصطرلاب میں سائنسی ترمیم کی۔ یہ پہلا مسلمان ہیئت دان تھا جس نے سورج پر تحقیق کی۔
ابن باجا ماہر فلکیات تھا۔ اور علم موسیقی سے شغف بھی رکھتا تھا۔ اور علم نباتات میں بھی کافی مہارت رکھتا تھا۔

مشہور مورخ فلپ کے اپنی مشہور کتاب تاریخ عرب میں لکھتا ہے کہ عربوں نے علم فلکیات میں کافی ترقی کی تھی۔ انہوں نے جن ستاروں اور مجموعہ سیارگان پر تحقیق کی تھی ان کے نام عربی میں رکھے تھے۔ مثلاً

۱۔ عقرب	SCORPION
۲۔ الجدی	THE KID
۳۔ الطائر	THE FLYER
۴۔ ذنب	THE TAIL
۵۔ الفرقد	THE CALF
۶۔ المیزان	ORION
۷۔ بطل الجوزا	BETEL GUESE
۸۔ ثریا	SYSIUS

عربوں نے شعاع منحنی کے راستوں کا تعین کیا۔ سورج اور چاند کے طلوع سے پہلے اور غروب کے بعد بھی دکھائی دینے کی وجوہات بتائیں۔ انہوں نے وہ سب کچھ ایجاد کیا جس کو اب مغرب کی ایجادات سمجھا جاتا ہے۔ موجودہ علم النجوم میں عربوں کا بہت سا حصہ ہے۔ میں نے اس کتاب کی تالیف و ترتیب مذکورہ بالا عرب علم النجوم کے ماہروں بہت دانوں سے خاصا استفادہ کیا اور ان کے علاوہ موجودہ دور کے نامور ستارہ شناسوں

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

اور نجومیوں کے کمالات فن کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ اس کتاب کی تدوین میں درج ذیل کتابیں میرے پیش نظر رہی ہیں۔

۱۔ الزیج الصابی
۲۔ قانون المسعودی فی الحیات والنجوم
۳۔ التفہیم
۴۔ الساعات
۵۔ اسباق النجوم
۶۔ برقی تقویمات
۷۔ رسالہ روحانی دنیا
۸۔ علم النجوم
۹۔ کاشف جہاں

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

علم النجوم

علم النجوم ایک پراسرار علم ہے اجرام فلکی کی چال کا حساب۔ سیاروں کی ماہیت و نوعیت کو پرکھنے کا ایک علیحدہ نصاب۔ اور یہ سب سیارگان قدرت الٰہی کے کرشمے ہیں۔

انسان وحیوان سب کسی خاص مقصد کے لیے پیدا کئے گئے ہیں جمادات و نباتات اور متحرک وغیر متحرک اشیائبھی۔ اور اجرام فلکی یعنی سورج، چاند ستارے بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کئے۔ اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ سے اپنی گردش کو ایک خاص نظام کے تحت انجام دے رہے ہیں۔ انسانی زندگی کے علاوہ دنیا کی ہر چیز پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

اگر آپ غور فرمائیں تو طلوع و غروب آفتاب میں ایک سیکنڈ بھی غلطی نہ ہوگی اور اسی طرح موسموں کے تغیر و تبدیل کے ساتھ ساتھ طلوع کا وقت کم ہوتا اور بڑھتا رہے گا۔

اسی قدرتی انتظام و انصرام پر غور و پرداخت کرتے ہوئے آج سے کئی ہزار سال پہلے بابلی، آشوری، حمیری اور مصری لوگوں نے سیارگان کے علم کو سیکھا اور اس کے تحت اپنے اپنے مذہب کی بنیاد رکھی۔ مصری نجومیوں کے متعلق تو یہاں تک مشہور رہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے جب خوابوں کی تعبیر بتائی تو وہ ایمان لے آئے کہ ان کا حساب درست ہے اور فراعنہ مصر تو اپنے نجومیوں اور کاہنوں کے بل بوتے پر حکومت کرتے رہے

اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں بھی فرعون رامیسس ثانی کے درباری نجومیوں اور ساحروں کو بھی اس علم پر دسترس حاصل تھی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والوں میں زیادہ تعداد ان دانشوروں کی تھی جو ستاروں کی چال سے واقف تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے بہت پہلے اس علم کو نہ صرف پوجا جاتا تھا بلکہ یہ مذہب کی ایک خاص شاخ تصور کیا جاتا تھا۔ یہ علم یورپ، مصر اور عرب سے ہوتا ہوا تبت، چین اور ہندوستان تک پھیلا شہنشاہ ایران گشتاپ کا بھائی جمسپ بہت بڑا کاہن اور نجومی تھا۔ اس نے علم نجوم پر بہت سی کتابیں لکھیں۔ فیثاغورث بذات خود اس علم میں بڑی مہارت رکھتا تھا۔ اس نے پلاٹو سیارے کے حالات و اثرات معلوم کئے۔

موجودہ زمانہ میں نامور علم نجوم جاننے والوں کی کمی نہیں۔ انیسویں صدی میں سرالبرٹ کیلی سرجارج واڈسن، کوٹی کیر، جیمز جینز اور للنڈا گڈمین ایسی نامور ہستیوں کی کمی نہیں۔

مسلمانوں کے نقطہ نظر سے علم نجوم نہ تو مذہب کا ایک حصہ ہے اور نہ ہی عقیدہ بلکہ یہ تو نقطہ حساب کا ایک قاعدہ ہے۔ جس طرح ہر شخص گھڑی دیکھ کر یہ کہہ سکتا ہے کہ اب کیا وقت ہے بالکل اسی طرح ستاروں کا حساب دیکھ کر یہ بتایا جا سکتا ہے کہ کونسا ستارہ کس برج میں ہے اور دنیا کی ہر چیز پر اپنے کیسے اثرات چھوڑ رہا ہے

---

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ستارے اور سیارے

عربی میں نجم تارے کو کہتے ہیں اور نجوم اس کی جمع ہے۔ پہلی قسم کے وہ ستارے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اپنی جگہ گڑے ہوئے ہیں اور ستارے کہلاتے ہیں۔

اور دوسری قسم کے ستارے وہ ہیں جو خلا کی بیکراں پہنائیوں میں دن رات گھومتے رہتے ہیں۔ ان کی یہ گردش اپنے محور اور دیگر سیارگان کے اردگرد جاری ہے۔ یہ سیارے کہلاتے ہیں اور علم نجوم ایک ایسا علم ہے جس سے سیارگان کی چال و گردش کو جانچا جا سکتا ہے۔ اور یہی سیارگان انسانی زندگی کے علاوہ دنیا کی دوسری چیزوں پر بھی اپنے اثرات چھوڑتے ہیں۔ جب کہ اسلامی نقطہ نظر سے علم نجوم نہ تو مذہب کا ایک حصہ ہے اور نہ عقیدہ بلکہ یہ تو ایک حساب ہے۔

کلکولیشن Calculatin

سیارے

علم النجوم کی رو سے آسمان پر سیر کرنے والے سیارے سات ہیں۔ جب کہ ان کے ساتھ دو امدادی سیارے بھی گردش میں رہتے ہیں۔ ان سیاروں کو کواکب بھی کہتے ان کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ سورج Sun

۲۔ چاند۔ قمر۔ چندر ما Moon

۳۔ مریخ Mass

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش رہو۔ شاہ و ماچر

۴۔ زحل — Satarn

۵۔ مشتری — Jupitar

۶۔ عطارد — Mercury

۷۔ زہرہ — VENUS

(امدادی ستارے)

۱۔ یورینس — URINUS

۲۔ نیپ چون — NEPTUNE

ان تمام ستاروں کی شناخت کے لیے یونانی زبان کی مختلف نشانات دیئے گئے ہیں اس کے علاوہ مختلف زبانوں میں بھی ان ستاروں کے علامتی نشانات موجود ہیں۔ یہاں یونانی علامتی نشان درج کیے جاتے ہیں جن کا عام استعمال ہوتا ہے۔

نام ستارہ	علامت و نشان	نام ستارہ	علامت و نشان
سورج	☉	عطارد	☿
چاند	☽	زحل	♄
مریخ	♂	یورینس	♅
مشتری	♃	نیپ چون	♆
زہرہ	♀	پلوٹو	♇

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

منسوبات کواکب

سورج

یہ آسمان کا سب سے بڑا سیارہ ہے۔ اور اس کا اپنا ایک نظام ہے جس کو نظام شمسی کہتے ہیں ہمارا نظام شمسی سورج اور دوسرے کواکب سے مل کر مکمل ہوتا ہے کواکب کا مطلب ہے اجرام۔ سیارے سیر کرنے والے یعنی وہ سیارے جو ہمیں حرکت کرتے ہمیں معلوم ہوتے ہیں۔ جو حرکت نہیں کرتے انہیں ہم ستارے کہتے ہیں۔ کیونکہ ہم ان کی پوزیشن کو بدلتے نہیں دیکھتے آپ علمی طور پر ان کواکب کو یوں سمجھیں۔

(نیرین)

شمس و قمر

(سریع السیر کواکب)

عطارد۔ زہرہ۔ مریخ (تیز چلنے والے)

(بطی السیر کواکب)

مشتری۔ زحل۔ یورنس (سست رفتار)

(عوامی کواکب)

نپ چون۔ پلوٹو (ان کا مکمل انسانوں سے تعلق ہے)

تمام کواکب سورج کے گرد اپنے اپنے مدار پر حرکت کرتے ہیں۔ اس لیے ان کے فاصلے مختلف ہیں بیضوی مدار ہونے کی وجہ سے کبھی کوئی کوکب زمین سے کم فاصلے پر آجاتا ہے۔ کبھی دور ہو جاتا ہے۔ مثلاً زہرہ کبھی نزدیک ہوتا ہے نو۔ ۲۵ لاکھ میل کے فاصلہ پر آجاتا

ہے اور جب یہ دور ہوتا ہے تو ۱۶۵۰ لاکھ میل دور ہوتا ہے ۔ اور اس دوری و نزدیکی کے فاصلے کے بھی نام ہیں ۔ جو یہ ہیں ۔

۱۔ اقرب الشمس

۲۔ بعدالشمس

۳۔ اقرب الارض

۴۔ بعدالارض

(اقرب الشمس)

سورج سے نزدیکی ۔ اسے حضیض شمس بھی کہتے ہیں ۔

(بعدالشمس)

سورج سے دوری ۔ اسے اوج شمس بھی کہتے ہیں ۔

(اقرب الارض)

زمین سے نزدیکی اسے حضیض قمر بھی کہتے ہیں ۔

(بعدالارض)

زمین سے دوری ۔ اسے اوج قمر بھی کہتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

چاند ۔ قمر

سورج ہی سے ٹوٹا ہوا ایک سیارہ ہے ۔ جو کہ سورج کی روشنی ہی سے روشن ہوتا ہے ۔ زمین سے تقریباً ۱۹ حصہ کم ہے ۔ اس کی گردش کی رفتار فی گھنٹہ دو ہزار دو سو اسی میل ہے ۔ زمین کے گرد بارہ گھنٹے میں گھوم جاتا ہے ۔

چاند یعنی قمر زمین کا چاند ہے ۔ رات کا حاکم ہے ۔ زمین پر اپنی روشنی کو منعکس کرتا ہے یہ آپ کے زائچہ میں بھی شمس کی طرح حکمران ہے ۔ شمس کے بعد قمر ہی اہم گنا جاتا ہے ۔ یہاں

وجہ ہے کہ اس کو کوکب کا درجہ دیا گیا ہے اور ہم یہ کہتے ہیں کہ شمس اور نو کواکب ۔ یہ اصول ہم نے محض آسانی کے لیے وضع کیا ہے زمین پر ہم خود رہتے ہیں ۔ یہاں سے ہی کائنات کا مطالعہ کرتے ہیں ۔ اس لیے زمین کی بجائے چاند کو ایک کوکب قرار دیتے ہیں اور زمین کو نہیں گنتے ۔

شمس یعنی سورج عام صحت ، ذاتی کردار ۔ عزو وقار ۔ وسیع کاروبار ۔ ضروری معاملات اعلیٰ طبقہ کے افراد ، وہ لوگ جو کسی ذمہ دار عہدہ پر فائز ہوں یعنی حکام ۔ اہم معاملات و معاہدات کرنا ، نئی سکیمیں وجود میں لانا اس کے منسوبات ہیں ۔

اور قمر کے منسوبات میں روزانہ بدلنے والے حالات ، تبدیلیاں ، گھریلو زندگی ، پبلسٹی بحری سفر ، تجارت ، جذباتی زندگی ، عورتوں سے تعلقات اس کے منسوبات ہیں ۔

عطارد

اس کا طلوع و غروب سورج کے ہمراہ ہی رہتا ہے ۔ زمین سے ۳۵۸۸۷۰۰۰ میل دور ہے ۔ قطر ۳۰۸۰ میل ہے ۔ اپنے محور کے گرد ۲۴ گھنٹوں اور ۵ منٹوں میں گردش مکمل کرتا ہے ۔

اس کو فطرت کا پیامبر کہتے ہیں ۔ ہوشیاری ۔ ذہانت ۔ مطالعہ تخیل پسندی احساس چالاکی منطق ۔ رنگین بیانی کا شائق ہونا ۔ ذہنی اشتیاق اس کے منسوبات ہیں ۔

اگر یہ زائچہ میں موافق حالت میں ہو تو تمام ذہنی امور کو ترقی دیتا ہے تجارت اور شراکتی کاروبار میں کامیابی دیتا ہے ۔

جن لوگوں پر عطارد کی شعاعیں پوری طرح اثر انداز نہیں ہوتیں وہ بھول جانے والے ذہنی طور پر کمزور ۔ غمگین ۔ پریشان حال ۔ خام خیال ، کھانیوں اور خوابوں کی دنیا میں بسنے والے طعن آمیز رویہ رکھنے والے ہوتے ہیں ۔ مذہب سے بیزار رہتے ہیں ۔

اگر یہ زائچہ میں ناموافق ہو تو خیالات کو پراگندہ کرتا ہے۔ دماغی مشکلات اور اعصابی نظام میں خوابیاں پیدا کرتا ہے

زہرہ

اس کا قطر سات ہزار آٹھ سو میل ہے۔ زمین سے چھ کروڑ بہتر لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ سورج کے ..... ۲۵۶ میل کے فاصلے پر ہے۔ ۲۶۵ دنوں میں بارہ برج عبور کرتا ہے۔

یہ سیارہ خوبصورتی پر حکومت کرتا ہے۔ دوستی، موافقت، ہمدردی، جذبات اور شائستگی سے متعلق ہے۔ آرٹسٹک، سوشل، مصروفیات اور فرحت، دیر ورک کا مشتاق بناتا ہے۔ یہ اُن لوگوں کے لیے نرمی، سلامت روی اور انس و محبت لاتا ہے جو اس کو کب کی سعادت کا اثر لیے ہوئے ہوں۔ ان لوگوں کو اوائل عمر میں ازدواجی تجربات، شادی کی خوش بختی۔ اچھی گھریلو زندگی آرٹسٹک پیشہ سے سُود مندی دیتا ہے۔ اور جذبہ سرپرستی اور اعانت دیتا ہے۔

اگر یہ زائچہ میں نحس ہو یا ناموافق ہو تو یہ لوگ جذباتی، سست الوجود، نمائشی، خود آرا، بازاری قسم کا ردیہ رکھنے والے، عیاش، شہوت پرست اور فضول خرچ ہوتے ہیں۔ ان میں جذبات محبت و انس کی کمی ہوتی ہے۔

مریخ

یہ سیارہ ہماری زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ زمین کی کشش کے باعث بعض اوقات اس کی رفتار میں کمی بیشی آجاتی ہے آگے کی بجائے پیچھے کو چلنے لگتا ہے جسے دوسرے معنوں میں رجعت کہا جاتا ہے۔

اس کا جو حصہ سورج کے سامنے رہتا ہے اس کی رنگت سرخی مائل ہوتی ہے سورج سے تیرہ کروڑ بارہ لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ اس کا قطرہ ۴ ہزار ۱۰۱ میل ہے۔ اپنے محور

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پر ۲۲ گھنٹوں میں گھوم جاتا ہے۔ ۱۸ مہینوں میں اپنی الٹی سیدھی چال بارہ برجوں میں مکمل کرلیتا ہے مریخ طاقت پر حکومت کرتا ہے۔ خواہ اسے کسی بھلائی کے لیے استعمال کیا جائے یا برائی کے لیے یہ تعبیر، دلیرانہ اقدام، عزم وہمت، بیرونی امور، سخت مزاجی، جارحانہ قوتوں یعنی جنگ جوئی اور پائیداری کی خوبیوں کا حامل بناتا ہے۔

جو شخص اس کی شعاعوں کی خوبیوں سے واقف ہو وہ اپنی زندگی تعمیری کاموں میں صرف کرتا ہے۔

مریخ زائچہ میں سعد ہونے کی صورت میں ذرائع اور ذاتی پوزیشن کو کام میں لاتا ہے۔ ادائیگی فرض میں استقلال دیتا ہے ماتحت رہ کر ترقی نہیں کرپاتا۔

جن لوگوں کے زائچہ میں اس کی شعاعوں کا گہرا اثر موجود نہیں یعنی زائچہ میں باقوت نہیں ہے وہ اس سے پورا فائدہ نہیں اٹھا سکتے وہ فضول خرچ، بے صبر، حساس، جذباتی، ظالم اور خود پسند ہوتے ہیں۔

مشکلات، قوت، شجاعت، قوت جسمانی، تمام جسمانی ورزشیں اور کھیلیں، وہ تمام حرکات وسکنات جو قوت کا مظاہرہ کریں۔ مکینکل اور تعمیری کام، شمشیر زنی، فوج وسپاہ، ضابطہ اور قانون۔ یہ کوکب حادثات کا ذمہ دار ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مشتری

زمین سے ۱۲۰۵ گنا بڑا ہے۔ اس کا قطر ۸۹۰۰۰ میل ہے۔ زمین سے یہ ۴۸۲۷۰۰۰۰۰ میل دور ہے۔ سورج سے ۴۸۴۰۰۰۰۰۰ میل کا فاصلہ رکھتا ہے۔ اس کی کشش سے اس کے گرد چار سیارے گردش کرتے ہیں۔ اس کی اپنی رفتار بڑی سست ہے یہ اپنے محور پر ۹ گھنٹے اور ۵۵ منٹ میں گھوم جاتا ہے اور بارہ برجوں میں سے ۴۳۳۲ دنوں میں گزرتا ہے۔

ترقی، روپیہ کا لین دین، بنک، مالیات، بڑے کاروبار، قانون، عبادت گاہیں، قانونی امداد، مہربانیاں، باحیثیت و بارسوخ لوگ بینکرز، جج، وکلا، عالم دین، اسباب، بختی اور رفاہ عامہ کا رجحان اس کے منسوبات ہیں۔

مشتری کو عموماً محسن اعظم کہا جاتا ہے۔ جو دن دگنی رات چوگنی ترقی کا باعث بنتا ہے۔ شرافت، خلوص، نرم دلی، مذہبی رجحانات، وفاداری اور عزت و توقیر کا حامل بناتا ہے۔ زائچہ میں سعد ہو تو سرپرستی اور کرمفرمائی کے ذریعہ شہرت دیتا ہے۔ لاٹری اور وراثت کے ذریعہ حصولِ مال، طویل زندگی، عزووقار، شہرت اور صحت دیتا ہے۔

زحل

زمین سے ۹۵ گنا بڑا ہے۔ قطر ۷۹۰۰۰ میل ہے۔ سورج سے ۷۸۰۲۰۰۰۰۰ میل کے فاصلے پر ہے۔ زمین سے ۸۷۵۲۰۰۰۰۰ میل دور ہے۔ اپنے محور کے گرد ۱۰½ دن گھوم جاتا ہے۔ ایک برج کو ۲½ میں اور بارہ برجوں کو قریباً ۲۹½ سال میں طے کرتا ہے۔

جائیداد، زمین اور مکانات کی تعمیر، زراعت، باغبانی، کوئلہ، کانیں، پرانی انجنیں، بڑی عمر کے لوگ، محتاط اور تجربہ کار افراد، سیاہ پوش، دوسرے کو ذلیل کرنے والے۔ بینڈ لارڈ کوئلہ کے بیوپاری اس کے منسوبات میں سے ہیں۔

یہ کوکب التوا، رکاوٹوں، تنہائی، خلوت سے وابستہ ہے جب یہ سعد ہوتا ہے تو اجتماعی امداد لاتا ہے۔ یہ مطالعہ، مستقل کاموں اور ذرائع سے منافع لاتا ہے۔

یہ کوکب جب نحس ہوتا ہے تو دیری لاتا ہے۔ معاملات کو روک دیتا ہے۔ اس کا اثر خاندانی معاملات اور رشتہ داری پر بھی پڑتا ہے زحل زندگی کا سب سے بڑا معلم ہے۔ اس کا حامل اپنے کو حدود سے تجاوز نہیں ہونے دیتا۔

یہ حد سے زیادہ بڑھی ہوئی خواہش کو روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اور اس کے

زیر اثر لوگ دوسروں پر پوری طرح حاوی ہو جائیں اور اثر انداز ہوتے ہیں۔ وہ ہوشیار اور چمکنے ہوتے ہیں نہ ڈرنے والے۔ پس انداز کرنے والے، محنتی اور چال چلن کے ہوتے ہیں زائچے میں سحر حالت میں ہو تو صدمات کے بعد دیرپا کامیابیاں ترقی کے ساتوں میں اعلیٰ مرتبہ اختیارات اور منصب اور سخت کوششوں کے بعد شہرت دیتا ہے۔

اگر زائچے کے اندر ناقص یا کمزور حالت میں ہو تو اکثر غمگین اشکی، نفرد رنج، حاسد شرمیلا اور ڈرپوک بناتا ہے۔ اگر یہ نحس ہو تو قانونی پابندیاں، ضمانت، ناگوار فرض، تکلیف دہ دباؤ، شناخت اور قدر شناسی سے انکار، ادبار و نحوست میں ناکام کوششیں، بڑھاپے میں تنہائی اور اکیلا پن لاتا ہے۔

یورنس

دو ہلال کو کب۔ درمیان میں کراس۔ نیچے دائرہ۔ لہذا یورنس کو قطعی نحوست کا ستارہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ کیونکہ اس کا نشان اعلیٰ شخصیت کا ہے۔ مولود اپنے عہدہ اور اختیارات ہی سے مشہور رہتا ہے خواہ وہ کوئی ہو۔ عطارد کی اعلیٰ قوتوں کا مجموعہ ہے۔

یہ ذو جسدین ہے۔ مذکر ہے۔ یہ کشش برقی اور بھک سے اڑ جانے والے مادہ سے متعلق ہے۔ سائنس کے میدان میں ایجادات لاتا ہے۔ اتفاقیہ تبدیلیاں، غیر متوقع سائنٹیفک ایجادات اور سیاسی انقلابات لاتا ہے۔ خود مختارانہ اقدامات کرواتا ہے۔ طیارہ ران، موجد، جدت پسند، قوت تخلیق رکھنے والے لوگ، نجم و مصلح گورنمنٹ اور بلدیہ کے آدمی اس سے متعلق ہوتے ہیں۔

یورنس کی ساعتیں انفرادی شخصیت کو از سر نو اجاگر کرتی ہیں۔ اکثر اچانک سنہرے موقعے حاصل ہوتے ہیں۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اس کے پس پشت دماغی صلاحیت کارفرما ہوتی ہے۔

اس کے ستارے کی قوت انسان کو آزادی پسند، خود رائے، بے دھڑک، دلیر روحانی اور فلسفی بناتی ہے۔ نئے خیالات۔ ادراک اور روحانیت سے متعلق ہے۔

اگر یہ زائچہ میں سحر ہو تو غیر متوقع کامیابیاں لاتا ہے۔ انوکھے تجربات اتفاقیہ مراتب غیر متوقع شہرت، ناقابل اعتبار امارت، انوکھی شہرت اور محبوبانہ زندگی میں بلا عہد و پیمان شرکت کراتا ہے۔ زندگی میں کامیابی بذریعہ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور فلم دیتا ہے۔

جن لوگوں کے زائچے میں یہ کمزور حالت میں ہو وہ غیر ذمہ دار، تنہائی پسند، توہم پرست خود سر اور مغرور ہوتے ہیں۔

اگر یہ نحس ہو تو آوارہ زندگی۔ مالی امور میں مد و جزر گھر والوں اعداد اور دوستوں سے مخالفت لاتا ہے۔ ان میں سے ایک وحید مالی امور سے متعلق ہوتی ہے۔

نپ چون

فریب، دھوکہ، دغا، غلط فہمی، پروپیگنڈا، انتشار اور اعتقادات اس سے وابستہ ہیں۔ پر اسرار لوگ، اوباش، محتاج، گویئے، سازندے، قیدی اور وہ لوگ جو اعصابی امراض میں مبتلا ہو کر معذور ہو جاتے ہیں اس سے متعلق ہیں۔

اجتماعی حرکات، پروپیگنڈا، جاسوسی، اسرار مخفی، قوت روحانی کے اعتقادات لاتا ہے رائے اور مشوروں کو بناتا ہے۔

نپ چون کی شعاعیں نفسیاتی ذوق کو پیدا کرتی ہیں۔ بیر موتی اور ان دیکھی چیزوں سے واقفیت سکھاتی ہیں۔

نپ چون اعلیٰ ترین ذہنیت کی خوبی کا حامل بناتا ہے۔ اس کے زیر اثر لوگ انتہائی...

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بحر
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
شاہ وچ ماچھر

روحانی پسند، توہم پرست اور مادی معاملات سے اکثر لاپرواثابت ہوتے ہیں۔
ایسے لوگ صلح جُو، مذہبی، دوسروں کو مدد دینے والے ہوتے ہیں جن سے ان کی کوئی غرض وابستہ نہیں ہوتی۔

اگر یہ زائچہ کے اندر سحر ہو تو غیر معمولی کیریکٹر دیتا ہے۔ آرٹسٹک بناتا ہے۔ ملازمت میں غیر معمولی کامیابی لاتا ہے۔ تیز شفا یابی، دماغی سائنس اور روحانی علوم دیتا ہے نقالی یعنی اندھی تقلید کی خاصیت پیدا کرتا ہے۔ اور آرٹسٹک کاروبار میں ترقی و خوشحالی کا ضامن ہے

اگر یہ زائچہ ناقص حالت میں واقع ہو تو غمگین، عالم خواب کے شیدائی فضول خرچ، زود رنج اور بے اعتماد بناتا ہے۔

اگر یہ نحس ہو تو مالیخولیا میں مبتلا کرتا ہے۔ شرابی بناتا ہے۔ بھوک اس قدر لگاتا ہے جو اختیار سے باہر ہو۔ مالی پراگندگی اور اخلاقی کمزوری پیدا کرتا ہے۔

پلوٹو

مفاد و اشتراک کے اصول بنانا۔ ذاتی اغراض و مقاصد کے لیے جدوجہد کرنا، نئی صورت حال پیدا کرنا اس کا کام ہے۔ غیر قانونی لوگ جو کسی رواج کی پابند نہ ہوں۔ خفیہ محکمہ کے ممبر، کسی مجمع کے منتظم خواہ کوئی رسم ہو یا جشن، خوشامد پرست، کسی ٹولے کے سرغنہ سے متعلقہ لوگ اس سے وابستہ ہیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ستاروں کے اثرات

اس سے پہلے یہ بتایا جا چکا ہے کہ ستارے انسان پر اثر انداز ہوتے۔ کیسے اثر انداز ہوتے ہیں یہاں یہی بتانا مقصود ہے اور اس کو سمجھنے کے لیے آپ پہلے حسب ذیل جدول کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

مادی نظریہ

شعاعی رنگ	ماہیت
۱۔ بنفشی	ایجادات
۲۔ گہرا نیلا	مخفی علوم
۳۔ ہلکا نیلا	تفریحات
۴۔ سبز	جائداد
۵۔ زرد	تعلیم
۶۔ اورنج	حادثات
۷۔ سرخ	مالیات ۔ تغیرات

روحانی نظریہ

موجودات عالم کا مخفی پہلو	ماہیت
۱۔ روح	
۲۔ عقل	خودی
۳۔ جذبات	
۴۔ دماغ	

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

۵۔ تجربات — درمیانی منزل

۶۔ قوت

۷۔ وجدان — ذاتیات

موجودات عالم کا اثباتی پہلو



تھیوسوفی کے متعلم یہ جانتے ہیں کہ سات ستاروں کے سسٹم پر ہماری شمسی کائنات کا ایک مکمل نظام ہے جو زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، عطارد، قمر ہیں۔ ان سے نکلنے والی شعاعیں اپنا اندر علیحدہ علیحدہ قوت رکھتی جس کا تجزیہ کرتے ہوئے ہیئت دانوں نے یہ کہا ہے کہ ساتوں ستاروں میں سے ہر ایک دائرۂ البروج میں حرکت کرتا ہے اور اس کی شعاعیں ہر شخص پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ یوں سمجھ لیں کہ سورج سے شعاعیں سیاروں کے راستے سے منعکس ہو کر چاند یا زمین پر پڑتی ہیں اور ہمیں متاثر کرتی ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے ایک سات پہلو والے کمرہ میں سات کھڑکیاں ہیں۔ مختلف رنگ کے شیشوں کی ہیں۔ اور کمرے کے اندر ایک دھات کا انسانی بت ہے اس کمرے کے باہر چاروں طرف گھومتے ہوئے سات لیمپ ہیں۔ اس مشاہدے میں ہم یہ دیکھیں گے کہ بت کے مختلف اعضا پر ہر لمحہ رنگوں کے بے شمار درجے منعکس ہوتے ہیں یہی حال اس دنیا کے اندر جسم انسانی کا ہے۔

یہ ہے وہ راز جس پر آپ جس قدر غور کریں گے اسی قدر نئی نئی حقیقتوں کا انکشاف ہو گا۔ یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ قدرت کی کوئی چیز بے اثر نہیں اور قدرت کاملہ کا کوئی فعل بلا مقصد نہیں جس طرح ہماری زمین پر کئی قدرتی طاقتیں ہیں۔ وہ بجلی، بخارات لہروں اور شعاعوں کی شکل میں اٹھتی اور پھیلتی ہیں۔

اسی طرح دیگر سیاروں کی طاقتیں فضا میں پھیل کر ہمارے رنگ روپ، عادات مزاج اور خیالات پر اثر انداز ہوتی ہیں قدرت میں فاصلہ دراصل کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ اس لیے کوئی سیارہ چاہے کتنا ہی دور کیوں نہ ہو۔ اس کے اثرات برقی لہروں کی طرح آناً فاناً تمام اطراف میں محسوس کیے جا سکتے ہیں۔

اس کائنات میں ہمیں جو کچھ عیاں نظر آتا ہے اسی قدر نہاں بھی اس میں موجود ہے جیسے سفید روشنی میں تمام رنگ موجود ہیں۔ لیکن جیسے سفید روشنی تین بڑے رنگوں نیلا، پیلا، سرخ میں منعکس ہوتی ہے اس طرح یہ تین مختلف شعاعیں سورج کے ذریعے پھیلتی اور دنیا پر اپنا پرتو ڈالتی ہیں۔ ہر منعکس شدہ شعاع اس چیز کی خاصیت کی ایک حس اپنے ساتھ لاتی ہے جس میں سے پھوٹ کر وہ آرہی ہو۔ اس طرح خدائی نور ہر سیارے تک پہنچتا ہے خواہ سورج سے براہ راست یا سیارگان سے منعکس ہو کر۔ وہ شعاعیں جو سورج سے براہ راست آتی ہیں عرفان اخلاق اور ترقی کا باعث ہوتی ہے۔ اور وہ شعاعیں جو چاند سے ہم تک پہنچتی ہیں جسمانی افزائش کا موجب ہوتی ہیں۔ لیکن ایک سیارہ جس طرح اپنے درجہ ارتقا

کے مطابق ایک یا ایک سے زیادہ رنگوں کو جذب کر سکتا ہے۔ اسی طرح ہماری زمین کی ہر چیز متحرک یا غیر متحرک شعاعوں کی ایک خاص مقدار کو جذب کرتی اور ہم تک پہنچاتی ہے۔ باقی شعاعوں کا اس پر چنداں اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی باقی شعاعیں اس کے اندر کوئی حرکت پیدا کر سکتی ہیں۔ اور یوں ہماری دنیا کی ہر چیز سیارگان کی شعاعوں سے اثر پذیر ہوتی ہے۔

تمام سیارگان روشنی کے لیے سورج کے احسان مند ہیں۔ اس کی روشنی میں وہ اپنے طبقہ کی خاصیت کا جزو ملا کر اسے زمین اور دیگر طبقات پر منعکس کرتی ہے۔ اور اس طرح مختلف مقدار اور صورتوں میں ذات انسانی پر اثر ڈالتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ سورج و چاند کا اثر زیادہ قابل محسوس و قوی تر حالت میں پڑ رہا ہے۔ اس لیے ان دونوں کی حالت کو مقدم قرار دیا گیا ہے یعنی سورج کو زندگی اور چاند کو جسم کی شکل دی گئی ہے۔ سورج کی قوت مثبت ہے اور قمر کی منفی الانسانی قوتیں جن ستاروں سے متاثر ہوتی ہیں وہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ یعنی سورج سے حکومت، قمر سے حرکت مریخ سے قوت، عطارد سے علم، مشتری سے وجدان، زحل سے زمین و جائداد، زہرہ سے قوت حیوانی و جذبات وغیرہ منسوب ہیں۔

ہماری زمین شمسی خزانے سے نہایت ہی قلیل مقدار میں توانائی حاصل کرتی ہے۔ یہ توانائی جملہ آسمانی واقعات کو وجود میں لانے کے لیے کافی ہے۔ روشنی سے حرارت، بجلی اور قوت مقناطیسی پیدا ہوتی ہے۔ قوت قائل المرکز سب جگہ پائی جاتی ہے۔ جیسا کہ قوت انتقال، قوت پیوستگی کیمیائی کشش، ہوائی بحری لہریں، سورج کی روشنی و حرارت کے اثر کے تابع ہیں معدنی وغیرہ معدنی عناصر تمام نظام شمسی میں مشترکہ ہیں۔ اور تمام لازم و ملزوم ہیں۔ جو ہزاروں عجیب و غریب طور پر کام کر رہے ہیں انسان بھی شمسی اثرات کے تابع ہے کیونکہ وہ تخم جس نے اسے پیدا کیا ہے سب آفتابی شعاعوں کا ہی نتیجہ ہے۔

خوشنویس سرفراز شاہ وچ ماچھر

چاند زمین کے سب سے زیادہ قریب ہے۔ سائنس دانوں نے ثابت کر دیا ہے

کہ سمندر کا مد و جزر صرف اسی کے طلوع و غروب کا نتیجہ ہے۔ دماغی امراض کا ماہر خوب جانتا ہے کہ چاند دماغ کے حساس رگ، ریشے کو متاثر کرتا ہے۔ اور چاند کی مختلف حالتوں سے دماغی امراض کا خاص تعلق ہے۔

علم نباتات کے ماہرین بتاتے ہیں کہ چاند کے طلوع و غروب کے اثرات پودوں کی پیدائش و افزائش پر پڑتے ہیں۔ اور سائنس کا ایک پرانا نظریہ یہ ہے کہ تمام نباتات پر چاند کی حکمرانی ہے۔ یہ بھی تجربہ کیا گیا ہے کہ آگ لگنے کے واقعات زیادہ تر ان راتوں میں ہوتے ہیں جب کہ چاند مکمل ہوتا ہے۔

اس مشینی دور نے ڈاکٹروں پر انکشاف کیا ہے کہ حمل کے اندر جتنی تبدیلیاں بچہ کی افزائش سے متعلق ہوتی ہیں وہ چاند کی حرکات کے تحت ہیں۔ گرہن کا جو اثر جنین پر پڑتا ہے اس سے بھی اکثر لوگ واقف ہیں۔ نیز ہسپتالوں کے ٹمپریچر گراف سے معلوم ہوا ہے کہ تپ و بخار کا اتار چڑھاؤ چاند کی حرکات سے اثر پذیر ہوتا ہے۔

حکمائے یونان بحار کا بحران صرف چاند کی تاریخوں سے قائم کرتے تھے۔ عام طبی کتابوں میں یہ عام اصول موجود ہے۔ اسی طرح مختلف قدیم و جدید سائنٹفک نظریات اور اعداد و شمار ان سئے تجربات اور معلومات کی طرف توجہ دلاتے ہیں جو انسان اور چاند کے تعلق کا اظہار کرتے ہیں۔

یہ سائنس کا جدید نظریہ ہے کہ سورج کے دھبے فضا کو متاثر کرتے ہیں۔ طوفانوں کو لاتے ہیں اور وبائی امراض جیسے انفلوئنزا وغیرہ انہی دھبوں سے ہوتے ہیں۔

اور حال ہی میں ایک جو مشہور اکادمک تحقیق ہوئی ہے اس کو میٹروبائیالوجی (METROBIOLOGY.) کا نام دیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ انسان کی پیدائش پر مہینے کیا خاص اثر رکھتے ہیں۔ اور وہ اس کی پیدائشی اور ذہنی صلاحیتوں کو کیسے متاثر کرتے ہیں۔

یہی بات ہمیں علم نجوم بتاتا ہے کہ شمس دائرۃ البروج میں حرکت کرتا ہوا ہر برج میں ایک ماہ تک قیام کرتا ہے۔ اور ہر ماہ سورج ایک خاص مقام پر خاص رفتار سے حرکت کرتا ہے اور خاص قسم کے اثرات جنین اور طبقات الارض پر ڈالتا ہے سورج کے دھبوں کا مطالعہ کرتے ہوئے سائنس دان صرف اس کی ظاہری حالت کا تجزیہ پیش کرتے ہیں۔ اور صرف اُس کی تصدیق کرتے ہیں جو حکمائے قدیم نے بھی معلوم کیا تھا یعنی موجودہ سائنس دان علم نجوم کے متعلق بہت کم تجربات حاصل کر سکے ہیں جتنے کہ حکمائے قدیم نے کئے کاسمک شعاعوں کے اثرات جو اب معلوم ہوئے ہیں وہ ایک دوسرے نظریئے سے "ستاروں کے منسوبات" کے نام سے حکمائے قدیم کو معلوم تھے۔ اور اب جو سائنٹفک طریقہ سے چاند کے اثرات کائناتی نظام پر معلوم کئے گئے ہیں وہ برسوں پیشتر علم نجوم والے معلوم کر چکے تھے۔ یہ معلومات آج سے ہزاروں سال پہلے اس وقت انسان کو حاصل ہوئی تھی جبکہ فاصلہ وقت اور حرکت کے حساب کو انسان سمجھ چکا تھا۔

سیارگان سے آنے والی شعاعیں

ہماری زندگی سے شعاعوں کا بڑا گہرا تعلق ہے۔ علم الحیات کے ماہرین انسانی زندگی کے راز کو اپنی شعاعوں اور برقی لہروں میں تلاش کر رہے ہیں جو ستاروں سے زمین تک آتی ہیں مگر آنکھیں ان کو دیکھ نہیں پاتیں۔

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ شعاعیں ہمیں زندہ رکھتی ہیں اور ہلاک کر سکتی ہیں۔ اور ہمارے کاموں میں دخل انداز ہوتی ہیں۔ جدید تحقیقات میں شعاعوں اور لہروں کا حصہ ہر چیز سے زیادہ ہے۔ سائنس دان ان شعاعوں کی تلاش میں ہیں جو اڑتے ہوئے جہازوں کو روک دیں۔ ان کے انجن بیکار کر دیں۔ ان برقی لہروں سے تمام امراض کا علاج کیا جا سکے اب تک ایسی جو شعاعیں دریافت ہوئی ہیں۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

www.freeamliyaatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

پیمائشی شعاعیں

حال ہی میں ایک مشین ایجاد ہوئی ہے جس کا عمل حیرت انگیز ہے یہ مشین انسانی خیالات کی برقی لہروں کی پیمائش کرتی ہے۔ جو دو ہزار کی تعداد میں ہر سکنڈ دماغ سے خارج ہوتی رہتی ہیں ان لہروں کے عکس کا فوٹو گراف ایک باریک فلم پر لیا جاتا ہے اور خیالات کا ریکارڈ تیار کیا جاتا ہے۔

ماہرین سائنس نے انسانی جسم کے سیلز (CELLS) میں برقی لہریں پیدا کرنے والے کروڑوں چھوٹے چھوٹے مائکرو کوزم (MICROCOSMS) کا پتہ لگایا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم شعاعوں اور برقی لہروں کی دنیا میں بستے ہیں۔ ہم ان شعاعوں کے سیلاب سے نہیں بچ سکتے جو چاروں طرف سے ہمیں گھیرے ہوئے ہے شعاعیں ہمارے جسم سے پیوست ہوتی ہیں۔ شعاعیں ہمارے جسم سے خارج ہوتی ہیں۔ شعاعیں ہم اس طرح جذب کرتے ہیں جیسے پانی کو اسفنج جذب کرتا ہے۔ ہمارے جسم کے ذرات شعاعوں ہی سے بنے ہوتے ہیں۔ ہم میں سے ہر شخص شعاعوں کی ایک پوٹلی ہے

آرکسٹرس شعاعیں:

۱۹۳۳ء میں شکاگو میں جو عالمگیر نمائش ہوئی تھی۔ اس کو روشنی بہم پہنچانے کے لیے آرکسٹرس ستارے کی شعاعوں سے کام لیا گیا تھا۔ لندن کے ایک کلینک میں آج کل گٹھیا اور نقرس کا علاج سرخ، نیلی سبز اور زرد شعاعوں سے ہوتا ہے۔

موت کی شعاع:

وائرلیس کے موجد سائنوسکار کونی نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں مسولینی کو ایک طاقتور شعاع دکھائی جو چلتی ہوئی موٹر کار کو روک دیتی تھی۔ لندن میں موت کی شعاع کا جو مظاہرہ کیا گیا تھا۔ اس کا اثر یہ تھا۔ کہ دور دور تک چوہوں اور خرگوشوں کو ہلاک کر دیتی تھی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

وائرلیس شعاعیں :۔

وائرلیس کی چھوٹی لہروں کی ایک ایسی قسم ہے جو زندگی رکھنے والی مخلوق پر طاقتور اثر ڈالتی تھی۔ ہڈی کی بعض بیماریوں کے علاج میں نقلی بخار پیدا کرنے کے لیے ان شعاعوں کا استعمال کامیابی کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔

ماورا بنفشی شعاعیں :۔

سائنس نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ دنیا کی چیزوں کے جتنے ذرات ہیں وہ حقیقت میں شعاعوں کی چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں ہیں۔ شعاعوں کا سب سے بڑا مرکز آفتاب ہے۔ جو فی منٹ ۲۵ کروڑ برقی ذرات خارج کرتا ہے۔

ہم جتنے ستارے آسمانی فضا میں دیکھتے ہیں۔ وہ سب کے مرتعش لہروں کا ایک سیلاب ہماری دنیا کی طرف بھیجتے ہیں۔ اور زمین ہر وقت ان مختلف لہروں میں غسل کرتی رہتی ہے۔ جس طرح انسان کی زندگی کے لیے روشنی ایک ضروری چیز ہے اسی طرح بعض شعاعیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو انسان کو ہلاک کر دیتی ہیں۔

اگر اوزون (OZONE) کا وہ کرہ جو سطح زمین سے تیس میل اوپر زمین کے چاروں طرف محیط ہے کسی طرح پھٹ جائے تو آفتاب کی نہایت تیز اور ناقابل برداشت الٹرا وائلٹ ULTRAVIOLET ماورا بنفشی شعاعیں زمین پر اس طرح برسنے لگیں کہ صرف چند منٹ میں دنیا کے ہر جاندار کا خاتمہ ہو جائے۔ اور لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ بعض شعاعیں توپ کے گولوں سے زیادہ طاقتور اور مہلک ہوتی ہیں۔

کاسمک شعاعیں :۔

جو شعاعیں ستاروں کی دنیا سے ہم تک آتی ہیں یا کرۂ ہوا کے اوپر عمل کرتی ہیں انہیں سائنسی اصطلاح میں کاسمک شعاعیں کہتے ہیں۔ آفتاب پر کبھی کبھی جو دھبے پیدا ہوتے ہیں تو ان کے اثرات سے زمین پر ایک برقی اور مقناطیسی طوفان بپا ہو جاتا ہے۔ یہ شعاعیں ہمارے

جسم کے کروڑوں خلیوں کو نیست و نابود کر دیتی ہیں ۔

کاسمک شعاعیں اس قدر طاقتور ہیں کہ سیسہ کی چند گز موٹی دیوار کو آسانی سے عبور کر جاتی ہیں ۔ بہت سی دھاتیں ان شعاعوں سے پیدا ہوتی ہیں ۔ دنیا کو جس قدر حرارت ملتی ہے اس کا دسواں حصہ انہی شعاعوں کا مرہون منت ہے ۔

قمری شعاعیں :۔

چاند کے متعلق جس کی روشنی ایک خاص قسم کی ہوتی ہے ۔ یہ تحقیق ہوئی ہے کہ اس کا اثر صرف انسانی دماغ پر ہی نہیں جسم پر بھی ہوتا ہے ۔ چاند کی شعاعوں کا وہ مخصوص اثر جو بحر منجمد شمالی پر پڑتا ہے ۔ اب تک فطرت کا ایک راز ہے جسے معلوم کرنے کی کوشش جاری ہے ۔ موسمی پیش گوئیاں جو دنیا بھر کے ریڈیو سٹیشنوں سے کی جاتی ہیں چاند کے اثرات سے اخذ کی جاتی ہیں ۔

ایکس ریز :۔

میڈیکل سائنس کی ایک مشہور ایجاد ہے ۔ ان شعاعوں کا عکس فوٹو کی طرح جسم کے تمام اعضا کو کاغذ پر ظاہر کر دیتا ہے ۔ یہ شعاعیں سخت سے سخت دھات کے اندر سے کئی انچوں تک کے نقائص کو ظاہر کر دیتی ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برجوں میں ستاروں کی چال

درج ذیل جدول برجوں میں سیارگان کی چال کی رفتار کو ظاہر کرتا ہے۔

سورج:۔

۳۰ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے

قمر:۔

۲¼ میں ایک برج طے کرتا ہے۔

مریخ:۔

۴۵ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

عطارد:۔

۲۲ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

مشتری:۔

۱۳ ماہ میں ایک برج طے کرتا ہے۔

زہرہ:۔

۲۷ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

یورنس:۔

جوتش میں اس کو راہو کہتے ہیں۔ یہ ۱۸ ماہ میں ایک برج طے کرتا ہے۔

نپ چون:۔

جوتش میں اس کو کیتو کہتے ہیں۔ یہ سیارہ اٹھارہ ماہ میں ایک برج طے کرتا ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ستاروں کی رنگت

نجومیوں نے ہر ستارے کی اپنی ایک علیحدہ رنگت بتائی ہے ۔ جس کی تشریح درج ذیل ہے۔

(ستارہ)	رنگت
سورج	سرخ رنگت
قمر (چاند)	سفید رنگ
زہرہ	سفید سیاہی مائل رنگ
مریخ	سرخ رنگ
مشتری	پیلا رنگ
عطارد	سبز رنگ
زحل	سیاہ رنگ

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ستاروں میں مذکر مونث

علم نجوم کے ماہرین ستاروں کی تذکیر و تانیث مقرر کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کوئی ستارہ مرد ہے کوئی عورت اور ایک ان میں مخنث ہے یعنی وہ نہ مرد ہے نہ عورت، دونوں کے درمیان کی چیز۔ جس کی تشریح درج ذیل ہے۔

سورج مذکر ہے۔ مرد ہے۔

قمر مونث ہے۔ عورت ہے۔

مریخ مذکر ہے۔ مرد ہے۔

زہرہ مونث ہے۔ عورت ہے۔

مشتری مونث ہے۔

زحل مذکر ہے۔

عطارد مخنث ہے۔ نہ مرد نہ عورت۔ دونوں کے درمیان کی چیز۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سیارگان کی رجعت

سوائے سورج کے باقی سیارے الٹی سیدھی چال چلتے ہیں اس طرح ان کی چالوں میں تبدیلی ہونے سے ان کے اثرات میں فرق پڑ جاتا ہے۔ جب کہ الٹی چال چلنے میں ستارہ کی قوت آدھی رہ جاتی ہے۔ ستاروں کی الٹی چال کو رجعت کہتے ہیں۔ جس کی تشریح درج ذیل ہے۔

مریخ:۔

رجعت میں ہوگا تو کاروبار میں نقصان ہوگا۔

راج دربار سے خوف۔

عزت ونام کے لیے خطرہ۔

کسی بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت۔

بدنامی، غلط مشہوری۔

سفر پر خطر۔

عطارد:۔

سیارہ عطارد رجعت میں ہو تو اس کے یہ نتائج ہوں گے۔

گھریلو جھگڑے

شراکتی کاروبار میں نقصان۔

ملازمت خطرے میں۔

مقدمہ بازی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
یونس جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھڑ

مشتری :۔

بیوی سے ناچاقی۔

زمینداری میں نقصان۔

اولاد کی طرف سے تفکرات واندیشے۔

زہرہ :۔

محبت میں نقصان

دنگا فساد میں گرفتاری۔ مکان واراضی سے مایوسی۔

کوئی حادثہ۔

زحل :۔

کم درجہ لوگوں سے بے عزتی۔

مقدمہ بازی۔

سکونتی مکان واراضی جادو ٹونہ،

جسم کو بیماری۔

روپے پیسے کا ضائع ہونا۔

سیارہ مریخ جس برج میں ہو اس سے ۱۲۰ ڈگری پر اگر سورج ہو تو مریخ رجعت میں ہوتا ہے۔ اور اس رجعت کو ۱۴۷ یوم میں مکمل کرتا ہے۔

عطارد سورج سے ۲۷ ڈگری پیچھے رہتے ہوئے رجعت میں ہو جاتا ہے۔ ۲۳ دن میں مستقیم ہوتا ہے

مشتری مریخ کے مطابق رجعت میں ۴ رہتا اور ۸ ماہ مستقیم ہوتا ہے۔

زہرہ سورج سے ۴۵ ڈگری پیچھے رجعت میں ۱۰۷ یوم میں رجعت سے گذرتا ہے۔

زحل جس برج میں ہو اس سے پانچویں برج آگے سیارہ شمس واقع ہو اور درمیانی فاصلہ ۱۲۰ ڈگری ہو تو رجعت میں سورج سے ۱۲۰ آگے جا کے مستقیم ہوتا ہے جس برج میں رجعت میں ہو اس کو ۵ ماہ تک عبور کرتا ہے۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

سیارگان کا عروج زوال

نام	عروج	زوال
سورج	برج حمل میں	برج میزان میں
قمر	برج ثور میں	برج عقرب میں
مریخ	برج جدی	برج سرطان
عطارد	برج سنبلہ	برج حوت
مشتری	برج سرطان	برج جدی
زہرہ	برج حوت	برج سنبلہ
زحل	برج میزان	برج حمل

ایک برج میں ۲¼ منزلیں ہوتی ہیں۔ سورج ایک برج کی منزل کو ۳۰ دنوں میں طے کرتا ہے۔ اب ایک برج میں ۲¼ منزلیں ہیں۔ تقسیم کرنے سے یہ علم ہوا کہ سورج ان منزلوں میں ایک منزل کو ۱۳ دنوں میں طے کرتا ہے۔ اب ان بارہ منازل میں ۱۰۸ قدم ہیں یعنی سورج ایک قدم کو ۳ دنوں میں طے کرتا ہے۔ ان کو قدموں کی مدد سے ہم انسانی زندگی میں دوسرے ستاروں کے دور اکبر اور دور اصغر کو معلوم کر سکتے ہیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

ستاروں کی نحوست کا اپاؤ

سیارگان جب رجعت میں الٹی چال میں چلتے ہیں تو ان کے اثرات لازمی طور پر نقصان کی طرف جاتے ہیں۔ ماہرین علم نجوم نے ان اثرات کے اپاؤ یعنی صدقہ تلاش کیا ہے۔ ان صدقات پر عمل کر کے سیاروں کے نحس اثرات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

تغیر و تبدل کے تحت انسانی رنگت، مزاج اور طبیعت میں فرق ہے۔ اس طرح مختلف ڈگریوں پر کرۂ ارض میں بسنے والے افراد پر نحوست کا اثر ہوتا ہے۔ سیارگان کی گردش، ان کی نحوست اور ان کے اثرات مختلف مقامات پر مختلف نوعیت میں پیدا ہوتے رہتے ہیں نجومیوں نے اس کے لیے جو اپاؤ تلاش کئے ہیں۔ درج ذیل ہیں۔

سورج:۔

دوست ستارہ : زہرہ

دشمن ستارہ : یورنس

برج حوت

حاکم ستارہ : مشتری

مزاج : آبی

دوست ستارہ : قمر

دشمن ستارہ : عطارد

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برجوں کی اشکال اور احوال

برج حمل

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل تک پیدا ہونے والوں کا برج حمل ہے وہ اپنا احوال پڑھیں۔

تعارف برج حمل

نشان : مینڈھا

عنصر : آگ

حاکم سیارہ : مریخ

خوش بختی کا ہندسہ : ۹ اور وہ تمام ہندسے جن سے ۹ کو تقسیم کیا جا سکتا ہے

موافق رنگ : سرخ۔ گلابی۔ عنابی۔ کرمزی۔ ارغوانی

موافق تاریخیں : ۳ - ۹ - ۱۲ - ۲۱ - ۱۹۔ قمری تاریخیں اس کے لیے بہتر ہوتی ہے

موافق پتھر : یاقوت سرخ۔ مونگا۔ ہیرا۔ دافع نحوست کے لیے یہ پتھر انگوٹھی میں پہننا مناسب ہے۔

موافق دن :- منگل۔ جمعرات۔ آدھا سوموار

نام کے حروف :- جن لوگوں کے نام کے ابتدائی حروف لا۔ ع۔ ل۔ آ ہیں
ان کا برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی رفاقت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسے ثابت ہو سکتی ہے۔ اس کے لیے درج ذیل جدول دیکھیں۔

بہترین :- اسد۔ قوس

بہتر :- ثور۔ جوزا۔ حوت۔ دلو

غیر یقینی :- سرطان۔ میزان۔ جدی

غیر جانبدار :- سنبلہ۔ عقرب

حمل کی بیماریاں

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو درج ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔

۱۔ مختلف بخار

۲۔ اعصابی بیماریاں

۳۔ السر

۴۔ نظام ہضم کی خرابیاں

۵۔ شدید سر درد

۶۔ کان کی بیماریاں

۷۔ دانت درد۔ مسوڑھوں کی خرابی

۸۔ چوٹ اور مختلف قسم کے زخم

....

www.freeamliyatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کاروبار ۔ تجارت :۔

(۱) بینکنگ ۔

(۲) تعلقات عامہ کے تمام شعبے ۔

(۳) تصنیف و تالیف ۔ صحافت خصوصاً شعبہ رپورٹنگ ۔

(۴) تحقیق و ایجادات ۔

(۵) سیلزمین شپ ۔

(۶) مہم جوئی ۔ کوہ پیمائی ۔ فلک پیمائی ۔ خلا پیمائی ۔

(۷) انجینئرنگ ۔

(۸) ڈنٹل سرجری ۔

(۹) سرجری ۔ جراحی ۔

(۱۰) سیاست ۔

(۱۱) فوجی ملازمت ۔

(۱۲) پیشہ ور کھلاڑی

(۱۳) جدید کاروباری شعبے

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات بکس FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

حمل کی نامور شخصیتیں :۔

آغا خان (ہز ہائی نس)، آئزن ہاور (سابقہ صدر امریکہ)، نسٹراکڈمین (ماہر علم نجوم)

ابوالکلام آزاد (مولانا)

حمل لوگوں میں آگے بڑھنے کی لگن ہوتی ہے ۔ اولوالعزم ہوتے ہیں ۔

حمل لوگوں کی قوت ارادی بڑی مضبوط ہوتی ہے ۔

حملی لوگ معمولی بیماریوں کا تو ذکر ہی کیا مہلک امراض کو بھی کوئی اہمیت نہیں دیتے بعض اوقات وہ اپنی مثبت سوچ سے بیماریوں کے حملوں کو پسپا کرنے میں آسانی

سے کامیاب ہو جاتے ہیں۔

حمل لوگوں کا ہر نیا دن امنگوں اور ولولوں کا دن ہوتا ہے۔ وہ روزانہ کوئی نہ کوئی اچھوتا کام ضرور انجام دیتے ہیں۔

حمل عورت اور مرد بڑے جذباتی ہوتے ہیں۔

حمل عورت مرد حسین سے محبت کریں ٹوٹ کر محبت کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کے دیوانے ہوتے ہیں۔

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد در اصل طبعاً مستو ر اور چاق چوبند ہوتے ہیں لہٰذا وہ سست و کاہل لوگوں کو پسند نہیں کرتے۔

حمل لوگ اپنی اولاد کے معاملے میں بڑے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

حمل لوگ دولت کے لالچ میں کام نہیں کرتے۔ وہ اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کبھی پیسے کو اہمیت نہیں دیتے۔ وہ اپنی جائز اجرت سے کبھی زیادہ طلب نہیں کرتے۔

حمل لوگ حسن و نغمگی کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ فنکار ہوتے ہیں اور فنکاروں کے ساتھ زیادہ میل جول رکھتے ہیں۔

حمل لوگ اکثر مضطرب رہتے ہیں۔ وہ بیکار اور خاموش رہنا پسند نہیں کرتے۔ ہر وقت اپنے کام میں مصروف رہتے ہیں۔

حمل لوگ ضرورت کے وقت انتہائی صاف گوئی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

حمل لوگ ہر ماحول میں نپٹ سکتے ہیں۔ ہر ماحول کو اپنا لیتے ہیں۔

حمل لوگ کاروباری منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے لیے نہایت کامیاب رہتے ہیں۔

حمل لوگ سیر و سیاحت کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

حمل لوگ اکثر کھیلوں کے شوقین ہوتے ہیں ان کی رفیقۂ حیات بھی کھیلوں سے دلچسپی لیتی ہے۔

www.freeamlyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamlyatbooks

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والی عورتیں پراسرار حسن کی مالک ہوتی ہیں۔
حمل عورت کی رفاقت میں مرد کو صحیح معنوں میں اندازہ ہو سکتا ہے کہ زندگی آخر کیا ہے وہ زندگی کے بارے میں بہت کچھ جانتی ہے۔ اور متعلقہ مرد کو بہت کچھ سکھا سکتی ہے۔
حمل مرد اور عورت ایک دوسرے کے وفادار اور وفاشعار ہوتے ہیں۔
حمل مرد کے دل میں اگر کسی عورت کی محبت کا شعلہ بھڑک اور وہ اس کو رفیقہ حیات بنانے کا فیصلہ کرے تو اس عورت کو متاثر کرنے کے لیے ہر جتن کرتا ہے۔
حمل عورت ایسا جیون ساتھی چاہتی ہے جو بڑا جذباتی ہو۔

ثور

www.freeamliyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOKS

۲۱ اپریل سے ۲۰ مئی تک پیدا ہونے والوں کا برج ثور ہے۔
دحرف اوّل ، جن کے نام کا حرف اوّل ب یا و ہے۔

تعارف برج ثور:

نشان : بیل
عنصر : مٹی
حاکم سیارہ : زہرہ

خوش خبری سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

خوش بختی کا ہندسہ :۔ ۶ اور وہ تمام ہندسے جنہیں چھ سے تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
موافق رنگ :۔ گلابی ۔ زرد ۔ سیپیا ۔ نیلا
موافق پتھر :۔ زمرد ۔ فیروزہ ۔ مرجان ۔ عقیق ۔ سنگ جراحت
۶ ۔ ۷ ۔ ۱۶ ۔ ۲۶ ۔ ۲۷
جمعہ ۔ ہفتہ (سنیچر) ، آدھا اتوار

برج ثور کے دوست :

بہترین دوست :۔ سنبلہ ۔ جدی
بہتر :۔ جوزا ۔ سرطان ۔ حوت ۔ حمل
غیر یقینی :۔ دلو ۔ اسد ۔ عقرب
غیر جانبدار :۔ میزان ۔ قوس

ثور کے لیے موزوں پیشے

(۱) زمین اور تعمیرات (۲) فنون لطیفہ
(۳) قانون (۴) اعلیٰ انتظامی عہدے
(۵) باغبانی و زراعت (۶) صحافت
(۷) گلوکاری ۔ صداکاری ۔ اداکاری (۸) میڈیسن ۔ ادویات
(۹) بنکاری (۱۰) سیلز مین شپ
(۱۱) پراپرٹی ڈیلری (۱۲) تعلیم و تدریس
(۱۳) تعلقات عامہ (۱۴) مویشیوں کی افزائش

ثور کی بیماریاں

(۱) درد گردہ (۲) جگر کی خرابی
(۳) سنگرہنی (۴) اسہال

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
عرض جیوے سرفراز شاہ وٹو مانچسٹر

(۵) عارضۂ قلب

برج ثور کی نامور شخصیتیں

(۱) کارل مارکس　(۲) ہوچی منہ
(۳) گولڈا میئر　(۴) میکاؤلی نیکولائی
(۵) گیبری کوپر　(۶) ملکہ الزبتھ ثانی
(۷) سگمنڈ فرائڈ　(۸) ہٹلر
(۹) جیمز میسن　(۱۰) انتھونی کومن
(۱۱) سقراط　(۱۲) ولیم شیکسپیئر
(۱۳) مانک ایلس　(۱۴) ہیری ایس ٹرومین

یاد رہے کہ اپنے برج کی شناخت نام کے پہلے حرف کے علاوہ تاریخ پیدائش سے بھی کی جاتی ہے۔ ایسا ہو سکتا ہے کہ تاریخ پیدائش اور نام کے پہلے حرف میں تضاد ہو۔ ایسی صورت میں تاریخ پیدائش کے برج اور نام کے پہلے حرف سے اپنا احوال دیکھیں جیسے کہ نیچے دیا گیا ہے۔ یہاں نام کا پہلا حرف کا برج اور تاریخ پیدائش کا برج آپس میں مطابقت نہیں رکھتے۔

ثور مرد :۔

برج ثور کے تحت پیدا ہونے والے مرد عموماً عمل پسند اور سمجھ دار ہوتے ہیں۔

ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھاتے ہیں۔ محتاط طرز عمل کے حامل ہوتے ہیں۔

ثور مرد بیل کی طرح مضبوط اور گٹھے ہوئے ہوتے ہیں۔

ثور مرد امن و آشتی اور حسن و محبت کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

ثور مرد رفیقہ حیات کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ اور اسے حاصل کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتے۔

ثور مرد اپنی بیوی کو قیمتی ملبوسات میں دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ثوری مرد موسیقی کا شوقین ہوتا ہے۔

ثوری مرد رومان پرست ہوتا ہے۔ رومانٹک ہوتا ہے اپنی بیوی یا محبوبہ کو اس کی سالگرہ پر تحفے پیش کرتا ہے چاندنی راتوں میں اس کے ساتھ باغوں اور پارکوں میں گھومتا ہے۔

ثوری مرد فلرٹ نہیں ہوتا۔ وہ کسی لڑکی کو جھانسا دے کر بیوقوف نہیں بناتا۔ دل پھینک نہیں ہوتا۔

ثوری مرد کو اگر اپنی بیوی یا محبوبہ پر شک ہو جائے تو اس کو فوراً چھوڑ دیتا ہے۔

ثوری لوگ کبھی نکتہ چینی پسند نہیں کرتے۔ اور نہ نکتہ چینی کو برداشت کرتے ہیں۔

ثوری مرد وقتاً فوقتاً اپنی بیوی یا محبوبہ کو شاپنگ کے لیے لے جاتا ہے۔

ثوری عورت :۔

برج ثور کے تحت پیدا ہونے والی عورتوں کے کردار اور شخصیت کا تجزیہ کرتے ہوئے منجم یہ کہتے ہیں۔

ثور عورت خوبصورت اور قد آور ہوتی ہے۔

ثور عورت میں ایسی ایسی خوبیاں ہوتی ہیں کہ ہر مرد اس کی تلاش کرتا ہے۔

ثور عورت بڑی حوصلہ مند ہوتی ہے۔ زندگی کا کوئی دکھ کوئی پریشانی اس کو پریشان نہیں کر سکتی

ثور عورت بڑی جذباتی ہوتی۔ جسے چاہتی ہے اسے دل سے پیار کرتی ہے دوست کے دکھ سکھ کی ساجھی ہوتی ہے۔

ثور عورت میں ایسی خوبیاں ہوتی ہیں کہ ہر مرد اس کی تلاس کرتا ہے۔

ثور عورت جہاں تک جذبہ رقابت کا تعلق ہے اس میں یہ جذبہ حملی اور اسدی عورت سے کم ہوتا ہے۔

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ثور عورت اپنے رفیقِ حیات سے تکرار نہیں کرتی۔ لیکن ہرگز یہ نہیں چاہتی کہ اس کا خاوند یا محبوب دوسری، عورتوں کو چاہے۔

ثوری عورت ذہین ضرور ہوتی ہے لیکن منطق اور فلسفہ کے اہم اموز اور پیچیدہ علمی معلومات سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔

ثوری عورتیں عمل پسند ہوتی ہیں۔ غور و فکر سے زیادہ عمل پر توجہ دیتی ہے۔

ثور عورت مضطرب و بے چین نہیں ہوتی۔ اس کا ذہن ہر حالت میں پرسکون رہتا ہے

ثوری عورت صاف اور کھری باتیں کرتی ہے۔ باتوں میں ہیرا پھیری نہیں کرتی۔

ثوری عورت موسیقی، رقص، شوخ رنگوں، تصویروں، خوشبوؤں اور نفیس کپڑوں اور زیوروں کو بڑا پسند کرتی ہے۔

ثوری عورت کو بدبو سے بڑی بے چینی ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ مچھلی تلنے کی بو بھی اسے گوارا نہیں ہوتی۔

ثوری عورت بڑی مہربان ماں ہوتی ہے۔ اپنی ماں سے بڑی محبت کرتی ہے۔ خاص کر بیٹی پر تو جان دیتی ہے۔

ثوری عورت بڑی سلیقہ شعار اور امور خانہ داری سے پوری طرح آگاہ ہوتی ہے۔

ثوری عورت شادی ہونے سے پہلے جنسی طور پر بڑی گرم مزاج ہوتی ہے لیکن جب اولاد ہو جاتی ہے تو اس کے جنسی جذبات مناسب حد تک ٹھنڈے ہو جاتے ہیں

ثوری لوگ عقل مند، ہوشیار اور حاضر جواب ہوتے ہیں۔

ثوری لوگ سلیقہ مند طرزِ رہائش کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

ثوری لوگ زراعت و تجارت میں کافی فائدہ اٹھاتے ہیں۔

ثوری لوگ زندگی میں ایک سے زیادہ شادیاں کرتے ہیں۔

ثوری لوگ اپنی ذہانت و فطانت کی وجہ سے زندگی میں بڑی ترقی کرتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ثوری لوگ با عمل ہوتے ہیں۔ باتوں سے زیادہ عمل پر یقین رکھتے ہیں۔
ثوری لوگ اگر سیاست میں حصہ لیتے ہیں تو کسی نہ کسی دن ممتاز سیاست دان بن جاتے ہیں۔ عوام ان کو چاہنے لگتے ہیں۔

برج جوزا

۲۱ مئی تا ۲۲ جون میں پیدا ہونے والے برج جوزا کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

برج جوازا

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

جن کے نام کا حرف اوّل ح۔ ھ۔ ق۔ ک یا و ہے ان کا برج جوزا ہے۔

تعارف برج جوزا:۔

نشان	:۔ جڑواں بچے
عنصر	:۔ ہوا
حکم سیارہ	:۔ عطارد
خوش قسمتی ہندسہ	:۔ ۵ اور تمام وہ ہندسے جو پانچ سے تقسیم کئے جاسکتے ہیں
موافق رنگ	:۔ اورنج، بنفشی، لاجوردی نیلا یا ملیح
موافق پتھر	:۔ پکھراج، ہیرا، یاقوت، موتی، اوپل۔ اگر یہ پتھر چاندی

کی انگوٹھی میں پہنے جائیں تو بڑے موثر ہوتے ہیں ۔

مہینے کی موافق تاریخیں : ۴ - ۱۴ - ۱۲ - ۲۴

موافق و مبارک دن : سوموار - بدھ وار

جوزا کے دوست :

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی رفاقت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ہو سکتی ہے ۔

بہترین : میزان - دلو

بہتر : سرطان - اسد - حمل - ثور

غیر یقینی : سنبلہ - قوس - حوت

غیر جانب دار : عقرب - جدی

جوزا کی بیماریاں :

(۱) بے خوابی (انسومینیا) (۲) شانوں اور بازوؤں کا درد

(۳) کولہوں کا درد (۴) اعصابی کھچاؤ

(۵) ہاتھوں اور انگلیوں کا درد (۶) پھیپھڑوں کی بیماریاں

(۷) جوڑوں کا درد (۸) جذباتی دباؤ

برج جوزا کے لیے موزوں پیشے :

(۱) اسٹاک بروکر (۲) سیاحت

(۳) صحافت (۴) ایڈورٹائزنگ ایجنسی

(۵) مجسمہ سازی (۶) ہوا بازی

(۷) تعلیم تدریس (۸) ایجادات

(۹) براڈکاسٹنگ (۱۰) انجینیرنگ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

(۱۱) ہینڈی کرافٹ
(۱۲) دستکاری
(۱۳) سیلز مین شپ
(۱۴) تعلیمات عامہ

جوزا کی مشہور شخصیات :۔

(۱) فرانسس بیکن
(۲) ہالی وڈ کا مشہور اداکار جون بیری مور
(۳) شیلے برمن۔ جارج بزنس
(۴) لوئیس کیرول
(۵) کیتھرین کورنل
(۶) چارلس ڈارون
(۷) تھامس ایڈیسن
(۸) مابا فرو
(۹) چارلس ڈکنز
(۱۰) کلارک گیبل
(۱۱) گلیلیو
(۱۲) جیک بین

جوزی لوگ ہر فن مولا ہوتے ہیں۔
جوزی لوگ کھلاڑی ہوتے ہیں۔ کوئی نہ کوئی کھیل پسند کرتے ہیں۔
جوزی لوگ صبح دیر تک سونے کے عادی ہوتے ہیں کیونکہ وہ رات دیر تک جاگتے رہتے ہیں۔
جوزی افسر یا مالک کا موڈ ہمیشہ یکساں نہیں ہوتا۔ وہ کبھی بڑا مہربان اور کبھی بڑا ناراض دکھائی دیتا ہے۔
جوزی لوگ متلون مزاج ہوتے ہیں۔ ان کے مزاج میں ٹھہراؤ نہیں ہوتا جب کہ وہ اپنا موڈ نہیں پہچانتے۔
جوزا مرد ہمیشہ خوب سے خوب تر۔ تازہ بتازہ۔ نو بہ نو کی تلاش میں رہتا ہے۔ جوزا لوگوں کا سفر چونکہ ہوا ہے جس ہوا کو کسی ایک جگہ پابند کرنا ممکن نہیں ان کو بھی پابند نہیں کیا جا سکتا۔
جوزا لوگ ذہین ہوتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوشنویسی عمر فراز شاہ ووچ مانچسٹر

جوزا شخص کو دیکھ کر اکثر یہ گماں ہوتا ہے کہ ہم کسی دہری چیز کو دیکھ رہے ہیں۔ اس ہمہ داں مخلوق کو سمجھنے کے لیے دماغ پر زور دینا پڑتا ہے۔

یاد رکھیں کہ جوزا جڑواں بچوں کا نشان ہے اور بدلتی شخصیت کے دو نمایاں پہلو ہیں ادھر آپ انہیں دیکھ رہے ہیں اُدھر وہ آنکھوں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔ ان کے متحرک خدوخال کے چھلکنے والے تاثرات حیرت میں مبتلا رکھتے ہیں۔ محبت، نفرت، خوشی، ذہانت، آئیڈیل ازم، جوزا کے جذبات و تاثرات پارہ صفت ہوتے ہیں۔

جوزا لوگ رمز شناس ہوتے ہیں۔ وہ اپنی ذہانت اور ترقیاتی سکیموں سے کاروبار کو تیزی سے فروغ دیتے ہیں۔

جوزا لوگ نت نئے تجربے کرتے ہیں۔ ہمیشہ خوش امید رہتے ہیں اور ہمیشہ مثبت نتائج کی توقع رکھتے ہیں۔

جوزا مالک یا افسر اپنے ملازم اور ماتحتوں سے نفرت کرتا ہے۔

جوزا برج کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی سوچ حقیقت پسندانہ ہوتی ہے۔ جذباتی نہیں ہوتی۔

جوزا لوگ طنز مزاج پسند کرتے ہیں۔

جوزی لوگ اچھے سیلزمین اور سیاح ہوتے ہیں۔

جوزی لوگ سنبلہ، حمل، اسد اور عقرب لوگوں کے ساتھ مل کر حالات میں اہم خدمات انجام دیتے ہیں۔

جوزی لوگ بحرانوں پر قابو پا سکتے ہیں۔

جوزی لوگ، کام دل لگا کر کرتے ہیں۔ کفایت شعار ہوتے ہیں۔ بچت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

جوزی لوگ فلرٹ ہوتے ہیں۔ چنانچہ مہینے میں ایک دو مختلف لڑکیوں سے رومانس ان کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ رومان پسند ہوتے ہیں۔

جوزی لوگ خوش طبع ہوتے ہیں۔ ہنس مکھ ہوتے ہیں۔ ہنستے ہنستاتے رہتے ہیں جوزا لوگ ہمیشہ اپنی عمر سے چھوٹے دکھائی دیتے ہیں۔

جوزی مرد اور عورتیں پرکشش ہوتے ہیں نئے نئے دوست بنا کر خوش رہتے ہیں۔ اور وقت کے ساتھ ساتھ پرانے دوستوں سے ان کی دلچسپی کم ہوتی جاتی ہے۔

جوزی لوگ ہر ماحول میں گھل مل جاتے ہیں۔ لوگ ان کی شخصیت سے متاثر ہوتے ہیں۔

جوزا بزنس پارٹنر سے کاروباری رفاقت کامیاب ثابت ہو سکتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جوزا بزنس پارٹنر کو سوچ اور کام کی آزادی مہیا کی جائے۔ اور اس پر بے جا پابندیاں عائد کرنے سے گریز کیا جائے۔

جوزا لوگوں کے ذہن میں چونکہ نت نئے خیالات ابھرتے رہتے ہیں۔ لہٰذا بعض اوقات اپنے ہی وضع کردہ اصولوں اور اپنے ہی فیصلوں سے اکتا جاتے ہیں ان پر زیادہ دیر کاربند نہیں رہتے۔

جوزی عورتیں اکثر فلرٹ ہوتی ہیں۔ ہرجائی ہوتی ہیں۔ حسن پسند ہوتی ہیں۔ لیکن جب جوزا عورت کو کسی مرد سے محبت ہو جائے اس پر اپنا سب کچھ قربان کر دیتی ہیں۔

جوزی عورت اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر زیادہ توجہ نہیں دیتی۔ اسے ہر وقت اپنے بناؤ سنگار کا شوق ہوتا ہے۔

جوزی بزنس پارٹنر کاروباری رفاقت میں اچھی ساتھی ثابت ہوتی ہے۔

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے لوگ بظاہر تو دوست سے بے نیازی کا

اظہار کرتے ہیں لیکن حقیقتاً دل سے دولت قدردان ہوتے ہیں۔ وہ کوئی ایسا کام نہیں کرتے جس سے ان کو کوئی مالی فائدہ حاصل ہونے کی امید نہ ہو۔

جوزا لوگ ہر کام کو نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتے ہیں۔

جوزا لوگ ہمیشہ کینہ پرور ہوتے ہیں۔

جوزا لوگ حقیقت پسند ہوتے ہیں اور حقائق کے خلاف کسی بات سے متاثر نہیں ہوتے۔ وہ تحریر و تقریر اور آزادی رائے کا دل سے احترام کرتا ہوں۔

آپ کو جوزی افراد ریڈیو سٹیشن، تعلقات عامہ اشاعتی ادارں ٹیلی فون سروس، آٹو شوروم یا اشتہاری ایجنسی میں کام کرتے نظر آئیں گے۔ بگے بندھے نظام میں جوزا لوگ خود کو پر کٹے پرندے کی مانند قفس میں قید پاتے ہیں۔ یہ لوگ یکسانیت سے متنفر ہوتے ہیں۔

جوزا لوگ عام طور پر وقت کے پابند نہیں ہوتے۔ خط و کتابت سے نفرت کرتے ہیں۔ اگر کسی جوزا نے کوئی خط لکھنا ہو تو اس کو ہفتوں ٹالتا رہے گا۔

جوزی ادیبوں کی ایک حیرت انگیز تعداد موجود ہے۔ جو اپنے لیے فرضی نام استعمال کرتے رہتے ہیں۔ ذرا سی دیر میں بیسیوں کام کرنے کی صلاحیت کا راز جوزا کی شخصیت کے دہرے پن میں ہے۔ یہ بیک وقت دو کام بڑی آسانی سے کر لیتے ہیں۔

جوزی عورت ایک وقت میں استری کر سکتی ہے۔ بچے کو دودھ پلا سکتی ہے۔ فون پر بات کر سکتی ہے۔ کچھ ستارہ شناس تو یہاں تک کہتے ہیں کہ جوزا لوگ ہاتھ میں ٹیلی فون لے کر پیدا ہوتے ہیں۔

جوزی کی ہمہ دانی اور تقریر کی روانی اسے ایک بہترین سیاست دان بنا سکتی ہے وہ خوب جانتا ہے کہ آپ کی ضد اور اصول پسندی کا خاتمہ کس طرح کیا جا سکتا ہے ذہنی صلاحیت سے آپ کو زیر کر سکتا ہے۔

ہر جوزی فرد کی سماعت بہت تیز ہوتی ہے ۔

جوزی لوگ بحث و تکرار میں بہت تیز ہوتے ہیں ۔ دوسرے کو بات بھی نہیں کرنے دیتے ۔ ہالی وڈ کے مشہور اداکار باب ہوپ سے آج تک بحث میں کوئی نہیں جیت سکا ۔

جوزی مرد اور جوزی عورت میں مہر و محبت اور عنایت و شفقت رہتی ہے ۔ ایک دوسرے پر مہربان رہتے ہیں ۔ یہ اس پر فدا ، وہ اس پر قربان ۔ اولاد ان کی بہت ہوتی ہے ۔ اور فرمانبردار ہوتی ہے ۔ یہ جوڑا تمام عمر عیش و عشرت سے گذارتا ہے ۔

برج سرطان

www.freeamliyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

۲۳ جون سے ۲۲ جولائی تک پیدا ہونے والوں کا برج سرطان ہے ۔

برج سرطان کا تعارف :۔

نام کے ابتدائی حروف	:۔	ح ۔ ہ ۔ ہو ۔ ڈ
نشان	:۔	کیکڑا
عنصر	:۔	پانی
حاکم سیارہ	:۔	قمر

موافق نمبر :- ۲ - ۱۲ - ۲۲

موافق تاریخیں :-

موافق دن :- سوموار - جمعرات

موافق رنگ :- سبز - زرد - نارنجی

موافق پتھر :- زمرد - موتی - پکھراج - عقیق - الماس پنا

برج سرطان کی بیماریاں :

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والوں کو جو بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں درج ذیل ہیں

(۱) معدہ کی بیماریاں

(۲) نظام ہضم کی شکایت

(۳) سانس کی بیماریاں

(۴) گیس کی بیماریاں (تبخیر معدہ)

(۵) گردوں کی بیماریاں

(۶) مثانہ کی بیماریاں

(۷) جلد کی بیماریاں

(۸) گھٹنوں کی بیماریاں

سرطان کے دوست :

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی رفاقت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ثابت ہو سکتی ہے ۔

بہترین :- عقرب - حوت

بہتر :- اسد - سنبلہ - ثور - جوزا

غیر یقینی :- حمل - میزان - جدی

www.freeamliyatbookspdf.com
عملیات بکس فری
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوشخطی سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

غیر جانبدار :۔ قوس۔ دلو

سرطان کے لیے موزوں پیشے :

(۱) امور خارجہ

(۲) بین الاقوامی تجارت

(۳) سیاست

(۴) اداکاری۔ گلوکاری

(۵) سماجی بہبود کے شعبے

(۶) ادویہ سازی۔ مطب

(۷) ہر قسم کا کاروبار

(۸) تعلیم و تدریس

(۹) آرٹ۔ مصوری۔

(۱۰) شاعری

(۱۱) تصنیف و تالیف

(۱۲) گھر اور گھریلو ضروریات سے متعلق شعبے

(۱۳) آثار قدیمہ

(۱۴) ڈیکوریشن۔ آرائش خانہ

(۱۵) نوادرات جمع کرنا۔

سرطان کی مشہور شخصیات :

(۱) انگمر برگماں

(۲) جولیس سیزر

(۳) جیمس کیگنی

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

(۴) ارنسٹ ہمینگوے

۵ چارلس لافٹن

(۶) جینا لولو برجیڈا

(۷) جوہن ڈی راک فیلر

(۸) رنگو استار

(۹) جوہن واتامیکر

(۱۰) ڈیوک آف ونڈسر

(۱۱) انڈریو وائتھ

سرطان لوگ ماضی کی یادوں میں گم رہتے ہیں۔

سرطان لوگ پرانے طرز کا سامان آرائش اور دفتر یا گھر کی پرانی طرز کی آرائش پسند نہیں کرتے۔

سرطان لوگ کفایت شعار ہوتے ہیں۔ محتاط طرز عمل کے قائل۔

سرطان لوگ اپنی مخصوص طبع کے باوصف حیرت انگیز طور پر اولوالعزم ہوتے ہیں۔ وہ ستائش پسند کرتے ہیں۔

سرطان بزنس پارٹنر کی ایک عادت جس پر خاص توجہ دینی چاہئے یہ ہے کہ وہ اپنے کاروباری معاملات سے بہت جلد مطمئن ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ قناعت پسند ہوتا ہے۔

سرطانی لوگ ظاہری نمائش سے متاثر نہیں ہوتے وہ نمایاں ہونے کی بجائے پس منظر میں رہنا پسند کرتے ہیں۔

سرطانی لوگ پرانے رسم ورواج اور طور طریقے پسند کرتے ہیں۔

سرطانی لوگ ناکامیوں سے نہیں گھبراتے۔ اور خاموشی سے اپنے مقصد کے

حصول کے لیے سرگرم عمل رہتے ہیں۔

سرطانی لوگ اپنے مخالف سے نپٹنا خوب جانتے ہیں۔ وہ اپنے مقصد کے حصول کی راہ میں مانع رکاوٹوں سے کبھی مایوس نہیں ہوتے۔

سرطانی لوگ بڑے اچھے میزبان ہوتے ہیں۔ خصوصاً اپنے دوستوں کی تو خوب ہی خاطر و مدارات کرتے ہیں۔

سرطانی بچے اوائل عمر میں ذہین اور محنتی نہیں ہوتے لیکن بلوغت کی عمر میں پہنچ کر ذہین بھی ہو جاتے ہیں اور جفاکش بھی۔

سرطانی بچے چونکہ طبعاً نہایت حساس ہوتے ہیں لہذا معمولی نکتہ چینی پر بھی فوراً بددل ہو جاتے ہیں۔ پریشانی سے ان کا نظام ہضم فوراً متاثر ہوتا ہے۔

سرطانی بچے پیار و محبت کے بھوکے ہوتے ہیں۔ جو بات ان کو سختی سے سمجھائی جائے خواہ وہ کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو وہ کبھی سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے۔

سرطانی بچے لذیذ کھانے۔ لذیذ مشروبات اور رنگ برنگی تصاویر پسند نہیں کرتے ہیں

سرطانی لوگ خوش مزاج ہوتے ہیں۔

سرطانی لوگ دفتر میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ فرض شناسی اور بردباری پر زور دیتے ہیں۔

تمام سرطانی افسر اور مالک یہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ کہ اپنے ماتحتوں کے ذہن میں جھانک سکیں۔ وہ اپنے ماتحت کی ہر بات اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

سرطانی لوگ متحمل مزاج ہوتے ہیں۔ ذہنی طور پر چوکس ہوتے ہیں۔

سرطانی لوگوں کا دل سنہرے خوابوں میں محو رہتا ہے۔ مجموعی طور پر وہ بڑے اچھے مالک یا افسر ثابت ہوتے ہیں۔

سرطانی لوگ فرض شناس ملازم اور ماتحت ثابت ہوتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوشنویس سرفراز شاہ وچ ماچھتر

سرطانی لوگ فرائض منصبی کو بوجھ تصور نہیں کرتے ۔ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں تساہل سے کام نہیں لیتے ۔ وہ کام چور نہیں ہوتے ۔

سرطانی لوگ اپنی بہتر کارکردگی کے باعث معاوضہ میں وقتاً فوقتاً اضافہ کی توقع رکھتے ہیں ۔ ان کی آمدنی ان کی ضروریات کے مطابق ہونی چاہیئے ۔

سرطانی لوگ مستقبل کے انجانے اندیشوں سے نجات پانے کے لیے مادی تحفظات چاہتے ہیں ۔ چنانچہ وہ مادی انتظامات کے حصول کے لیے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتے ۔

سرطانی لوگ زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کے لیے دن رات محنت کرتے ہیں ۔

ان کی شخصیت کو ایک دو ملاقاتوں میں پہچاننا آسان نہیں ۔

سرطانی لوگ اجنبی لوگوں پر بھروسا نہیں کرتے ۔

سرطانی عورتیں طبعاً شرمیلی ہوتی ہیں ۔ لہٰذا وہ فوراً بے تکلف نہیں ہوتیں ۔

سرطانی لوگ بڑے خوش لباس ، خوش گفتار اور کفایت شعار ہوتے ہیں ۔ ان جمالیاتی ذوق بڑا اچھا ہوتا ہے ۔

سرطانی عورت اپنی موڈ کی تابع ہوتی ہے ۔

سرطانی عورت وفاشعار رہتی ہے ۔ شوہر پرست ہوتی ہے شوہر کی آمدنی میں اضافہ اور آمدنی کی بچت کی کوششوں میں مقدور بھر تعاون کرتی ہے ۔

سرطانی عورتیں جب کسی سے محبت کرتی ہیں تو دل سے کرتی ہیں ۔

سرطانی عورتیں نسائیت سے بھرپور رہتی ہیں ۔

سرطانی عورت نکتہ چینی کو پسند نہیں کرتی ۔ اور نہ کسی معاملے میں پہل کرنے کی کوشش کرتی ہے ۔

سرطانی عورتوں کی گھر میں سب سے پسندیدہ جگہ باورچی خانہ ہے وہ بڑے لذیذ کھانے پکانا جانتی ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

- سرطانی عورتیں جس سے پیار کریں اس پر مرمٹنے والی ہوتی ہیں۔

سرطانی عورتیں اپنا راز کبھی فاش نہیں کرتیں تاہم انجانے اندیشوں میں مبتلا رہتی ہیں

سرطانی مردوں اور عورتوں کا موڈ چاند کے اتار چڑھاؤ کے تابع ہوتا ہے اور ہر مہینہ میں چار مرتبہ ان کے موڈ میں تبدیلی ہوتی ہے۔

سرطانی عورت اپنے حسن کی تعریف سے بڑی خوش ہوتی ہے۔

اپنے حسن کی تعریف سننا سرطانی عورت کی سب سے بڑی کمزوری ہے۔

سرطانی لوگ موڈی ہوتے ہیں ان کا موڈ ہر روز بدلتا رہتا ہے۔

- سرطانی لوگ دوستوں کے دوست ہوتے ہیں۔ برے وقت میں اپنے دوست کی مدد کرتے ہیں۔ ہر طرح سے اس کی مدد کرتے ہیں۔ وہ ہمیشہ دوستوں کی بھلائی کو مدنظر رکھتے ہیں۔ اپنے دوست کے خلاف انہوں نے کبھی برا نہیں سوچا۔ وہ کسی سے اپنے دوست کی برائی سننا بھی گوارا نہیں کرتے۔

اسد

۲۳ جولائی سے ۲۲ اگست تک پیدا ہونے والوں کا برج اسد ہے۔

تعارف برج اسد:۔

نام کے پہلے حروف : م۔ می۔ مو۔ ے۔ ٹا۔ ٹی۔ ٹو۔ ٹ۔ ٹائی۔ وغیرہ

نشان :۔ شیر

حاکم سیارہ :۔ شمس

عنصر :۔ آگ

خوش قسمتی کا ہندسہ :۔ ۱ - ۱۱ - ۴

مہینے کی مبارک تاریخیں :۔ ۸ - ۱۱ - ۲۱ - ۲۸

مبارک دن :۔ اتوار - جمعرات

موافق پتھر :۔ ہیرا - لعل - پکھراج - پنا - یاقوت

برج اسد کی بیماریاں :۔

برج اسد کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو جو بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱) امراض قلب (۲) گنٹھیا

(۳) حلق کی بیماریاں (۴) مثانہ کی بیماریاں

(۵) مرگی (۶) ریڑھ کی ہڈی کے امراض

(۷) ٹخنوں کی کمزوری

برج اسد کے لیے موزوں پیشے :۔

(۱) فنون لطیفہ (۲) تعلقات عامہ

(۳) دوا سازی - طب و حکمت (۴) صنعت و حرفت

(۵) سیاست (۶) تعلیم و تدریس

(۷) فلمسازی (۸) نفسیات

(۹) ہر قسم کے اعلیٰ انتظامی عہدے (۱۰) تصنیف و تالیف

(۱۱) سماجی بہبود کے ادارے (۱۲) اشتہارات پبلسٹی

(۱۳) صحافت (۱۴) سیاحت

www.freeamliyatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

(۱۵) دستکاری

برج اسد کی مشہور شخصیات:

(۱) نپولین بونا پارٹ

(۲) صلیبی جنگوں میں عیسائی ہیرو شہنشاہ انگلستان رچرڈ دی لائن ہارٹڈ

(۳) گالزوردی

(۶) الفریڈ ہچکاک

(۷) جیکولین کینڈی

(۸) موسلینی

(۹) ہر ہٹلر

(۱۰) پرنسس مارگریٹ روز

(۱۱) ڈورتھی پارکر

(۱۲) سر والٹر اسکاٹ

(۱۳) جارج برنارڈ شا

(۱۴) ایتھل بیری مور

(۱۵) آرمنر اسٹرونگ

(۱۶) رابرٹ ٹیلر

(۱۷) ماتا ہری نامور جرمن جاسوسہ

(۱۸) کھرب پتی یونانی سرمایہ کار الیگزنڈر اوناسس

(۱۹) کھرب پتی امریکن سرمایہ کار ہنری فورڈ

(۲۰) ولیم گولڈمین

برج اسد کے تحت پیدا ہونے والے لوگ بڑے صاف گو ہوتے ہیں۔ بعض اوقات جوش سے مغلوب ہو کر یا مشتعل ہو کر جلنے لگتے ہیں جو کچھ زبان پر آتا ہے بے جھجک سنا دیتے ہیں۔

برج اسد کے لوگ ہر کاروبار کو پسند کرتے ہیں اور کوشش کر کے اس میں دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتے ہیں۔

برج اسد کے لوگ غیر ضروری بات چیت یا خط و کتابت۔

اسد لوگ دو ٹوک کھری بات کرتے ہیں۔

اسد لوگ ضدی ہوتے ہیں۔ جو دل میں فیصلہ کر لیتے ہیں اس پر قائم رہتے ہیں۔ ان میں سے بعض تو دلیل سے بھی قائل نہیں ہوتے۔ اپنی غلطی تسلیم کرنے

میں پس وپیش سے کام لیتے ہیں۔
ذہنی طور پر غیر ترقی یافتہ اسد لوگ منہ پھٹ، لاپرواہ اور تن آسان ہوتے ہیں۔
اسد مرد اور عورت دونوں فراخدل ثابت قدم اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔
اسد لوگوں میں کوئی بھی کام کرنے کی بڑی توانائی ہوتی ہے۔
برج اسد کے لوگوں میں معاملات طے کرنے کی صلاحیت دوسرے لوگوں سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔
اسد لوگ کوئی بھی ایسا کام کرنا پسند نہیں کرتے جو ان کے مزاج کے خلاف ہو۔ جسے وہ دل سے قبول نہ کریں۔
اسد لوگ گھٹیا چیزوں کو بالکل پسند نہیں کرتے۔
اسدی لوگوں کے کاروبار کے بارے میں خیالات بڑے اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں۔
اسدی لوگ قابل اعتماد ہوتے ہیں۔
اسدی لوگ اوچھے حربے استعمال نہیں کرتے۔
اسدی لوگ جو کچھ کرتے ہیں فرض شناسی کے جذبے سے سرشار ہو کر کرتے ہیں۔ وہ دیانت داری سے کوشش کرتے ہیں کہ ان کی ذات اور وسائل سے کاروبار دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے۔
اسدی لوگوں کو جس بات پر یقین ہوتا ہے وہ اس پر عمل ضرور کرتے ہیں۔ چاہے دوسرا کوئی ان کی کتنی ہی مخالفت کرے۔

....

خوش جیونے سنتر فراز شاہ وچ مانچسٹر
www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

سنبلہ :

۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر پیدا ہونے والوں کا برج سنبلہ ہے۔ اطالوی ستارہ شناس منجمہ اور دست شناس مادام موزنیا مورانی اس برج کو بڑا پراسرار بتاتی ہے۔ اس کے بارے میں بڑی عجیب وغریب باتیں بتاتی ہے جو دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔ اس برج کے بارے میں ان کا مطالعہ آگے چل کر پیش کیا جائے گا۔ تو لیجئے پہلے آپ برج سنبلہ سے متعارف ہوں۔

برج سنبلہ کا تعارف :-

نام کے پہلے حروف :- پ۔ ٹھ۔ شا وغیرہ

نشان :- دوشیزہ

عنصر :- مٹی

مزاج :- راسخ

حاکم سیارہ :- عطارد

خوش بختی کا ہندسہ :- ۵

مہینے کی مبارک تاریخیں :- ۴۔ ۶۔ ۱۴۔ ۲۱۔ ۲۶

مبارک دن :- بدھ۔ اتوار

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

موافق رنگ :۔ بنفشی، دھانی، سبز۔ آسمانی
موافق پتھر :۔ فیروزہ۔ ہیرا۔ یاقوت۔ پنا

برج سنبلہ کی بیماریاں :۔

(۱) نظام ہضم کی خرابیاں (۲) دردسر۔ درد شقیقہ
(۳) اعصابی کمزوری (۴) پھیپھڑوں کی بیماریاں
(۵) ہیضہ (۶) السر
(۷) جوڑوں کا درد (۸) کمر کا درد
(۹) اپنڈے سائٹس ڈبڑی آنت کا بڑھ جانا (۱۰) گنٹھیا
(۱۱) بازوؤں اور شانوں کا درد

برج سنبلہ کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کے بہترین، بہتر، غیریقینی اور غیرجانبدار دوست کونسے ہیں ملاحظہ کریں۔

بہترین :۔ جدی۔ ثور
بہتر :۔ میزان۔ عقرب۔ اسد۔ سرطان
غیریقینی :۔ قوس۔ حوت۔ جوزا
غیرجانبدار :۔ دلو۔ حمل

سنبلہ کے لیے موزوں پیشے

(۱) تجارت، سوداگری (۲) شماریات
(۳) طب وحکمت خصوصاً ہومیوپیتھی (۴) انتظامی شعبے
(۵) اکاؤنٹنگ (۶) سائنس
(۷) تبلیغ (۸) تحقیق
(۹) شکاری (۱۰) نرسنگ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

(۱۱) ادب وصحافت (۱۲) بک کیپنگ

سنبلہ کی مشہور شخصیات

(۱) ہالی وڈ کی عظیم اداکارہ گریٹا گاربو (۲) گوئٹے
(۳) ملکہ الزبتھ اول (۴) ہنری فورڈ ثانی
(۵) لنڈن جانسن (۶) ایلیا کازین
(۷) ڈی ایچ لارنس (۸) صوفیہ لورین
(۹) رائے نکنز (۱۰) آرتھر گوڈفری
(۱۱) جوزف کینیڈی (۱۲) کارڈینل ریشیلیو
(۱۳) جوہن گنتھر (۱۴) پرنس البرٹ
(۱۵) مارس کیویلیئر (۱۶) لارین باکل

خوش لباس ، سلیقہ مند اور نظم وضبط کا پابند کوئی مرد نظر آجائے تو سمجھ لیجئے وہ برج سنبلہ کے تحت پیدا ہوا ہے ۔

سنبلی لوگ شور شرابہ پسند نہیں کرتے ۔

سنبلی لوگ سخت محنت کے عادی ہوتے ہیں ۔ جفاکش ہوتے ہیں ۔

سنبلی شخص کسی موقعے سے فائدہ اٹھانے کے لیے ایک کے بجائے دو دفعہ جدوجہد کر سکتا ہے ۔

سنبلہ لوگ دوسروں کو بہلاتے اور پھسلاتے کے فن میں ماہر ہوتے ہیں ۔

دل لگی کی صورت میں سنبلی فرد اپنی سرد مہری سے دلوں کو توڑ کر علیحدہ ہو سکتا ہے

سنبلہ مرد محبت کرتے اور اسے پانے میں بڑا وقت لیتے ہیں ۔

سنبلہ مرد عورت کا انتخاب کرتے وقت بہت زیادہ تنقیدی رویہ اختیار کرتے ہیں ۔

آپ سنبلہ مرد کو بے وقوف بنانے یا اس سے جھوٹ بولنے کی کوشش نہ کریں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کیونکہ وہ عقلمندی کے ساتھ شائستہ اور مخلصانہ تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں۔
سنبلہ لوگ اپنی اندرونی بے چینی کے اظہار میں پس وپیش سے کام لیتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے تاثرات مصنوعی معلوم نہ ہوں اس لیے وہ تصنع کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہیں۔
سنبلی لوگ تبدیلی کو پسند نہیں کرتے۔
سنبلی لوگ مضبوط اور یقینی یادداشت رکھتے ہیں۔ وہ خاص تاریخیں کبھی نہیں بھول سکتے۔
برج سنبلہ کے تحت پیدا ہونے والے مرد باپ بننے کی زبردست خواہش رکھتے ہیں۔
سنبلہ لوگ اپنے معاملات میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کرتے نہ وہ کسی کے معاملات میں اپنی ٹانگ اڑاتا۔
سنبلی نصب یعنی ہوتے ہیں۔ آئیڈیل پسند ہوتے ہیں کہ بعض اوقات محض اختلاف رائے کی بنا پر دوستوں سے دور ہو جاتے ہیں۔
سنبلہ لوگ دلیل پسند ہوتے ہیں۔ دلیل پسند کرتے ہیں۔ ان کو منطق ہی سے قائل کیا جا سکتا ہے۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

میزان :

۲۴ ستمبر سے ۲۳ اکتوبر تک پیدا ہونے والوں کا برج میزان ہے۔

نام کے ابتدائی حروف :- جن کے نام کا حرف اوّل ر۔ت۔ط

نشان :- ترازو

حاکم سیارہ :- زہرہ

خوش قسمتی کا ہندسہ :- ۶۔ چھ

عنصر :- ہوا

مزاج :- حاکمانہ

موافق رنگ :- سفید۔سبز۔ارغوانی۔قرمزی۔اورنجی۔پیلا

مہینے کی مبارک تاریخیں :- ۶۔۷۔۱۶۔۲۶۔۲۷

مبارک دن :- جمعہ۔ہفتہ۔سوموار

موافق نگینہ :- زمرد۔سنگ دودھیا۔اُپل

میزان کے دوست :-

برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی دوستی دوسرے برجوں سے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ثابت ہو سکتی ہے ۔

بہترین :۔ دلو۔ جوزا

بہتر :۔ عقرب ۔ قوس ۔ اسد ۔ سنبلہ

غیر یقینی :۔ حمل ۔ جدی ۔ سرطان

غیر جانبدار :۔ حوت ۔ ثور

میزان کی بیماریاں

(۱) چیچک (۲) دردِ سر

(۳) جوڑوں کا درد (۴) دردِ گردہ

(۵) آنکھ کی بیماریاں (۶) آنکھ کی بیماریاں

(۷) نزلہ و زکام (۸) ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف

(۹) معدے کی بیماری

میزان کے لیے موزوں پیشے

میزان لوگوں کو درج ذیل پیشے و شعبے موزوں ثابت ہوتے ہیں ۔

(۱) شراکتی کاروبار (۲) درس و تدریس

(۳) جیولری ۔ صرافہ ۔ زرگری (۴) سماجی بہبود کے کام

(۵) رقص ۔ موسیقی (۶) سٹینوگرافی

(۷) سیاست (۸) مضمون نگاری

(۹) سفارتی مشن (۱۰) مصوری پینٹنگ

(۱۱) ہیئر سیلون ۔ آرائش گیسو (۱۲) درآمدات و برآمدات

(۱۳) مجسمہ سازی (۱۴) شیشہ سازی

(۱۵) قانون (۱۶) مسلح افواج

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوشنویس سرفراز شاہد

(۱۸) اکاؤنٹنسی۔

برج میزان کی مشہور شخصیات

(۱) مہاتما گاندھی (باپوجی) (۲) ڈاکٹر جے پی نرائن
(۳) پنڈت جواہر لعل نہرو (۴) ریٹا میور تھ
(۵) برجینا بار ڈوٹ (۶) چارلس لوائر
(۷) ولیم فاکنر (۸) بن گورین
(۹) ٹی۔ ایس ایلیٹ (۱۰) اوسکر وائلڈ
(۱۱) تھامس وولف

میزان بچہ کی پیدائش کے بارے میں معروف منجمہ راموناڈولف یہ کہتی ہے کہ میزان بچہ کی پیدائش ایک فنکار کی پیدائش ہے۔

میزان بچہ ایک گلابی فرشتہ کی مانند ہے۔ وہ شہزادوں کے نقش ونگار کا مالک پرکشش ہوتا ہے۔

میزان بچے طبعاً پیار کی تلاش میں رہتے ہیں۔ وہ احمدل ہوتے ہیں۔ ہمیشہ غیر جانب دار رہنا پسند کرتے ہیں۔ وہ منصف مزاج ہوتے ہیں۔

میزان بچوں کو تیز تیز روشنیوں اور تیز رنگوں سے الجھن ہوتی ہے البتہ ہلکی روشنی، مدھم سروں کی موسیقی، ہلکے رنگوں اور پرسکون ماحول سے ان کو سکون ملتا ہے۔

میزان بچے ذہین ہوتے ہیں۔ منطقی ہوتے ہیں۔ بحث مباحثہ کے شوقین ہوتے ہیں۔

میزان بچے تجسس پسند ہوتے ہیں۔ وہ والدین اور اساتذہ سے طرح طرح کے سوال کرتے ہیں۔

برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے بچے بہت اچھے رویے کے حامل ہوتے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ہیں. وہ خاموش ہوں تو بڑے پیارے نظر آتے ہیں۔
میزانی بچے سچائی کا متلاشی ذہن لے کر پیدا ہوتے ہیں۔
میزانی بچے گندگی اور بے ترتیبی سے نفرت کرتے ہیں۔
میزانی بچے فنکارانہ صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔
میزان لوگ بہت اچھے بزنس پارٹنر ہوتے ہیں۔
میزان لوگ دوسرے تمام برجوں سے متعلق لوگوں سے زیادہ اچھے معاون اور شریک کار ثابت ہوتے ہیں۔
میزان لوگ بڑے متحمل مزاج ہوتے ہیں. وہ پریشانی و مصیبت میں بڑے تحمل اور صبر کا مظاہرہ کرتے ہیں۔
میزانی لوگ اپنے مقصد کے حصول کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دیتے ہیں۔
میزانی ملازمین کو ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں سے گہری دلچسپی ہوتی ہے۔
میزانی لوگ مساوی حقوق اور منصفانہ اجرتوں کے حامی ہوتے ہیں۔
اگر آپ کا افسر میزانی ہے تو وہ ہمیشہ آپ کے ساتھ انصاف سے پیش آئے گا۔ کبھی سختی اور زیادتی نہ کرے گا۔
میزان افسر کی ماتحت خاتون عموماً اپنے افسر سے محبت کرنے لگتی ہے۔ میزان افسر کی دلکش شخصیت ماتحت عملہ کی خواتین کو بہت متاثر کرتی ہے۔ وہ غیر دانستہ طور پر میزان افسر میں کشش محسوس کرنے لگتی ہے۔
میزانی لوگ مہذب اور شرمیلے ہوتے ہیں۔ وہ کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے معاملے کے ہر پہلو پر اچھی طرح غور کر لیتے ہیں۔
میزانی افسر و حاکم غیر منصفانہ فیصلہ کبھی نہیں کرتے۔ ہر معاملے میں انصاف کے سب تقاضے پورے کرتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

میزانی افسر اپنے گھر اور دفتر کی دیواروں کو تصویروں سے سجا کر رکھتے ہیں۔ ان کی الماریوں میں دفتری فائل بڑے قرینے سے لگے رہتے ہیں۔

میزانی لوگ ہلکے رنگ پسند کرتے ہیں۔ ان کا جمالیاتی ذوق بہت اچھا ہوتا ہے۔

میزانی لوگ دوستی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ دوستی ان کے لیے اتنی ضروری ہے جتنا سانس لینا زندگی کے لیے۔

میزان علامت ہی اشتراک کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں تک میزان لوگوں کا تعلق ہے وہ شادی اور دوستانہ رفاقت کے ترازو کے دونوں پلڑے ایک سے رکھتے ہیں۔

میزانی لوگ خوش مزاج، آرام پسند، خلیق اور مصلحت اندیش ہوتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ جو بھی ان سے ان کو پسند کرے اور اپنا دوست تصور کرے۔

میزانی لوگوں کا حاکم سیارہ زہرہ ہوتا ہے جو حسن و محبت اور آہنگ کا سیارہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا جمالیاتی ذوق قابل ستائش ہوتا ہے۔

میزان لوگ ہمیشہ ایسا ماحول پسند کرتے ہیں جو ان کے جمالیاتی ذوق کی تسکین کرے۔

میزان لوگوں کے گہرے دوست وہ ہوتے ہیں جنہیں فنون لطیفہ سے گہری دلچسپی ہو یا پھر وہ تخلیق کار یا فنکار ہو۔

میزان لوگ خود بھی اچھے فنکار اور تخلیق کار ثابت ہوتے ہیں وہ باصلاحیت ہوتے ہیں۔ اور اپنے باصلاحیت دوستوں کے ساتھ پینٹنگ، رنگ و روغن ڈیکوریٹنگ آرائش و زیبائش، گھر کی سجاوٹ کے شعبوں میں شراکت پر فوراً آمادہ ہو جاتے ہیں

ان شعبوں کے علاوہ میزانی لوگ خوبصورتی اور حسن کے متعلق ہر شعبے میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں۔

میزانی لوگ سیر و تفریح کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

میزانی لوگ مہمان ہو یا میزبان آداب مجلس کا خاص خیال رکھتے ہیں۔

میزان لوگوں کے دوستوں میں زیادہ تعداد ان کی ہوتی ہے جو بااثر اور صاحب اختیار ہوتے ہیں یا پھر جن کی شہر میں سماجی طور پر ممتاز حیثیت ہوتی۔

میزانی لوگ نئے سنئے اور دلچسپ دوستوں کے اضافے میں کوشاں رہتے ہیں۔

وہ اکثر اپنے دوستوں میں رومانی جوڑے بنانے کا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

میزانی لوگ موڈی ہوتے ہیں۔ ان کے موڈ کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

بعض اوقات وہ فوراً مشتعل ہو جاتے ہیں۔ اور معمولی سی بات کا بھی برا منا لیتے ہیں

میزانی لوگ عدل و انصاف کی دل سے قدر کرتے ہیں۔ وہ یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتے کہ ان کا کوئی دوست ان کی موجودگی میں کسی دوسرے شخص کے ساتھ ناانصافی کرے۔

میزانی مرد اور عورت دونوں دل سے انسانی بھائی چارے پر یقین رکھتے ہیں۔ اور انسانی بھلائی کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

میزانی والدین دوسرے تمام برجوں سے تعلق رکھنے والے والدین سے زیادہ اچھے والدین ثابت ہوتے ہیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برج عقرب:

۲۴ اکتوبر سے ۲۲ نومبر تک پیدا ہونے والے برج عقرب سے تعلق رکھتے ہیں

(برج عقرب کا تعارف)

نام کے ابتدائی حروف :۔ جن کے نام کا حرف اوّل ن ۔ ظ ۔ ذ ۔ ض
ز ۔ تو ۔ نی ۔ نو ۔ نے ۔ یا ۔ ی ۔ یو سے شروع ہوتے ہوں

نشان :۔ بچھو

حاکم سیارہ :۔ پلوٹو

عنصر :۔ پانی

خوش بختی کا ہندسہ :۔ ۹ نو

موافق رنگ :۔ بھورا ۔ گہرا سرخ ۔ عنابی ۔ سبز ۔ انگوری ۔ نیلا
لاجوردی

موافق نگینہ :۔ مونگا ۔ سرخ عقیق ۔ سرخ یاقوت

مبارک دن :۔ منگل ۔ جمعرات

مہینے کی مبارک تاریخیں :۔ ۱ ۔ ۳ ۔ ۱۱ ۔ ۱۲ ۔ ۱۳ ۔ ۲۱ ۔ ۲۲

www.freeamliyatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

(عقرب کی بیماریاں)

١- ہاضمہ کی خرابیاں
٢- معدہ کی سوزش
٣- نزلہ و زکام
٤- سر اور حلق کی بیماریاں
٥- جوڑوں کا درد
٦- پیچش سنگرہنی
٧- مثانہ کی بیماریاں
٨- ناک کی بیماریاں
٩- اختلاج قلب

(عقرب کے لیے موزوں پیشے)

١- سرجری۔ جراحی
٢- تجارت۔ کاروبار
٣- سائنسی تحقیقات
٤- صحافت
٥- آثار قدیمہ
٦- مالیاتی مشیر
٧- بروکر۔ دلال۔ ایجنٹ
٨- تعمیرات۔ کنٹریکٹر۔ ٹھیکیداری
٩- سیکرٹ ایجنٹ۔ سراغرسانی۔ جاسوسی۔ سیکرٹ سروس
١٠- اکاؤنٹنٹس
١١- انجینئرنگ
١٢- سپننگ

(مشہور شخصیات)

١- شریمتی اندرا گاندھی
٢- چارلس ڈیگال
٣- مارٹن لوتھر
٤- پبلو پکاسو
٥- میرنیا مور
٦- گریس کیلی
٧- چیانگ کائی شیک
٨- پرنس چارلس
٩- مادام کیوری
١٠- جونی کارسن
١١- رچرڈ برٹن
١٢- میری انتھونی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۱۳۔ جم بشپ

۱۴۔ سی راجگو پال اچاریہ

۱۵۔ جوش ملیح آبادی

۱۶۔ مولانا چراغ حسن حسرت

۱۷۔ جلیل قدوائی

عقرب لوگ اکثر مضبوط جسم کے مالک ہوتے ہیں۔ بعض عقرب لوگوں کی ناک خمیدہ ہوتی ہے۔ ان کے خدوخال سے موٹاپا جھلکتا ہے۔ زیادہ تر عقرب لوگوں کے بالوں اور آنکھوں کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔

عقرب لوگ اپنے جذبات پر مکمل قابو رکھتے ہیں۔

عقرب لوگوں کو اچانک خوش یا رنجیدہ کرنا آسان نہیں۔ ان کو اپنے جذبات کی طرح اپنے جسم پر بھی مکمل کنٹرول ہوتا ہے۔

عقربی لوگوں کی بات اور چال ڈھال سے کبھی پریشانی نہیں جھلکتی۔

عقرب لوگوں میں ایک [illegible] ایسے لوگوں کو بھی ہوتی ہے جو تیز بولتے اور تیز چلتے ہیں۔ ان کی آنکھیں بعض اوقات ان کے دل کی بات ظاہر کر دیتی ہیں۔ وہ احتیاطاً دھوپ کے چشمے استعمال کرنے لگے ہیں اور حد تو یہ ہے کہ رات کے وقت بھی دھوپ کا چشمہ استعمال کرتے ہیں۔ یعنی آنکھوں پر گاگل لگاتے ہیں۔

عقرب لوگ ہمیشہ دو ٹوک بات کرتے ہیں۔ وہ ٹال مٹول کی بات سے گریز کرتے ہیں۔

عقرب لوگ خود سر اور مطلق العنان ہوتے ہیں۔ ان کے مزاج پر انتہا پسندی کا غلبہ رہتا ہے۔

عقربی لوگ مفاہمت پسند نہیں کرتے۔ ان کی قوت ارادی بڑی مضبوط ہوتی ہے جو فیصلہ کر لیتے ہیں اس پر ڈٹے رہتے ہیں۔

عقرب لوگ طویل اور صبر آزما جدوجہد کے عادی ہوتے ہیں۔ اور اپنے مقصد

کے حصول کے لیے جان تک لڑا دیتے ہیں۔

عقرب لوگوں کی آنکھیں سبز، نیلی، بھوری یا کالی ہو سکتی ہیں۔ لیکن ان کی آنکھوں کی قابل ذکر خوبی یہ ہوتی ہے کہ ان کی نظریں دل میں اترتی محسوس ہوتی ہیں۔ بیشتر لوگ ان کی نظروں کی گہرائی سے بے چینی محسوس کرتے ہیں۔ اور ان کی نظروں کی تاب نہیں لا سکتے۔

عقرب لوگ خودسر ہونے کے علاوہ خوددار بھی ہوتے ہیں ان کو اپنے بارے میں سب علم ہوتا ہے۔ وہ جو ہوتے ہیں وہ بھی وہ جانتے ہیں۔ اور جو نہیں ہوتے وہ بھی جانتے ہیں۔

عقرب لوگ کسی سے بھی اپنے بارے میں اچھائی یا برائی سننا پسند نہیں کرتے۔

عقرب لوگ رنگ، مذہب، سیاست، خوراک، لباس، عزیز و اقارب، اولاد کام کاج غرضیکہ زندگی اور موت کے ہر معاملے میں جذباتی اور انتہا پسند ہوتے ہیں

عقربی لوگوں کا رومانی جذبہ نہایت شدید ہوتا ہے۔

اگر ہم عقربی مرد کو ایک لفظ میں بیان کرنا چاہیں تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ناقابل تسخیر ہے۔

بہت سے عقربی لوگ کسی خاص مقصد کے تحت زندگی بسر کرتے ہیں۔ لیکن فطرت درحقیقت عیش پرست ہوتی ہے۔ وہ آسائشوں میں گھرے رہنا چاہتے ہیں۔

عقربی لوگ محبت کے معاملے میں انتہائی جذباتی ہوتے ہیں۔ شدت پسند ہوتے ہیں

عقربی لوگوں کا مزاج بھی کیلا ہوتا ہے۔ وہ بات چیت کے تیر و نشتر سے مخاطب کو زندگی بھر کے لیے زخمی کر دیتے ہیں۔

عقربی لوگ ہمیشہ جیتتے ہیں اور اگر ہار بھی جائیں تو زندگی بھر اس کی کسک محسوس کرتے رہتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyattbooks

عقرب مرد اپنی ذات میں ایک قانون کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ دوسرے اس کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت ایک فرض شناس اور اچھے شہری کی حیثیت سے کریں۔ لیکن اگر وہ اس عزت کو اپنی کسی سوچ سے متصادم دیکھتا ہے تو لوگوں کی پرواہ کئے بغیر اپنی راہ پر چلتا رہتا ہے۔

عقرب لوگ اپنے اہم فیصلوں میں دوستوں، رشتہ داروں، ہمسائیوں یا مخالفوں کی رائے کو دخل نہیں ہونے دیتے۔ وہ اپنے فیصلے اپنی سوچ اور ضمیر کے مطابق کرتا ہے۔ وہ حوصلہ مند ہوتا ہے اور نامساعد حالات میں ہرگز نہیں گھبراتا۔ وہ برے حالات کا مقابلہ بڑی ہمت سے کرتا ہے۔ اور آخرکار اپنا مطلب حاصل کرلیتا ہے

عقرب لوگ تجسس پسند ہوتے ہیں۔ اسرار و رموز سے انہیں گہری دلچسپی ہوتی ہے، وہ اپنی مقناطیسی نظروں اور چبھتے ہوئے سوالات سے بڑے سے بڑے گہرے راز اگلوا لیتا ہے۔

عقرب لوگ دوستوں کے انتخاب میں بہت اعلیٰ معیار کے قائل ہوتے ہیں۔ وہ بڑی چھان بین کے بعد دوست بناتے ہیں۔ ان کے حلقہ احباب میں شامل لوگ کئی لحاظ سے بڑی خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں۔

عقرب لوگ مخلص اور بااثر شخصیتوں سے دوستی پسند کرتے ہیں۔

عقرب لوگ وفاشعار ہوتے ہیں۔ اپنی رفیقۂ حیات سے بےوفائی نہیں کرتے چاہے کچھ ہو جائے۔

برج عقرب کا حامل باپ سخت گیر باپ ثابت ہوتا ہے وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھتا ہے۔

عقرب باپ کی موجودگی میں بچے کسی غلط بات کو گھر میں رواج نہیں دے سکتے۔

www.freeamliyatbookspdf.com FREE AMLIYAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش شرح سخت سر فراز شاہ وچ مانچسٹر

وہ بچوں سے محبت کرتا ہے لیکن ان کی حماقتیں برداشت نہیں کر سکتے۔

عقرب عورت اپنے محبوب کی طرف نہایت پر وقار انداز سے بڑھتی ہے۔ وہ اپنی خوبصورتی اور دل میں سرایت کر جانے والی آنکھوں سے مخاطب کا ذہن آسانی پڑھ لیتی ہے۔

ماہرین علم نجوم کا کہنا ہے کہ جب عقرب عورت کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کرتی ہے تو نہایت خاموشی اور مہذب انداز سے کرتی ہے۔

عقرب عورت کی رفاقت میں صحیح معنوں میں اندازہ ہو سکتا ہے کہ زندگی آخر کیا ہے۔ وہ زندگی کے بارے میں بہت کچھ جانتی ہے۔ اور بہت کچھ سکھا سکتی ہے۔

عقرب عورت مرد کی کمزوری کو کبھی معاف نہیں کرتی۔

عقرب عورت جرأت مند اور اولوالعزم ہوتی ہے۔

قوس

۲۳ نومبر سے ۲۱ دسمبر تک پیدا ہونے والوں کا برج قوس ہے۔

برج قوس کا تعارف:

نام کے ابتدائی حروف:۔ جن کے نام کا حرف اول ف، بھ، دھ، تھ

د . وہے ۔

نشان :۔ کمان اور کینا

عنصر :۔ آگ

خوش بختی کا ہندسہ :۔ ۳ (تین)

مہینے کی مبارک تاریخیں :۔ بدھ۔ اتوار

موافق دن :۔ منگل ۔ جمعرات

موافق رنگ :۔ نیلا، زرد، سرخ ۔ ارغوانی ۔

موافق نگینہ :۔ یاقوت زرد۔ نیلم ۔ پکھراج سونے کی انگوٹھی سے پہننے سے نحوست کا اثر زائل ہوتا ہے ۔

قوس کے دوست

برج قوس کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی دوستی دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ہو سکتی ہے ؟

بہترین :۔ حمل ۔ اسد

بہتر :۔ جدی ۔ دلو ۔ میزان ۔ عقرب

غیر یقینی :۔ حوت ۔ جوزا ۔ سنبلہ

غیر جانبدار :۔ ثور ۔ سرطان

(قوس کی بیماریاں)

قوس لوگوں کو درجہ ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں ۔

(۱) ہیکوریا (عرق النسا) (۲) لنگڑا پن ۔ کنٹھیا

(۳) حلق کی بیماریاں (۴) کولہوں کے زخم ۔ چھاتی کے زخم

(۵) ہاضمے کی خرابی (۶) گردن کی اکڑاہٹ

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۷۔ نزلہ وزکام

۸۔ جوڑوں کا درد، پسلی درد، کمر کا درد

۹۔ بخار

(قوس کے لیے موزوں پیشے)

۱۔ پرائیویٹ سیکرٹری

۲۔ سیر و سیاحت

۳۔ گائیڈ

۴۔ سیاست

۵۔ میڈیسن

۶۔ اداکاری، گلوکاری، فلمکاری

۷۔ وکالت

۸۔ ایڈورٹائزنگ

۹۔ تجارت

۱۰۔ فوج

۱۱۔ سرکاری ملازمت

۱۲۔ صحافت

۱۳۔ تعلقات

۱۴۔ نشرواشاعت

(قوس کی نامور شخصیتیں)

۱۔ بیتھوون

۲۔ آرتھر برلس

۳۔ بیٹی گریبل

۴۔ اینڈریو کارنیگی

۵۔ ولیم بلیکے

۶۔ فرینک سناترا

۷۔ احمد فراز

۸۔ سرونسٹن چرچل

۹۔ ماریا کیلاس

۱۰۔ والٹ ڈزنی

۱۱۔ ہدایت کار سہراب مودی

۱۲۔ کروڑپتی سیٹھ چمریا

۱۳ اچاریہ رجنیش

برج قوس کے تحت پیدا ہونے والے بچے کی نشوونما تیزی سے نہیں ہوتی تاہم وہ ہنس مکھ، قابلِ اعتماد اور رجائیت پسند ہوتے ہیں۔ وہ ہر وقت نئی شرارتیں کرتے ہیں ان میں بچپن کی بھولی بھالی عادتیں اکثر بلوغت کے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

سن میں قدم رکھنے کے باوجود برقرار رہتی ہیں۔

قوس بچے کھیل کود کے بڑے شوقین ہوتے ہیں۔ انہیں سیر و تفریح اور مہم جوئی کا شوق ہوتا ہے۔ وہ نئے نئے علاقوں کی سیاحت کرکے اور نئے نئے لوگوں سے خوش ہوتے ہیں۔

قوس بچے جانوروں سے بڑی محبت کرتے ہیں۔ انہیں پالنے کے شوقین ہوتے ہیں۔ اگر انہیں سیر و تفریح کے لیے گھوڑا مل جائے تو خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔

قوس بچے نہایت ذہین اور زیرک ہوتے ہیں۔ تاہم کسی ایک نکتہ پر پوری توجہ کے ساتھ غور و فکر نہیں کرتے۔

برج قوس کے تحت پیدا ہونے والے افراد ہیں، صاف گو اور خوش مزاج ہوتے ہیں۔ زندگی کے متعلق ان کی معقولیت پسندی کے نقطۂ نظر اور دیانتداری کو ان کے کردار کی نمایاں خصوصیت قرار دیا جاسکتا ہے۔

قوس لوگ ذہین ہوتے ہیں۔ اپنی ذہانت سے اکثر معاملات کے نتائج وقت سے پہلے اخذ کر لیتے ہیں۔

قوس لوگوں میں سے بیشتر اپنی ذاتی آزادی یا دوسروں کی مداخلت پسند نہیں کرتے۔

قوس لوگ انصاف پسند طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ بددیانتی کو پسند نہیں کرتے۔

قوسی لوگوں کی مثبت خصوصیات ہیں خوش امیدی، خوش مزاج، دیانتداری جرأت، جوشیلاپن، اور ان کی منفی خصوصیات ہیں۔ چڑچڑاپن، لاپرواہی، جذباتیت پریشان خیالی۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

قوس لوگ سچ کے اظہار میں مصلحت سے کبھی کام نہیں لیتے۔ جس کی وجہ سے اکثر اپنے دوستوں کی ناراضگی مول لیتے ہیں۔ یہ اپنی سچائی وصاف گوئی سے اکثر و بیشتر دوستوں کو ناراض کر دیتے ہیں۔

قوس لوگ ملن سار ہوتے ہیں لیکن عزیز و اقارب سے دور رہتے ہیں۔ بڑے کم آمیز ہوتے ہیں۔

قوسی لوگوں کو پہچاننا بڑا آسان ہے۔ کیسا بھی اجتماع ہو اگر آپ کو کوئی ایسا شخص دکھائی دے جو دوسروں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہو اور لوگ اس کی باتوں سے مسرور دکھائی دے رہے ہوں تو سمجھ لیجئے کہ وہ قوسی شخص ہے۔

قوس لوگ اپنے مقاصد کے حصول کے بارے میں ہمیشہ پر اُمید ہوتے ہیں وہ اندھے اعتقاد کے قائل نہیں ہوتے۔

قوسی لوگوں کے خوابوں کی بنیاد ہمیشہ گہرے غور و فکر، منطق اور ذہانت پہ ہوتی ہے خوش قسمتی قوس لوگوں کا ساتھ دیتی ہے۔ وہ فطری طور پر خوش امید رہتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ جب وہ مٹی میں ہاتھ ڈالتے ہیں تو مٹی مٹی ہی رہتی ہے سونا نہیں بنتی۔ بہر حال قوس لوگ نامساعد اور ناموافق حالات پر قابو پانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

قوسی لوگ پیدائشی طور پر خوش قسمت واقع ہوتے ہیں لہذا ان کی راہ میں بد قسمتی زیادہ دن مانع نہیں ہوتی۔

قوس عورت کسی قدر تند مزاج ہوتی ہے اپنے شوہر یا محبوب کو اپنی تیز و تند باتوں اور نوک جھونک سے ستاتی رہتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ایسا ہی رویہ اختیار کرتی ہے کہ اس کا شوہر یا محبوب خوش ہو جاتا ہے۔

قوسی عورت بڑی منہ پھٹ اور تیز گو ہوتی ہے۔

قوسی لوگوں کی بیویاں عموماً معمولی شکل و صورت کی ہوتی ہیں البتہ ان کی محبوبائیں خوبصورت اور دلکش ہوتی ہیں ۔

قوسی لوگ بیوی کو اپنے دوسرے معاشقوں سے بے خبر نہیں رکھتے صاف گوئی کی وجہ سے سب کچھ بتا دیتے ہیں ۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات ان کو پریشان کن صورت حال سے بھی دوچار ہونا پڑتا ہے ۔

قوسی لوگ محبت کے معاملہ میں دانستہ طور پر کسی کو دھوکہ نہیں دیتے ۔ جب وہ روحانی طور پر کسی سے متاثر ہوتے ہیں تو ان کی قوت استدلال بے بس ہو کر رہ جاتی ہے ۔

قوس مرد کے ساتھ سمارٹ عورت کی رفاقت کامیاب ہو سکتی ہے ۔ بیشتر قوس لوگ رشتہ داروں سے تعلقات میں کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کرتے ۔ وہ خون کے رشتوں کی محبت کے نظریہ کے بھی قائل نہیں ہوتے ۔

قوس لوگ سیر و سیاحت کے دلدادہ ہوتے ہیں ۔

قوس لوگ پہلے سوچتے اور پھر بولتے ہیں ۔

قوس لڑکی کو امور خانہ داری سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی ۔

قوس لوگ رونگٹے کھڑے کر دینے والے کام سے گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں اکثر جان جوکھوں میں ڈالنے والے کام کرنے والوں اور خطرناک آزمائش پر جانے والے ہوا بازوں میں ان کی تعداد نمایاں ہوتی ہے ۔

قوس لوگ کبھی میدان سے نہیں بھاگتے ۔ اور نہ مدد کے لیے کسی کو پکارتے ہیں ۔

قوس لوگ دروغ گوئی اور بددیانتی کا الزام برداشت نہیں کر سکتے اور بے بنیاد اور بے سر و پا باتوں پر مشتعل ہو جاتے ہیں ۔

www.freeamliyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

قوس لوگوں میں اداکاری کی خصوصیات بدرجہ اتم موجود ہوتی ہیں۔

شو بزنس میں قوس لوگوں کی بہتات ہوتی ہے۔ اسٹیج، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور فلم کے شعبوں سے وابستہ لوگوں میں ان کی اکثریت ہوتی ہے۔

قوس لوگ بہت اچھے کامیڈین واقع ہوتے ہیں۔ دنیا کے زیادہ تر مشہور کامیڈین برج قوس سے تعلق رکھتے ہیں۔

قوسی خواتین کو دنیا کا کوئی مرد محکوم نہیں بنا سکتا۔ وہ اپنی ہٹ کی پکی ہوتی ہیں۔ کسی کی کوئی پابندی قبول نہیں کرتیں۔

قوسی خواتین معاشرتی اصولوں کی بالکل پرواہ نہیں کرتیں۔ یہ انہیں فرسودہ اور موقع پرستی مبنی معلوم ہوتے ہیں۔

قوسی خواتین اکثر کھیلوں اور سیر و تفریح میں دلچسپی لیتی ہیں۔ بالعموم مردوں کی عادات و اطوار کی نقل کرتی ہیں۔

قوسی خواتین کو اگر کوئی تحفہ دیا جائے تو وہ اسے سنبھال کر رکھتی ہیں۔ اسے کبھی ضائع نہیں ہونے دیتیں۔

قوسی خواتین گھرداری میں صفائی ستھرائی کی بے حد قائل ہوتی ہیں۔

قوسی عورتیں اور مرد رشتہ داروں اور عزیزوں سے بالکل بے خبر اور لاتعلق رہ کر زندگی گزارتے ہیں لیکن ان کے بچوں کا رجحان اس کے بالکل برعکس ہوتا ہے۔

قوسی بچہ تنہا اور الگ تھلگ بالکل نہیں رہ سکتا۔

قوسی خواتین اپنے بچوں کو بالعموم مزے مزے کی دلچسپ کہانیاں پڑھ کر سناتی ہیں۔ جن کا انجام خوش کن ہوتا ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خرم شہزاد سرفراز شاہ و چ مانچسٹر

برج جدی :

۲۲ دسمبر سے ۱۹ جنوری تک پیدا ہونے والوں کا برج جدی ہے۔

تعارف برج جدی :

نام کے ابتدائی حروف : جن کے نام کا حرف اوّل س ۔ ش ۔ ص ۔ ث ۔
بھو ۔ جا ۔ جی ۔ جو ۔ کھا ۔ کھی ۔ کھو ۔ گا ۔ گ ۔ گی ہے
برج جدی سے ذ ۔ ز ۔ خ ۔ ط تعلق رکھتے ہیں۔

نشان : بکری

حاکم سیارہ : زحل

خوش بختی کا دن : ہفتہ ۔ اتوار ۔ سوموار

موافق ہندسہ : ۸ (آٹھ)

عنصر : مٹی

مزاج : حاکمیت پسندی

مہینے کی موافق تاریخیں : ۷ ۔ ۱۷ ۔ ۲ ۔ ۹ ۔ ۱۹ ۔ ۲۹

موافق رنگ : نارنجی ۔ زعفرانی ۔ نیلا ۔ ہرا ۔ پیلا

موافق پتھر : نیلم ۔ ہیرا ۔ سنگ موسیٰ ۔ فیروزہ ۔ زمرد ۔

نیلا ، الماس

برج جدی کے تحت پیدا ہونے والے لوگ عموماً قدامت پسند اور اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔

جدی لوگ مہذب ہوتے ہیں۔ سب کا احترام کرتے ہیں۔

جدی لوگ جفاکش، فرض شناس، قابل اعتماد، دیانتدار اور عمل پسند ہوتے ہیں سفارش سے نفرت کرتے ہیں۔ احسان کا بدلہ چکانے کے لیے بے چین رہتے ہیں۔

ماہرین علم نجوم خصوصاً جیری ہیرلڈ، لنڈا گڈمین، جین ڈکسن، پیری لنگ اور راج جوتشی پنڈت موہن لعل جوتشی کا کہنا ہے کہ برج جدی کے لوگوں کے ۹ درجے ہوتے ہیں جن کی تفصیلی درجہ ذیل ہے۔

(برج جدی پہلا درجہ)

تاریخ پیدائش :۔ ۲۸ دسمبر اور ۱ - ۱۰ - ۱۶۰۱ جنوری

برج جدی کے اول درجہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لیے کامیابی کا راستہ غیر معمولی طور پر نہایت دشوار ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ عموماً جن کا مقاصد کا انتخاب کرتے ہیں وہ بظاہر ناقابل حصول معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن علم نجوم کے اعتبار سے وہ ان خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں جو ناممکن کو ممکن کر دکھاتی ہیں۔ اور جو ناقابل تسخیر عزائم کو بھی آخر کار مسخر کر لیتی ہیں۔

یہ لوگ اعلیٰ معیار کے قائل ہوتے ہیں۔ اور حسن کارکردگی کے قدردان ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ خود سے بھی بہترین کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں۔ کیونکہ وہ محسوس کرتے ہیں کہ ناقص کارگردگی ان کی شان کے خلاف ہے۔

جدی لوگوں کی شخصیت ناقابل تسخیر خصوصیات کا مجموعہ ہوتی ہے۔

کامرانیاں ان کے قدم چومتی ہیں۔ اور یہ ہر میدان میں ریکارڈ قائم کرتے ہیں۔ طلائی تمغے اور دیگر اعزاز حاصل کرتے ہیں ان لوگوں کی خصوصیات ہوتی ہیں معتدل مزاجی، ثابت قدمی، کم آمیزی، معتدل مزاج سے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ انتہائی طور پر عمل پسند ہوتے ہیں۔ ان کی بیشتر ساتھی عموماً ان سے یہ کہتے ہیں کہ تمہارے مقاصد زندگی تمہاری اہلیت سے بڑھ کر ہیں۔ بہر حال یہ لوگ جب خود پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں اور اعتراف کرتے ہیں کہ اپنی عمر کے درمیانی حصہ سے تجاوز کرنے اور مسلسل جدوجہد کے باوجود اپنے مقاصد زندگی سے اتنے ہی دور ہیں جتنے ہوائی قلعے تعمیر کئے ہوئے محلات سے۔ لیکن وہ پھر بھی اپنے سنہرے خوابوں سے باز نہیں آتے۔ اور جب انہیں یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ اب بھی اپنی منزل پر کافی دور ہیں تو زیادہ تندہی سے سرگرم عمل ہو جاتے ہیں۔ ان کے مزاج کی ہیں۔ وہ خوبی ہے جس کی وجہ سے درجہ اول تعلق رکھنے والے بیشتر جدی لوگ معاشرے میں اعلیٰ منصب اور مقام پر فائز دکھائی دیتے ہیں۔

یہ اپنی زندگی کا آغاز معمولی حیثیت سے کرتے ہیں اور اپنے ثابت قدم ہوتے ہیں کہ ہر قیمت پر اپنا مقصد حاصل کرتے ہیں۔ یہ اپنی زندگی کے حسین خوابوں کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو بھی دور کرلیتے ہیں۔

پہلے درجے کے جدی لوگ ہر قدم خواہ اس کا تعلق ملازمت سے ہو یا نجی زندگی سے نہایت سنجیدگی اور بردباری سے اٹھاتے ہیں۔

پہلے درجے کے جدی لوگ خلوت پسند ہوتے ہیں۔ سماجی تقریبات میں شرکت کرنے کے بجائے گھر پر تنہا رہنے میں لطف اٹھاتے ہیں لیکن اس کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ تارک الدنیا اور گوشہ نشین ہوتے ہیں۔

پہلے درجے کی جدی لوگ انتہائی نیک دل ہوتے ہیں۔ لہذا ہر اس ماحول

اور صورت حال سے گریز کرتے ہیں جس میں ان کے اصولوں کو چیلنج کا خطرہ ہو۔ لیکن اس کے باوجود وہ محسوس کرتے ہیں کہ اپنے مقصد کے حصول کی راہ میں ان کے سفر کی رفتار نہایت سست ہے۔

پسندیدہ رنگ :۔

پہلے درجے کے جدی لوگوں کا ذہن ان کے منصوبوں اور خوابوں کی تعبیر کی گتھیوں کو سلجھانے میں مصروف رہتا ہے۔ لہذا عام طور پر یہ لوگ اپنے ملبوسات اور گرد و پیش کے ماحول کے رنگوں پر کوئی خاص توجہ نہیں دیتے۔

جین ڈکسن کی رائے کے مطابق ان کے لیے زرد اور سنہری رنگ اچھے ہوتے ہیں اور ان کی شخصیت کی مقناطیسیت میں اضافہ کرتے ہیں۔

پہلے درجے کے جدی لوگ اپنی زندگی میں کبھی مقروض نہیں ہوتے یہ لوگ آہستہ آہستہ کافی دولت اکٹھی کر لیتے ہیں۔

پہلے درجے کے جدی لوگ اگر منشیات کے استعمال میں نہ پڑجائیں تو ان کی صحت برقرار رہتی ہے۔ درمیانی عمر میں موسم خرابیاں ان کو کچھ پریشان کر سکتی ہیں ان کو سردی لگ سکتی ہے۔ جوڑوں کا درد ہو سکتا ہے۔

پہلے درجے کے جدی لوگ گھریلو قسم کے ہوتے ہیں۔ اپنی آزادی اور خود مختاری کی عادت سے بہت سے لوگوں کو متاثر کرتے ہیں اور رومانس کو تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ یہ اپنے گھریلو ماحول میں ہمیشہ خوش و خرم رہتے ہیں۔ ان کی اولاد بھی ان کے اوصاف کی حامل ہوتی ہے۔

دوسرے درجے کے جدی لوگ :۔

تاریخ پیدائش ۲۹ دسمبر اور ۲ - ۱۱ جنوری

برج جدی کے دوسرے درجے سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں یہ چار

خصوصیات ہوتی ہیں۔ ہونہار، باصلاحیت، حساس، ادبی رجحان کے حامل اور مذہبی لوگ۔

دوسرے درجے کے جدی لوگ دوسرے درجوں سے تعلق رکھنے والے جدی لوگوں سے بہت زیادہ تخیل پرست اور وجدانی ہوتے ہیں۔ یہ پیدائشی طور پر بحث وبیان اور تخیل کی خوبیوں سے متصف ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ اپنی ان خوبیوں کو ترقی دیں تو بلاشبہ اعلیٰ پایہ کے ادیب اور شاعر بن سکتے ہیں۔

دوسرے درجے کے جدی لوگ زندگی کے بارے میں اپنے حساس جذبات کے اظہار کے لیے تحریر کا سہارا لے کر ادیب بن سکتے ہیں۔

دوسرے درجے کے جدی لوگ دراصل مذہبی لٹریچر کی ترتیب وتالیف میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ طبعاً مذہبی خیالات کے پرجوش حامی ہوتے ہیں۔

دوسرے درجے کے جدی لوگوں کے ملبوسات اور گھریلو ماحول کے لیے سفید کریم، زردی مائل رنگ، سبز رنگ اور سفید رنگ مفید ہوتا ہے۔ ویسے ان کو سفید رنگ استعمال کرنا چاہیے۔

دوسرے درجے کے جدی لوگوں کو دولت سے یہ دلچسپی ہوتی ہے کہ اس سے ان کی ذاتی آزادی کو تحفظ مل سکے۔ اور وہ دوسروں پر انحصار نہ کریں۔

دوسرے درجے کے جدی لوگوں دوسروں پر انحصار کرنا پسند نہیں کرتے ہیں اور نہ دوسروں پر بوجھ بنتے ہیں۔

یہ لوگ خود غرض نہیں ہوتے اور نہ اپنے مفاد کو دوسروں پر ترجیح دیتے ہیں۔

یہ لوگ کفایت شعار ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر خاصے مالدار ہوتے ہیں
یہ لوگ بڑے اچھے پلانر ہوتے ہیں۔ پکے بزنس مین ہوتے ہیں۔ سرمایہ اکٹھا

جگہ لگاتے ہیں جہاں سے مزید سرمایہ پیدا کر سکیں۔

ان لوگوں کو اعصابی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔ نظام ہضم کی خرابی ہو سکتی ہے۔ سر درد کا عارضہ ہو سکتا ہے۔

دوسرے درجے کے جدی لوگوں کی رومانی زندگی تیس سال کی عمر میں عروج پر ہوتی ہے۔

تیسرے درجے کے جدی لوگ۔

تیسرے درجے کے جدی لوگوں کی مسائل سے نبرد آزما ہو کر گزرتی ہے۔ یہ تدبیر ذہین اور سنجیدہ ہوتے ہیں۔ اپنی زندگی حصول مقاصد کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔

تیسرے درجے کے جدی لوگ جب اپنی زندگی کے چالیسویں سال میں داخل ہوتے ہیں تو زندگی کی کافی ناہموار راہوں کو اپنی جدوجہد سے ہموار کر چکے ہوتے ہیں

تیسرے درجے کے جدی لوگ بھی بڑے پرعزم ہوتے ہیں۔ عزم واستقلال سے زندگی کے بہت کٹھن مرحلے طے کرتے ہیں۔

چوتھے درجے کے جدی لوگ۔

۲۲ دسمبر تا ۱۵ جنوری تاریخ پیدائش والے لوگ چوتھے درجے کے جدی لوگ ہوتے ہیں۔

ان کی زندگی کے ابتدائی ایام مالی اعتبار سے کوئی قابل ذکر نہیں ہوتے کیونکہ زندگی کی اس دور میں یہ اپنی صلاحیتوں کے بہترین اظہار کے لیے موزوں راہ عمل تلاش کرنے لگتے ہیں۔

چوتھے درجے کے جدی لوگوں کو نظام ہضم اور دانتوں کے درد کی تکلیف لاحق ہو سکتی ہے۔

یہ قابلِ اعتماد اور محبت کرنے والے رفیقِ حیات ثابت ہوتے ہیں۔ ان کے لیے اچھا اور خوشگوار وقت وہ ہوتا ہے جب ان کے گھر کے چند قریبی رشتہ داروں کو شام کھانے پر مدعو کیا گیا ہو۔

چوتھے درجے کے جدی لوگوں کے لیے فیروزی، انگوری اور سپیپا رنگ نہایت موزوں ہوتا ہے۔

چوتھے درجے کے جدی لوگوں کی مالی حالت ۵۰ سال کے بعد خاصی مضبوط ہوتی ہے۔

(پانچویں درجے کے جدی لوگ)

(تاریخ پیدائش ۲۳ دسمبر اور ۴۔۵ جنوری)

پانچویں درجے کے جدی لوگوں کی کامیابی کی کنجی طویل المیعاد منصوبہ بندی ہوتی ہے قدرت ان پر مہربان ہوتی ہے آخرکار اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

پانچویں درجے کے جدی لوگوں کی ذہنی صلاحیت بڑی منفرد ہوتی ہے ان کی شخصیت و کردار کے نمایاں اوصاف ہوتے ہیں۔

یہ لوگ بڑے فراخ دل ہوتے ہیں۔

یہ لوگ ہر پیشہ میں یکساں شہرت اور مہارت کے حامل ثابت ہوتے ہیں یہ بڑے اچھے ڈاکٹر، مذہبی رہنما، اور سیاست دان ہوتے ہیں۔

برج جدی کے پانچویں درجے کے لوگوں کے لیے سب سے زیادہ موزوں رنگ نیلا اور آسمانی ہوتا ہے۔

یہ لوگ کئی طریقوں پر سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ ان کی مالی ترقی پائیدار طریقہ پر ہوتی ہے۔ درمیانی عمر میں مالی طور پر خاصے مستحکم ہو جاتے ہیں۔

یہ لوگ جذباتی ماحول سے چونکہ گہرا اثر قبول کرتے ہیں۔ لہٰذا غیر ضروری دباؤ

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اور اچانک غیر متوقع ناکامیوں سے ان کی جسمانی صحت فوراً متاثر ہوتی ہے
ان کو نظام ہضم اور دانتوں کی تکلیف زندگی کے کسی بھی حصے میں لاحق ہو سکتی ہے
یہ لوگ قابل اعتماد اور محبت کرنے والے رفیق حیات ثابت ہوتے ہیں۔ ان
کے لیے اچھا اور خوشگوار وقت وہ ہے جب یہ کسی سے محبت کرتے ہیں۔
پانچویں درجے کے جدی لوگوں کے لیے موافق ہندسہ ۱۔ ۷۔ ۵ ہے۔
ان کے لیے پکھراج، عقیق، فیروزہ، یاقوت اور نیلم بڑا موافق نگینہ ہے۔

(برج جدی کا چھٹا درجہ)

تاریخ پیدائش ۲۴۔ دسمبر اور ۶۔ ۱۵ جنوری

برج جدی کے چھٹے درجے سے تعلق رکھنے والے لوگ خلوت پسند ہوتے ہیں
پرکشش اور ملنسار طبیعت کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کی نمایاں خصوصیات ہیں
رومان پسندی، نظم و نسق کی پابندی، تحمل مزاجی اور جان محفل بننے کی خواہش
ان کی زندگی کا کلیدی عنصر رومانس ہوتا ہے۔
یہ لوگ اپنی تعمیری صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر زندگی میں مفید اور قابل ذکر
کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔
ان لوگوں کی شخصیت کی مقناطیسیت میں اتار چڑھاؤ رہتا ہے تاہم ان کے لیے
نیلا اور آسمانی رنگ موزوں ہے۔
زندگی بھر ان کی عام صحت ٹھیک رہتی ہے۔ البتہ تیز رفتاری ان کی صحت کے
لیے خطرہ ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ یہ اپنے بارے میں دوسروں کے منفی خیالات
سے فوراً متاثر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا ذہن ٹھیک سکتا ہے۔
ڈرائیونگ کے دوران ان کو محتاط رہنا چاہیے۔ کیونکہ انہیں حادثہ کا خطرہ
لاحق رہتا ہے۔

(برج جدی کا ساتواں درجہ)

تاریخ پیدائش ۲۵ دسمبر اور ۷ - ۱۶ جنوری۔

برج جدی کے ساتویں درجہ سے تعلق رکھنے والے لوگ ذہنی اور جسمانی طور پر نہایت متحرک ہوتے ہیں۔ وہ نئے نئے خیالات اور نظریات کی تلاش میں بے چین رہتے ہیں۔ انہیں نئی نئی چیزوں کی تلاش رہتی ہے۔

یہ لوگ تبدیلی کے متلاشی رہتے ہیں۔ ان کا ذہن نت نئی سوچ میں مصروف رہتا ہے۔ ان کی شخصیت کی نمایاں خصوصیات ہیں مستوری، ہوش مندی، ثابت قدمی اور غیر یقینی۔

ان لوگوں کو عام زندگی سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ وہ معمولات زندگی کی یکسانیت سے گھراہٹ محسوس کرتے ہیں۔ اور ہر وقت تبدیلیاں پسند کرتے ہیں۔

یہ لوگ قناعت پسند نہیں ہوتے۔ اور کبھی خالی الذہن رہنا پسند نہیں کرتے۔

ساتویں درجے کے جدی لوگ ملازمت اور رہائش گاہ بار بار تبدیل کرتے رہتے ہیں۔

یہ لوگ دھن کے پکے ہوتے ہیں۔ اور مسلسل جدوجہد سے اکثر اپنے مقاصد کے حصول میں کامیاب رہتے ہیں۔

یہ لوگ راستے کی رکاوٹوں اور دشواریوں سے ہمت نہیں ہارتے۔ اپنی کامیابی پر پورا یقین رکھتے ہیں۔

سبز اور خاکستری رنگ کا ماحول ان کے لیے موزوں اور پرسکون ثابت ہوتا ہے

ان لوگوں کو دولت کی خواہش کم ہوتی ہے۔ یہ لوگ نہایت قناعت پسند ہوتے ہیں۔

سرفراز شاہ وچ ماچھر

ان لوگوں کو دوران خون کی بیماریوں اور دیگر چھوت چھات کی بیماریوں کا

خطرہ لاحق رہتا ہے۔

ساتویں درجے کے جدی لوگوں کے تعلقات کسی سے بھی پائدار اور دیرپا نہیں ہوتے عمر کے آخری حصہ میں ان پر مذہبی خیالات کا غلبہ ہو جاتا ہے۔

(آٹھویں درجے کے جدی لوگ)

تاریخ پیدائش ۱۶ دسمبر اور ۸ - ۱۷ جنوری

برج جدی کے آٹھویں درجے کے لوگوں کو زندگی کے تھپیڑوں سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ ان کو مصائب سے گھبرانا نہیں چاہیے کیونکہ ان کے لیے کامیابی راستہ آسان نہیں بلکہ دشوار ہوتا ہے لیکن ان کو یقین رکھنا چاہیے کہ راستے کی دشواریاں ان کی کامیابی کا راستہ نہ روک سکیں گی۔

برج جدی کے آٹھویں درجے کے لوگوں میں جو اوصاف پائے جاتے ہیں۔ وہ ہیں بدقسمتی کے تھپیڑے، باتدبیری، جنس مخالف کے لیے جنسی کشش۔

زندگی ان لوگوں کے لیے پھولوں کی سیج ثابت نہیں ہوئی۔ یہ زندگی کے نشیب و فراز سے گزرتے ہیں۔ انیس سال کی عمر میں اپنے مستقبل کے بارے میں یہ لوگ جو فیصلہ کرتے ہیں وہ دور اس نتائج کا حامل ہوتا ہے۔

ان لوگوں کی بڑی کمزوری ان کی سیماب مزاج ہوتی ہے۔ یہ لوگ بڑے متلون مزاج ہوتے ہیں۔ ان کی مزاجی کیفیت ان کو بے چین رکھتی ہے۔

آٹھویں درجے سے تعلق رکھنے والے جدی لوگوں میں جنس مخالف کے لیے مقناطیسی کشش ہوتی ہے۔

آٹھویں درجے کے جدی لوگوں کے لیے خاکستری، زرد ہلکا نیلگوں اور سلور گرے مفید ہوتے ہیں۔

ابتدائی زندگی کے مصائب کی وجہ سے یہ لوگ مایوسی کی حبس کیفیت سے

دو چار رہتے ہیں وہ ان کی صحت کو متاثر کرتی ہے ان لوگوں کو گاڑی کے حادثہ سے محتاط رہنا چاہئے ۔ ان کی ریڑھ کی ہڈی زخمی ہو سکتی ہے ۔

(جدی لوگوں کا نواں درجہ)

تاریخ پیدائش ٢٧ دسمبر - ٩ اور ١٧ جنوری

برج جدی کے نویں درجے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی زندگی بلندی اور پستی کے درمیان ڈانواں ڈول رہتی ہے ۔ ان کی شخصیت مثبت اور منفی قوتوں کے اثرات سے یکساں طور پر نبرد آزما رہتی ہے ۔

ان کی شخصیت کے نمایاں اوصاف یہ ہوتے ہیں کہ انتہائی اولوالعزم اور بلا کے خود اعتماد ہوتے ہیں ۔ بڑی مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں ۔

یہ لوگ اپنے مقصد کی سیڑھی کے آخری قدم سے کم پر کسی صورت میں مطمئن نہیں ہوتے ۔ ہمیشہ کامیابی کی آخری منزل پسند کرتے ہیں ۔

یہ لوگ اپنے نظریات کے بارے میں نہایت بیباک ہوتے ہیں ۔ اور ان پر سختی سے عمل درآمد کرتے ہیں ۔

ان لوگوں کے لیے گلابی اور سرخ رنگ نہایت موزوں ثابت ہوتے ہیں ۔ ویسے ان کی شخصیت اتنی مقناطیسی ہوتی ہے کہ اسے رنگوں کا محتاج قرار نہیں دیا جاسکتا ۔

نویں درجے کے جدی لوگ درمیانی عمر تک پہنچتے ہیں ۔ تو ان کے پاس خاصی رقم جمع ہو جاتی ہے ۔

ان کی صحت قابل رشک ہوتی ہے ۔ معمولی بیماریاں ان کی عام صحت کے لیے کبھی خطرہ ثابت نہیں ہوتیں ۔ یہ لوگ بہت کم بیمار ہوتے ہیں تاہم ان کو خون کی خرابی ، کم خوابی ، درد گردہ ، ریڑھ کا درد ، نظام ہضم کی خرابی اور مثانہ کی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں ۔

برج جدی کے نویں درجے کے لوگوں کی محبت کی زندگی بڑی رنگین ہوتی ہے۔ ان کی پیشہ ورانہ مصروفیتیں انہیں اپنے گھر اور عزیزوں سے دور رکھتی ہیں۔ ان کو چاہیئے کہ کاروباری مصروفیت کو گھریلو زندگی میں مانع نہ ہونے دیں۔ جہاں تک ان کی ذاتی زندگی اور خوشحالی کا تعلق ہے انہیں چاہیئے کہ یہ گھریلو ماحول اور گھریلو ضروریات کو اپنے کاروبار یا پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے دور رکھیں۔ ورنہ ان کی زندگی پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دلو :

۲۰ جنوری تا ۱۹ فروری کو پیدا ہونے والوں کو برج دلو ہے

دبرج دلو کا تعارف :

نام کے ابتدائی حروف :۔ جن کے نام کا حرف اوّل س ش ج ش ۔ ص ۔ ث گو ۔ گے ۔ سی ۔ ہو ہے ۔

نشان :۔ پانی کی چھاگل بردار کینا

عنصر :۔ ہوا

حاکم سیارہ :۔ یورنس

خوش بختی کا ہندسہ :۔ ۴ (چار)

موافق رنگ :۔ بنفشی، آسمانی اور ان رنگوں کے مختلف شیڈ۔

مہینے کی مبارک تاریخیں :۔ ۲ ۔ ۱۶ ۔ ۲۶ ۔ ۷ ۔ ۱۷ ۔ ۲۷

مبارک دن :۔ جمعہ ۔ ہفتہ ۔ سوموار کا آدھا دن

موافق نگینہ :۔ نیلم ۔ فیروزہ ۔ نیا عقیق ۔ سنگ بادل سنگ دودھیا

دبرج دلو کے دوست :۔

بہترین جوزا، میزان

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ خوش شاہ وچ ماچٹر

بہتر : قوس ۔ جدی ۔ حوت ۔ حمل

غیر یقینی : ثور ۔ اسد ۔ عقرب

غیر جانبدار : سرطان ۔ سنبلہ

(بیماریاں)

دلو لوگوں کو درجہ ذیل بیماریاں ہو سکتی ہیں ۔

(۱) درد گردہ (۲) آنتوں کی بیماریاں

(۳) دمہ ۔ ضیق النفس (۴) بدہضمی کی شکایت

(۵) اپنڈے سائیٹس (آنت کا متورم ہو جانا) (۶) اختلاج قلب

(۷) مثانہ کی بیماریاں (۸) تبخیر معدہ

(موزوں پیشے)

(۱) کاروبار ۔ تجارت (۲) انجینئرنگ

(۳) تعلیم و تدریس (۴) جاسوسی ۔ سراغ رسانی

(۵) سیلز مینی (۶) سیاست

(۷) فوجی ملازمت (۸) سرکاری نوکری

(۹) سائنس ۔

(مشہور شخصیات)

(۱) مولانا محمد علی جوہر (۲) جگر مراد آبادی

(۳) چارلی چپلن (۴) چارلس لافٹن

(۵) ہنری فورڈ (۶) انتھنی ڈکسٹر

(۷) مس سلوچنا (۸) گل حمید

(۹) گیری کوپر (۱۰) پال نیومن

(۱۱) مس سلوچینا — (۱۲) فرینکلن روز ویلٹ
(۱۳) مولانا حسرت موہانی — (۱۴) فرینکلن روز ویلٹ
(۱۵) ابراہیم لنکن — (۱۶) سمرسٹ ماہم
(۱۷) رونالڈ ریگن۔

(دلو افراد کی خصوصیات)

ان کی آنکھیں سحر انگیز ہوتی ہیں۔ جن کا رنگ عام طور پر نیلا، سبز یا بھورا ہوتا ہے۔
ان کے بال سپید سے اور ریشمی ہوتے ہیں۔ جن کا رنگ سنہرا یا ہلکا بھورا ہوتا ہے
چہرے کی رنگت زردی مائل ہوتی ہے۔
دلو مرد اوسطاً دراز قد ہوتے ہیں۔
ان کے خدوخال دلربا مائی ہوتے ہیں۔
دلو افراد عام طور پر سوچ بچار کرتے وقت اپنا سر ایک طرف کو جھکا لیتے ہیں۔
دلو مردوں میں اکثر زنانہ خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ شلاً جو بلجے کو ہے اور دلو عورتوں میں مردانہ خصوصیات۔
یہ لوگ تجزیہ نگار ہوتے ہیں۔
یہ لوگ جو بات آج سوچتے ہیں وہ دوسرے لوگ پچاس سال بعد سوچیں گے۔
ان یادداشت اچھی نہیں ہوتی۔
برج دلو کے لوگ دنیا کے ہر فرد کو اپنا دوست سمجھتے ہیں۔
دلو لوگ صاف ستھرے اور اصول پسند ہوتے ہیں۔
دلو مرد جس سے محبت کرتا ہے اس کی معمولی باتوں کو بھی اہمیت دیتا ہے۔
دلو لوگ اپنے بچوں سے بڑی محبت کرتے ہیں۔ اور ان کی باتیں پوری توجہ سے سنتے ہیں۔ ان میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

دلو لوگ چیزوں کے بارے میں بڑا حقیقت پسندانہ رویہ رکھتے ہیں۔
یہ لوگ بڑے رومان پرور ہوتے ہیں۔ اور اپنے آئیڈیل کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔

حوت:

۲۰ فروری تا ۲۱ مارچ پیدا ہونے والوں کا برج حوت ہے۔

تعارف برج حوت

نام کے پہلے حروف: د۔ دی۔ جھ۔ ج۔ تھ۔ دھ ہے۔

نشان: دو مچھلیاں

عنصر: پانی

حاکم سیارہ: عطارد

موافق ہندسہ: ۷ (سات)

مہینے کی مبارک تاریخیں: ۳۔ ۱۲۔ ۲۱

مبارک دن: جمعرات

موافق رنگ: نیلا سبز۔ ارغوانی۔ سفید

موافق نگینہ: پکھراج۔ موتی

(حوت کے دوست)

بہترین :۔ سرطان ۔ عقرب

بہتر :۔ جدی ۔ دلو ۔ حمل ۔ ثور

غیر یقینی :۔ جوزا ۔ سنبلہ ۔ قوس

غیر جانبدار :۔ اسد ۔ میزان

(حوت کی بیماریاں)

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو درج ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔

(۱) آنکھوں کی بیماریاں (۲) نظام ہضم کی خرابی

(۳) نمونیا (۴) گنٹھیا

(۵) لنگڑا پن (۶) پھیپھڑوں کی بیماریاں

(۷) ٹخنوں اور گھٹنوں کا درد

(حوت کے لیے موزوں پیشے)

(۱) جاسوسی شعبے (۲) عوامی رابطے کے تمام شعبے

(۳) سیر و سیاحت کے شعبے (۴) سماجی بہبود کے تمام شعبے

(۵) سیاست (۶) ناشر

(۷) لائبریرین (۸) آرائش و زیبائش ۔ ڈیکوریشن

(۹) ریسٹورنٹ (۱۰) اداکاری ۔ صداکاری

(۱۱) فوڈ بزنس (۱۲) ایجنسی ورک

(۱۳) سرامیکس انڈسٹری (۱۴) نفسیات

(۱۵) فرنیچر سازی (۱۶) لیکچرار

(۱۷) نرسنگ ۔ مڈوائفری دایہ گیری (۱۸) طبعی تحقیق

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھڑ

(۱۹) ادیب۔ ڈرامہ نگار، شاعر، مصور

(برج حوت کی مشہور شخصیات)

(۱) ہیما مالنی
(۲) امیتابھ بچن
(۳) جیکی گلیسن
(۴) مائیکل انجیلو
(۵) وکٹر ہیوگو
(۶) ارلی وینزن
(۷) جارج واشنگٹن
(۸) سٹائن
(۹) البرٹ آئین سٹائن

مشہور ماہر نجوم جیو ڈ یتھ پینے کہتا ہے حوت خواتین کے دل و دماغ میں نت نئی آرزوئیں ایک ہجوم کی طرح جمع رہتی ہیں۔ وہ مرد کو اپنی جانب آسانی سے متوجہ کر سکتی ہیں۔

حوت عورت مردوں کو کھلی کتاب کی طرح پڑھنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتی ہے۔ اسے دھوکہ دینا یا بے وقوف بنانا آسان کام نہیں ہے۔

حوت عورت گھر کو بنانا سنوارنا خوب جانتی ہے۔

معاشرے کی پوری عمارت اور سماج کی تمام دیواریں اگر حوت عورت کے اردگرد آگریں تو بھی وہ شہزادیوں کی سی تمکنت کے ساتھ ملبے میں اپنا راستہ بناتی پورے اعتماد کے ساتھ آپ کے پاس پہنچ جائے گی۔ جو مشکلات کسی دوسری عورت کو پریشان کر دیتی ہیں وہ حوت عورت کے سامنے انتہائی معمولی مسائل کی صورت اختیار کر لیتی ہیں جنہیں وہ سکون سے پل بھر میں حل کر سکتی ہے

حوت عورت بلاشبہ محبت کرنے والی ایک شاندار اور مثالی بیوی بن کر رہ سکتی ہے۔ بشرطیکہ آپ اسے اپنی کامل توجہ اور پیار دیتے رہیں۔

حوت بچی اپنی ماں سے بے حد متاثر ہوتی ہے۔ وہ اپنی ماں ہی کی تصویر بننا چاہتی ہے۔ اور ہر وہ کام کرتی ہے جو اس کی ماں چاہتی ہے کہ وہ کرے

لیکن جیسے ہی وہ عمر کی سیڑھی چڑھتی جاتی ہے اپنے رویے میں تبدیلی لانے لگتی ہے۔

حوت لڑکی جنسی اعتبار سے بے حد پُر اعتماد اور پرسکون ہوتی ہے۔ وہ مرد کو اپنی جانب آسانی سے متوجہ کرلیتی ہے جذبات کو برانگیختہ کرنے میں اسے ذرا دیر نہیں لگتی تاہم اس سلسلے میں وہ اپنے لیے کوئی مشکل صورت حال کبھی پیدا نہیں کرتی ہے۔

حوت عورت عام تعلقات کے سلسلے میں مختلف مراحل سے گزرتی ہے۔ ازدواجی اور جنسی تعلقات یعنی دوستوں اور بچوں کے ساتھ اس کا رویہ بے حد محتاط نرم اور خوشگوار ہوتا ہے۔

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کو ہمیشہ قابل اعتماد دوستوں کی تلاش رہتی ہے کیونکہ انہیں دوستوں کے انتخاب میں اکثر غلط فہمی اور مایوسی ہوتی ہے۔

حوت لوگ کو تنہائی یا اکیلے پن سے نفرت ہوتی ہے تاہم وہ بعض اوقات تنہا رہنا بھی پسند کرتے ہیں۔

حوت لوگ بلاشبہ معصوم اور شریف ہوتے ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ وہ بہت اچھے اداکار ہوتے ہیں اور موقع محل دیکھ کر اداکاری سے بھی گریز نہیں کرتے۔

حوت لوگوں کا جمالیاتی ذوق بہت اچھا ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ فنون لطیفہ کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

حوت لوگ جمالیاتی حس سے عادی لوگوں کی محبت برداشت نہیں کر سکتے۔ وہ بدذوق لوگوں کی محبت سے گھبراتے ہیں۔ اور الجھن محسوس کرتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش رہیں جیوے سرفراز شاہ دوج

حوت لوگ فنونِ لطیفہ کے دلدادہ اور شستہ ذہن کے حامل ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ وہ فنکارانہ صلاحیتوں سے بھی متصف ہوں لیکن یہ حقیقت ہے کہ وہ فنکاروں کی حوصلہ افزائی کا باعث ہوتے ہیں۔

حوت لوگوں میں ایسے لوگوں کی تعداد کوئی زیادہ نہیں ہوتی جنہوں نے اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی اپنے محسوسات کو نظم کے قالب میں نہ ڈھالا ہو۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ وہ اپنے محسوسات کو نظم میں موزوں کریں نہ کریں دوسروں کے کلام کو بڑی توجہ سے پڑھتے ہیں۔

حوت لوگ اردگرد بیٹھے لوگوں کو ہنسانے کے ماہر ہوتے ہیں تاہم اس وقت نہایت سنجیدہ دکھائی دیتے ہیں جب وہ اپنی دوستی کو اپنے تصور میں رومانس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں۔

حوت ماں اور باپ دونوں مہربان اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں دونوں اپنے بچوں سے محبت کرتے ہیں۔ حوت والدین اپنے بچوں سے جتنی مسرت محسوس کرتے ہیں کوئی دوسرے والدین اتنی مسرت محسوس نہیں کرتے۔ حوت والدین اپنے بچوں کی ہر بات پوری توجہ سے سنتے ہیں۔

حوت مرد اور عورتیں خوش شکل اور خوبرو ہوتی ہیں۔

حوت لوگ بہت جذباتی اور رومان پسند ہوتے ہیں۔

حوت لوگ آرٹسٹک ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔

حوت عورتوں کی اکثریت اداکاری گلوکاری اور رقص کی دلدادہ ہوتی ہے۔

حوت لڑکیاں اپنے وزن سے قطع نظر اپنی ٹانگوں کے تیز ترین استعمال پر پوری طرح قادر ہوتی ہیں۔ اور اکثر ماہر رقاصہ بننے کی خواہش مند ہوتی ہیں۔

حوت مرد اکثر سائنس دان، سیاست دان، موسیقار، مصور، شاعر، ادیب اور اداکار بننے کو ترجیح دیتے ہیں

حوت لوگ اچھے داستان گو بھی ہوتے ہیں۔

برجوں میں ستاروں کے اثرات

۱۲ برجوں میں ستاروں کے داخل ہونے اور نکلنے سے انسانی زندگی پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ جبکہ ستاروں کے مزاج بھی مختلف ہیں۔ ان میں سعدیت اور نحوست کے علاوہ دوستی و دشمنی بھی ہے۔ لہٰذا بہت مناسب ہوگا کہ تفصیل وار علیحدہ علیحدہ برجوں میں ہر ستارے کے اثرات وضاحت سے بیان کر دیئے جائیں۔

وہ برج جس میں پیدائش کے وقت کوئی بھی ستارہ گردش کر رہا ہوگا اُس کا اُس کی ڈگریوں اور حال سے گہرا تعلق ہوگا۔ اُس برج سے انسان کی دماغی حالت کا صحیح اندازہ ہوتا ہے اور پھر چاند اور سورج کے اثرات کا زائچہ پر گہرا اثر پڑتا ہے۔

سورج برج حمل میں :۔

خوش قسمت۔ درازی عمر۔ صحت اور قوت۔ مستقل مزاج۔ ہوشیاری۔ ہوش مندی۔ خود اعتمادی مگر چنداں جلد بازی۔ عوامی زندگی میں ذمہ دارانہ حیثیت مثلاً لیڈر۔ افسر۔ حاکم۔ خود مختار اور دوسروں کو ہدایت دینے والے۔

مذہبی خیالات کی طرف یکسوئی۔ مخالفت کو سختی سے دبانے کی خواہش شہدت اور ذلت کا باعث بن جائے۔

سورج برج ثور میں :۔

یہ برج دولت مندی ظاہر کرتا ہے۔ کاروبار اور خاندانی جائداد دولت کا فائدہ سرمایہ کاری حصص کی خرید و فروخت۔ جائداد خریدنے یا شراکتی کاروبار میں فائدہ۔ بچپن میں والدین سے مالی فائدہ۔ اگر عورت کے زائچہ میں سورج برج ثور میں ہو تو خاوند کی طرف سے فائدہ۔

مکانات واراضیات کی خرید و فروخت یا ایسی ہی نوعیت کا کاروبار سود مند رہتا ہے۔ اس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

احمدی اور حسن سلوک اس برج میں واقع سورج کا اولیں فرض ہے کسی بھی کام کو انجام دینے کی تمنا اور نقطہ عروج پر پہنچنے کی کوشش۔

موسیقی، مصوری، شاعری سے خاصا لگاؤ۔ فنون لطیفہ کا از حد دلدادہ و شیدائی۔

سورج برج جوزا میں :۔

دماغی صلاحیتوں کو بڑھاتا ہے۔ سائنس اور ادب سے گہرا لگاؤ۔ علمی بحث ومباحثہ ایسے پیشوں میں نمایاں کامیابی تعلیمی، سرکاری اور لکھائی پڑھائی کے کاموں میں بہتری ایسا کاروبار جس کا تعلق ادب کی اشاعت، اخبارات، رسائل وکتب وغیرہ سے ہو فائدہ مند۔

متلون مزاج۔ صاحب زائچہ بہترین مبلغ، وکیل، استاد، پروفیسر یا سیاست دان ہو کر عوامی خدمت کرتا ہے۔

علم کی لگن میں سفر کرتا ہے۔ اس کے دوست واحباب علمی حلقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

اگر عورت کے زائچہ میں سورج برج جوزا میں ہو تو دو شادیوں یا دو جڑواں بچوں کو ظاہر کرتا ہے۔

سورج برج سرطان میں :۔

والدین سے مالی فائدہ ظاہر کرتا ہے۔ آبی یا مائعات کے کاروبار میں فائدہ ہوتا ہے۔ یعنی تیل، پٹرول وغیرہ۔

اس کے علاوہ مکانات واراضیات اور جہاز رانی میں فائدہ۔

صاحب زائچہ بہترین پولیس آفیسر، سراغ رساں یا کسی ہسپتال میں اچھی جگہ پر

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ہوتا ہے۔

زندگی کا کچھ حصہ شہر سے دور کسی دیہات یا جنگل میں بسر کرتا ہے اور کچھ حصہ دریا یا سمندر کے ساحلی علاقہ میں عورت کے زائچہ میں سورج برج سرطان میں خرابی صحت اور کم عمری کی علامت ہے۔

خاوند سے مالی فائدہ ہونے کی امید ہوتی ہے۔ خوشی کے کاموں میں صاحب زائچہ کا دل خوب لگتا ہے۔ ارادے غیر متزلزل ہوتے ہیں۔ آخری عمر میں دماغی پریشانیوں اور بیماریوں کو ظاہر کرتا ہے۔

سورج برج اسد میں :۔

صاحب زائچہ نامور۔ صاحب اقتدار اور حکومت کا دلدادہ ہوتا ہے۔ دکھ درد میں دوسروں کے کام آنے والا۔ ماتحتی وزیر تحتی کام میں بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتا ہے نئی نئی ایجادیں کرتا ہے۔ درازی عمر اور والدین کے لیے ہر لحاظ سے بہتر ہے۔

سورج برج سنبلہ میں :۔

صاحب زائچہ کو اگر اعلیٰ ترین افسری کی جگہ مل جائے تو اچھا نگران ثابت نہیں ہوتا دوسروں کے صلاح و مشورہ سے کام کرتا ہے۔

محبت کے معاملے میں سورج برج سنبلہ میں منحوس ہے۔

سورج برج میزان میں :۔

محبت کا دلدادہ۔ خوش اخلاق۔ سوسائٹی میں باعزت دوستوں کو پسند کرنے والا۔ عورت سے محبت اور میل ملاپ۔ مصوری۔ شاعری۔ فنون لطیفہ سے لگاؤ چھوٹی عمر میں شادی۔ اختلاف اور نتیجہ علیحدگی۔

سورج برج عقرب میں :۔

صاحب زائچہ کسی حادثہ میں زخمی ہو کر تکلیف اٹھائے۔ اگر عورت کے زائچہ

میں سورج برج عقرب میں ہو تو خاوند کے لیے ٹھیک نہیں اس سے علیحدگی یا موت واقع ہو امراض کی تشخیص اور سراغ رسانی سے لگاؤ۔ ضدی۔ اپنے مطلب کے لیے میل بہانے ڈھونڈنے والا۔

سورج برج قوس میں:۔

صاحب زائچہ خوش اخلاق۔ انصاف پسند۔ صلح کُن۔ مذہب سے زیادہ لگاؤ، جدت پسند۔ موجد۔ بحری سفر کا متمنی۔ اولاد میں لڑکے زیادہ ہوں۔

سورج برج جدی میں:۔

شہرت و ناموری کا متلاشی۔ خود مختاری اور دوسروں کو راستہ دکھانے کی اہلیت زندگی میں نمایاں کردار ادا کرنے کے بعد اچھی پوزیشن اختیار کرے۔ اس کے چند راز دار دوست ہوں مگر قسمت کے ہاتھوں تنہائی پسند ہو جائے۔ سنجیدہ، سوچ بچار کا عادی اور متفکر ہو۔ صاحب زائچہ اچھا منیجر ہو سکتا ہے۔ بینکنگ، کمپنی یا تجارتی ادارہ کا سربراہ اس میں اچھے مالک اور اچھے خدمت گار ہونے کی صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں۔ مطلب پرستی اور خود پسندی نمایاں حیثیت ظاہر کرتی ہے۔ صحت اور درازی عمر کے لیے اچھا شگون نہیں۔ شادی اور اولاد نرینہ کے لیے عورت کے خانہ میں ہو تو خاوند کی موت۔ عورت کے خانہ میں ہو تو عورت بیمار، بچہ کی وفات۔

سورج در برج دلو:۔

زیادہ دوست۔ شہرت پسند اور نامور۔ رحم دلی اور سخاوت میں دلیر۔ خیالات بہت وسیع۔ ہوشیاری اور مکاری سے اپنے کام حل کرے۔ سیاسی اور تعلیمی کاموں میں نمایاں حصہ لے۔ سمجھدار۔ حساس اور عوامی احساسات کو سمجھنے والا۔ دوستوں کی مدد سے زیادہ عروج حاصل کرے۔ کلب، سیاسی جماعت، مشاعرہ یا ایسی مجالس جن میں علمی بحث مباحثہ ہو نمایاں حیثیت اختیار کرے۔ برے یا اچھے ایام میں اپنی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تنگ دور سے ہمیشہ اپنی پوزیشن برقرار رکھ سکے۔ شادی اور محبت کے معاملہ میں رخنہ اندازی۔ والد کے لیے نحس درازی عمر اور صحت کے لیے ناموافق۔

سورج برج حوت میں:۔

متزلزل شخصیت۔ خاموش طبع اور کاہل۔ اگر اسے اچھی ذمہ دارانہ جگہ مل جائے تو نہ فائدہ حاصل کر دیا ہے اور نہ ہی کسی کے لیے سود مند۔ دوسروں کی مدد و کوشش سے کسی نمایاں جگہ پر پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے دوسرے اسے اپنی مرضی کے مطابق ڈھال لیتے ہیں۔ اگر لیڈر ہو جائے تو صرف کاٹھ کا پتلا ہو۔ ایسے کاروبار جن میں ذمہ داری ہو۔ پریشانی اور تکلیف زندگی میں زیادہ تنگ کریں۔ محبت و شادی کے لیے نحس۔

قمر کے اثرات:

قمر برج حمل میں:۔

جذباتی۔ محنتی اور غصیلا۔ اپنے لیے آپ اپنا راستہ بناتا ہے۔ خود مختار اور خود پسند کسی ادارہ کا سربراہ ہونے کی حیثیت میں نمایاں کام سرانجام دیتا ہے۔ امراض صفراوی سے تکلیف اٹھاتا ہے۔ والدہ سے فیض پاتا ہے زندگی میں روحانیت کا متلاشی زندگی میں کسی سازش کا شکار ہو جاتا ہے۔

قمر برج ثور میں:۔

خیالات کا دھنی۔ ہٹ دھرم اور ضدی۔ گنے چنے راستوں پر گامزن۔ لکیر کا فقیر۔ زمین، مکانات۔ دوستوں سے فائدہ۔ والدہ سے صاحب زائچہ سے امداد ملے بندرگاہوں کے قریب زیادہ عرصہ رہے۔ صاحب زائچہ کے زیادہ بہن بھائی ہوں۔

قمر برج جوزا میں:۔

تعلیم و تربیت کا دلدادہ۔ کتابی کیڑا۔ چالاک و ہوشیار، اپنی جائے رہائش بدلتا رہے۔ سیر و تفریح کا شوقین سپیکر، ایجنٹ، کلرک، رائٹر، ڈیزائنر، مضمون

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نگار، ایڈیٹر ہو۔ کاروبار بدلتا رہے۔ اگر زائچہ میں کمزوری ہو تو ضدی، سڑیل، چڑچڑا، دماغی حالت درست نہ رہے۔

قمر برج سرطان میں :۔

گھر آرام کا خواہش مند۔ والدہ کا نگران اور خیر خواہ۔ جذباتی بدل جانے والا اور رنش تکھ حالات سے زیادہ متاثر ہو جذبات ابھارنے اور دوسروں کو کسی کام کی طرف راغب کرنے صلاحیت رکھتا ہو۔ موسیقی اور مصوری سے لگاؤ۔ تجارتی کاموں میں فائدہ بحری سفر کا متمنی اور موت بھی پانی میں ہو۔

قمر برج اسد میں :۔

ذمہ دارانہ شخصیت۔ ڈائرکٹر یا مینجر۔ حکومت کرنے والا والدین سے مالی فائدہ ہیرے جواہرات، عطریات اور خوشنما ملبوسات سے دلچسپی۔ خوش مزاج اور عروج پر جانے کا خواہش مند۔ باعزت، سنجیدہ، رحم دل۔ موسیقی اور مصوری سے لگاؤ رکھنے والا۔

قمر برج سنبلہ میں :۔

دماغی حالت بہت اچھی ہو۔ یادداشت اور مطالعہ بہت اچھا ہو۔ ملازمین کے لیے بہت اچھا۔ ایجنٹ، کلرک، مینجر، اپنے ماتحت ملازموں کے لیے فائدہ مند۔ ذاتی کاروبار کاشتکاری کریانہ فروشی، بیکری، اور ہر وہ کاروبار جو ادویاتی جڑی بوٹیوں سے تعلق رکھتا ہو جیسے کیمسٹ، ڈرگسٹ وغیرہ۔ عورتیں زیادہ دوست ہوں۔ زندگی میں سفر زیادہ کرے۔ بطور سیکریٹری کلرک، مینجر، ایجنٹ کے کام کرے۔

قمر برج تلا میں :۔

شادی کے لیے قمر کا برج تلا میں ہونا بہت ضروری ہے۔ اس شادی سے صاحب زائچہ کو زیادہ عزت و شہرت حاصل ہوتی ہے۔ فنون لطیفہ شاعری، موسیقی، مصوری

سے گبھراتا ہے۔ دوستوں سے فائدہ۔ ہنس مکھ اور ملنسار ہوتا ہے والدین اور بہن بھائیوں کے لیے سودمند۔ محفلوں اور دوستوں کا شائق۔ اس کی قسمت دوسرے لوگوں کی مدد سے چمکتی ہے۔ اور وہی لوگ اس کے حالات بگاڑ سکتے ہیں۔ شراکتی کاروبار میں فائدہ۔

قمر برج عقرب میں :۔

ارادے کا پکا۔ دنیا کی مشکلات کو اکیلا ہی زیر کرتا ہے۔ محنتی اور صاف گو۔ زندگی سکون سے گزارنے کا متمنی۔ بدلہ اور انتقام لینے کے لیے ہر طریقہ استعمال کر جانے والا۔ زیادہ معدہ اور پوشیدہ امراض سے تکلیف اٹھاتا ہے۔ خاندان کے لیے نحس۔ منشیات کا عادی۔ پیدائش کے بعد اپنے خاندان یا نزدیک کریں۔ حلقہ میں کسی کی موت کا پیغام ثابت ہو۔ روحانی قوتوں سے فائدہ حاصل ہو۔ عورتوں سے ناجائز تعلقات شادی بیاہ میں لڑائی جھگڑا اور طلاق۔

قمر برج قوس میں :۔

دماغی جسمانی حالت کو درست نہ رکھے۔ تیز مزاج۔ ہر وقت متفکر اور سوچ بچار میں غرق۔ زندگی میں ایک بار دور دراز ملکوں کا بحری سفر کرے۔ اپنی جگہ بدلتا رہے۔ زندگی میں نمایاں کام انجام دے۔

قمر برج جدی میں :۔

عوامی زندگی میں ایک مثالی کردار۔ صدر یا کسی کاروباری ادارہ کا سربراہ بنے۔ والدین میں سے کسی کی موت واقع ہو جائے۔ مالی معاملات میں گرہ کا مضبوط۔ دوسروں کو زیر اثر لانے کے لیے عمدہ گرو جاننے والا۔

قمر برج دلو میں :۔

نجومی ہو۔ بڑی ذہنی صلاحیت رکھتا ہو۔ والدہ کے خاندان اور عورتوں سے

مفاد حاصل کرے۔ کاروبار میں شراکت سے فائدہ ہو۔ اعصابی امراض کا شکار ہے

قمر برج حوت میں :۔

انواع و اقسام کی اشیا پسند کرنے والا۔ تنہائی پسند۔ موسیقی یا شاعری کا متمنی۔ شہوانیت پر مبنی لٹریچر پڑھنے والا۔ دوسروں کا سہارا لینے کا متمنی۔ منشیات کا عادی۔ زندگی میں عموماً ہسپتالوں میں زیر علاج ہو۔

مریخ کے بارہ برجوں میں اثرات :۔

مریخ برج حمل میں :۔

محنتی، ہوشیار، خود مختار اور وفادار۔ آزادانہ زندگی بسر کرنے والا۔ مختلف ذرائع سے روزی کمانے والا، کھیلوں کا شوقین۔

مریخ برج ثور میں :۔

سنجیدہ، متکبر اور جذباتی۔ مقدمات اور رشتہ داروں سے نقصان۔ نامور یا بدنام لوگوں کا ساتھی۔ ملازمت یا کاروبار میں فائدہ۔ روحانیت کا قائل۔ پیر پرست شادی خوشی کا باعث نہ ہو۔ اولاد سے دکھ اٹھائے۔

مریخ برج جوزا میں :۔

مہذب اور شائستہ مزاج۔ بعض اوقات پریشانیاں۔ ماتحت عملہ کی طرف سے سازشیں غبن اور بدنامی۔ رشتہ داروں میں مذہبی خیالات والی لڑکی سے شادی کرے۔ ایک سے زائد شادیاں پھیپھڑوں کی بیماری سے موت واقع ہو۔ خانگی امور کی وجہ سے عمر کا آخری حصہ

مریخ برج سرطان میں :۔

ایماندار۔ دلیر۔ مضبوط۔ جری۔ ماتحتوں سے خطرہ۔ کوئی سرکاری عہدہ پائے موت اچانک واقع ہو۔ بحث و مباحثہ کا شوقین۔ موسیقی سے لگاؤ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مریخ برج سنبلہ میں :-

بے مروت ، جلد باز، خود غرض ۔ غیر ملکی سفر کرے اور زندگی کا کافی عرصہ وہاں گزارے ۔ غیر ملکی اشیاء کی تجارت الیوسی ایشن انشورنس کمپنی یا کسی فرم کا ایجنٹ بننے کا کام فائدہ مند رہے خوراک کے معاملہ میں محتاج ۔ اپنی سوچ سمجھ سے قسمت بنائے عمر کے آخری حصہ میں ذہنی حالت کچھ ٹھیک نہ رہے ۔

مریخ برج تلا میں :-

خوش مزاج ، معاملہ فہم اور گہری نظر رکھنے والا ۔ گھریلو زندگی میں اموات زیادہ ۔ مذہبی اور فلسفیانہ خیالات والوں سے زیادہ دوستی شراکت میں فائدہ ۔ لائق اور ہوشیار اولاد ۔

مریخ برج عقرب میں :-

جلد باز ۔ فیصلہ کن طبیعت کا حامل ۔ سزا پانے یا قید ہونے کا خطرہ ۔ مقدمات اور خفیہ سازشوں سے نقصان ۔ کسی بڑے عوامی ادارے میں کام کرے ۔ کاروبار ہی سلسلے میں غیر ملک میں جانا پڑے خودکشی کرے ۔ جادو ٹونے اور ایسے ہی عملیات کو سیکھنے والا شادی سے مال ملے گا ۔ خیالی پلاؤ پکانے میں سراسر نقصان ہو ۔ شہرت خواہ بدنامی کی صورت میں کیوں نہ ہو غیر ممالک تک پھیل جائے ۔

مریخ برج قوس میں :-

بعض اوقات غبی اور بعض اوقات دماغی لحاظ سے بہترین مبلغ ۔ ایسے کاروبار جن میں عملیات اور قسمت وغیرہ کا حال ہو فائدہ مند ہیں ۔ ایک سے زائد شادیاں کرنے والا ۔

مریخ برج جدی میں :۔

جذباتی۔ انتہاپسند۔ محنتی اور ہنس مکھ۔ دوستوں کی وجہ سے مصیبت اٹھائے کاروبار یا عہدہ میں شہرت پائے۔ فرض کی ادائیگی میں یکسوئی سے کام لینے والا۔ غیر ملکی سفر میں فائدہ ہو۔ مالی حالات بہتر رہیں۔

مریخ برج دلو میں :۔

جلد باز۔ انتہا سے زیادہ رحم دل۔ عزیزوں کی مدد سے مالی فائدہ ہو۔ سرکاری عہدکا سربراہ ہونے کی اہلیت رکھنے والا سائنس اور فلسفہ سے لگاؤ۔ غیر علاقہ میں موت واقع ہو جہاں اس کا کوئی عزیز نہ ہو۔ قمار بازی میں نقصان

مریخ برج حوت میں :۔

غیر مستقل مزاج۔ یادداشت اچھی رکھنے والا۔ شادی میں رکاوٹیں محبت میں صدمات۔ دوستوں سے فائدہ۔ دماغی کاموں والی ملازمت۔

زحل کے اثرات بارہ برجوں میں :۔

زحل برج حمل میں :۔

آدھی زندگی تک مصائب کا سامنا کرنا پڑے۔ دوستوں اور عزیزوں سے نقصان۔ کاروبار میں نقصان۔ چچا یا چچی کی موت سے فائدہ یا نقصان۔ اپنی عمر سے زیادہ عورت سے شادی۔ اور اس شادی سے غربت کا اندیشہ۔ چند سفر۔ صنعت وحرفت میں ترقی کے امکانات۔

زحل برج ثور میں :۔

کفایت شعار۔ سیاست دان۔ گھریلو زندگی کی نامناسب۔ بھائیوں اور عزیزوں سے نقصان۔ شادی سے مالی نقصان۔ بیوی فوت ہو جائے۔ غیر ملکی سفر سے بیماری لاحق۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

زحل برج جوزا میں :-

خود پرست ۔ مکار دوستوں اور گھریلو الزامات کے تحت قید ہونے کا اندیشہ غیر ملک میں کسی دوشیزہ سے محبت اور شادی ۔ قانونی ۔ معاملات میں بدقسمت ۔ اولاد کی طرف سے فکرمند ۔ کاروباری تفکرات کے تحت بیماری ۔

زحل برج سرطان میں :-

گھریلو معاملات میں ہمیشہ پریشان ۔ غیر مطمئن ۔ محبت میں جدائی ۔ ڈوبنے سے یا غیر ملک میں موت واقع ہو ۔ مذہبی طور پر راسخ الاعتقاد ۔ شراکتی کاروبار میں جھگڑوں کا احتمال ۔

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

زحل برج اسد میں :-

ارادہ کا مضبوط ۔ جذباتی ۔ محبت کی شادی ۔ سرکاری عہدہ میں عزت میں اضافہ معاملہ فہم اور جلد فیصلہ کر دینے والا ۔

زحل برج سنبلہ میں :-

محتاط، ہوشیار، چالاک، آدھی زندگی تک مصائب کا مقابلہ کرے ۔ شادی بیاہ میں بدقسمت ۔ دماغی عارضہ سے تکلیف اٹھائے ۔

زحل برج تلا میں :-

خوش مزاج ۔ صلح کن ۔ انصاف پسند ۔ ایسی دوشیزہ کی موت سے صدمہ جس سے عشق ہو ۔ مطالعہ کا شوقین ۔ غیر ملکی دوستوں کی ملاقات سے زندگی میں نئے تجربات ۔ موت کسی ایسے حادثہ سے واقع ہو جس سے شہرت یا بدنامی ملے ۔ شادی کے بعد حالات اور قسمت بدلے ۔ بڑھاپے میں گھریلو معاملات کی وجہ سے تکلیف اٹھائے ۔

زحل برج عقرب میں :-

خود پسند ۔ مطلب پرست ۔ طوطا چشم ۔ حاسد ۔ متکبر ۔ خفیہ کاموں کا دلدادہ

ایسے اشخاص سے دوستی جن سے مطلب نکل سکے۔ غیر ملکی سفر کرے۔ تکلیف کے بعد راحت حاصل ہو۔ کاروبار میں تجارتی اداروں سے نفع حاصل کرے۔ محبت میں صدمات عبرتناک انجام۔ کنجوسی۔ غربت۔ افلاس۔

زحل برج قوس میں :-

صاف گو۔ مبلغ۔ عالم دین۔ ایماندار۔ عزت اور شہرت پانے والا اولاد خوش قسمت ہو۔ حرکت قلب بند ہونے سے موت واقع ہو۔

زحل برج جدی میں :-

چالاک۔ ہوشیار۔ مطلب پرست۔ دوستوں اور عزیزوں کو اچھا نہ سمجھے غیر ملک میں زیادہ مالی فائدہ ہو۔ مہلک بیماری سے موت واقع ہو۔

زحل برج دلو میں :-

سنجیدہ مہذب اور اخلاق والا۔ ارادہ کی مضبوطگی سے جس بھی کاروبار یا ملازمت کو اختیار کرے مالی فائدہ حاصل کرے۔ ہر معاملہ میں فیصلہ کن۔ عمر کا آخری حصہ بہترین گزرے۔

زحل برج حوت میں :-

صدمات۔ تکلیف۔ مصائب و آلام کی علامت۔ ہر کام محبت سے شروع ہو کر صدمات پر ختم ہو۔ خودکشی سے موت واقع ہو۔

سیارہ مشتری کے اثرات :

مشتری برج حمل میں :-

چاک و چوبند۔ خوش قسمت۔ تجارتی اور بحری سفر سے فائدہ۔ سفر میں اچھے لوگ ملیں۔ گھریلو زندگی اور سماجی کاموں میں نیک نامی۔ والدہ کے کنبہ سے جھگڑا۔ خوش قسمت بیوی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مشتری برج ثور میں :۔

مضبوط ارادے ۔ مستقل مزاج ۔ نامور رشتہ داروں سے نقصان غیر ملکی سفر سے بیماری ملے ۔ خود اپنی زندگی بنائے ۔ مذہبی علوم میں اعلیٰ درجہ کی واقفیت عورت نیک بخت اور اچھے اخلاق والی ہو ۔

مشتری برج جوزا میں :۔

بزرگانہ خصلت وخصائل ۔ روحانیت میں فائدہ ۔ مذہبی عالم ۔ غیر معروف پیشے اور کاروبار اختیار کرے ۔ دوستوں کے میل ملاپ سے خوشی مگر گھریلو حالات درست نہ رہیں ۔

مشتری برج سرطان میں :۔

رحم دل ۔ سخی ۔ نامور ۔ محبت اور نرم دلی سے دشمنوں کو دوست بنائے ۔ مذہبی خیالات میں پختگی ۔ شادی کے بعد عزت وشہرت بڑے منصوبوں پر مبنی کاموں پر مبنی کاموں میں فائدہ ۔ غیر ملک میں باعزت موت ۔

مشتری برج اسد میں :۔

رحم دل اور مضبوط ارادہ والا ۔ محبت کی شادی کرے ۔ سراغ رسانی اور محکمہ پولیس کی نوکری میں عروج ۔ خوشحال زندگی بسر کرے ۔ باعزت موت ۔

مشتری در برج سنبلہ :۔

بہترین مقرر ۔ محبت کی شادی کرے ۔ ان جانے لوگوں سے دوستانہ تعلقات پیدا ہوں ۔ کاروباری سلسلہ میں غیر ملکی سفر ۔

مشتری برج تلا میں :۔

انصاف پسند ۔ رحمدل ۔ سخی اور نڈر ۔ غیر ملکی دوست زیادہ نہیں ملازمین سے فائدہ ۔ عوامی کابوں ، ہسپتالوں یا سرائے کے کاروبار میں فائدہ ۔

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مشتری برج عقرب میں :۔

خوش بخت ۔ ہٹ دھرم ۔ حاسد اور دشمن زیادہ رہیں ۔ اپنے سے اعلیٰ لوگوں سے جھگڑا ۔ سرکاری عہدوں پر فائز رہے ۔ دوسروں کے معاملات کی خفیہ طور پر تحقیق کرنے والا ۔ زہریلی ادویات یا زہریلے خون کی بیماریوں سے تکلیف اٹھائے ۔ زندگی کے آخری حصہ میں دل کی امراض لاحق ہونے کا خطرہ ۔ غیر ملکی سفر کرے ۔

مشتری برج قوس میں :۔

نیک خصلت ۔ رحمدل ۔ بزرگانہ طبیعت ۔ عوامی کاموں میں نقصان ۔ سوچ بچار اور ایسے کاموں میں فائدہ جن میں تقدیر یعنی جوا ، سٹہ ، ریس ۔ ۲ مرتبہ عشق و محبت سے شادی کرے ۔ امن پسند ۔

مشتری برج جدی میں :۔

خواہشات سے بڑھ ۔ بہترین حاکم ۔ کسی ادارے کا بہترین منتظم ۔ دوستوں کی بد قسمتی میں شامل ہونے والا ۔ اپنا راستہ خود بنا کر عروج پائے ۔ فرض شناس ۔ پراسرار علوم سے لگاؤ رکھنے والا ۔

مشتری برج دلو میں :۔

آزاد خیال ۔ رحم دل ۔ سخی ۔ محبت کی شادی ۔ تجارت و کاروبار میں عزت و شہرت حاصل کرے ۔ عوامی زندگی میں نام پیدا کرے ۔

مشتری برج حوت میں :۔

مہمان نواز ۔ رحم دل ۔ جانوروں سے محبت رکھنے والا ۔ زندگی میں محنت مشقت سے عروج پائے ۔ روحانیت پسند ۔ روحانی علوم میں دسترس دشمن سے بھی ہمدردی رکھنے والا ۔ کمترین خاندان میں شادی کرے ۔

زہرہ کے اثرات :۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

زہرہ برج حمل میں ۔

متلون مزاج ۔ عشق کا دلدادہ ۔ ہمدرد اور ہر کام کرنے والا ۔ مالی حالات درست نہ رہیں ۔ عورتوں سے زیادہ لگاؤ ۔ غیر ملکی سفر سے فائدہ ۔ لائق دوستوں کی صحبت سے فائدہ اٹھائے ۔ شادی خوشی کا باعث ہو ۔ کسی مہلک بیماری سے تکلیف اٹھائے ۔

زہرہ برج ثور میں ۔

سنجیدہ اور مضبوط ارادہ رکھنے والا ۔ ورزشوں اور وردیوں کا دلدادہ ۔ عزیز و اقارب کے پیدا کردہ حالات سے پریشان ہو ۔ بیوی کی موت اور اس کے بعد دوسری شادی ۔ سفر سے بیماری ۔

زہرہ برج جوزا میں ۔

مہمل عشق و محبت ۔ رشتہ داروں اور دوستوں سے فائدہ ۔ کمینے لوگوں سے عزت کا خطرہ ۔ شادی کے بعد ترقی ۔ تجارتی سفر سے فائدہ ۔ عدالتی یا ملازم پیشہ طبقہ سے زیادہ محبت رکھے سٹہ لاٹری میں فائدہ ۔ عمر کے آخری حصے میں دل کو صدمات ۔

زہرہ برج سرطان میں ۔

گھریلو معاملات میں محبت ۔ خفیہ محبت ۔ کمینہ لوگوں سے دوستی شادی کے معاملات میں شہرت ۔ عزت یا بدنامی ملے ۔ کسی دوست یا عزیز کی غیر ملک میں موت واقع ہو ۔ کسی نامور مجلسی شخصیت سے دوستی ۔ علم نجوم ، روحانیت اور عملیات میں عبور حاصل کرے ۔

زہرہ برج اسد میں ۔

مجلسی زندگی میں کار ہائے نمایاں ادا کرنے کا متمنی ۔ محبت کی شادی ۔ رقابت و حسد کے باعث بدنامی اور گمنامی کے گڑھے میں گر جائے ۔ عزت بچاتے بچاتے موت واقع ہو جائے ۔ موروثی جائداد سے فائدہ ہو ۔ ہوشیار اور عقلمند ہو ۔

زہرہ برج سنبلہ میں :۔

رفاقت میں پورا ساتھ دے۔ رحم دل۔ خفیہ طریقہ سے شادی کرے۔ مگر محبت کے معاملہ میں اندرونی سازشوں کا شکار ہو۔ کاروباری معاملات میں غیر ملکی سفر اختیار کرے۔ شراکتی کاموں میں نفع۔

زہرہ برج میزان میں :۔

عشق و محبت میں گرم جوشی۔ عزیزوں کی موت سے صدمات شادی کے بعد عزت حاصل ہو۔ رشتہ داروں سے محبت رکھے۔ محبت کی خاطر مال و جان قربان کر دے امن پسند۔

زہرہ برج عقرب :۔

محبت اور رقابت۔ ذاتی حسب و نسب کا غرور۔ بیوہ یا مطلقہ عورت سے شادی احساسات میں محتاط معاشرتی اور مجلسی کاموں میں ناکامی۔ دوستوں کی جانب سے عزت و آبرو پر حملہ۔ بحری سفر میں طبیعت خوش رہے۔ حاسدوں کے ہاتھوں موت واقع ہو۔ ملازمین دلواحقین در پردہ دشمنی رکھیں۔ اور نقصان پہنچانے کی تاک میں رہیں۔ بہترین سراغ رساں

زہرہ برج قوس میں :۔

نرم دل۔ جلد بات مان جانے والا۔ محبت کے معاملات میں بدنام۔ مہمان نواز۔ کثیر الاحباب۔ مقدمات میں فائدہ اور شادی کے بعد قسمت کا ستارہ بلند ہو۔

زہرہ برج جدی میں :۔

اخلاق و محبت کا پتلا۔ مختلف لوگوں سے تعلقات۔ اپنی عقل و فراست سے شہرت حاصل کرے۔ غیر ملکی سفر فائدہ مند رہے۔

زہرہ برج دلو میں :۔

تابعدار۔ نرم مزاج۔ جلد دوست بن جانے والا۔ معاشرتی اور مجلسی کاموں میں

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات بکس FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

زیادہ لگاؤ ۔ بہترین مبلغ موروثی جائداد سے فائدہ ہو ۔ محبت و عورت سے راحت ملے
آخری عمر میں صدمات کی وجہ سے دماغی حالت درست نہ رہے ۔

زہرہ برج حوت میں :۔

ہر ایک کے دکھ درد میں شامل ہونے والا ۔ حاجت مندوں کے کام آنے والا ۔
کاروباری سلسلہ میں سفر درپیش ۔ امن پسند اور تنہائی پسند ۔

عطارد کا بارہ برجوں میں اثر

عطارد برج حمل میں :۔

جلد باز ۔ تیز مزاج ۔ جھگڑالو ۔ بحث مباحثہ کا عادی ۔ تیز مقدر ۔ تلون مزاج ۔

عطارد برج ثور میں :۔

مضبوط ارادہ رکھنے والا ۔ ضدی حس کی وجہ سے بعض اوقات نقصان اٹھانے والا ۔ موسیقی اور لطائف کو پسند کرنے والا ۔

عطارد برج جوزا میں :۔

سیاست و پالیسی سے کام لینے والا ۔ ذہنی صلاحیتوں سے کام لینے والا ۔
زمانہ ساز ۔ حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے والا ۔

عطارد برج اسد میں :۔

متکبر ۔ معاملہ فہم ۔ خود اعتماد ۔ خودداری ۔

عطارد برج سنبلہ میں :۔

ہوشیار ۔ منتظم ۔ ہر کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والا ۔ روحانیات و عملیات سے مشغف تنقید کرنے کا عادی ۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
کوشش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عطارد برج میزان میں :۔

محمل مزاج ۔ فیصلہ کرتے وقت برائی اور اچھائی کو اچھی طرح جانچنے تولنے والا

عطارد برج عقرب میں :۔

شکی مزاج ۔ ہر بات کی پرکھ پڑتال کرنے والا ۔ علم نجوم کا ماہر ۔

عطارد برج قوس میں :۔

رحم دل ۔ نرم مزاج ۔ فقیرانہ خیالات رکھنے والا ۔ جذباتی فلسفیانہ نکات کو حل کرنے والا ۔

عطارد برج جدی میں :۔

مکار ہوشیار چالاک ۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنے والا ۔ محنتی ۔ ذہنی طور پر سائنس کی طرف راغب ۔

عطارد برج دلو میں :۔

سنجیدہ ۔ فرمانبردار ۔ سوشل ورکر سماجی کاموں میں حصہ لینے والا ۔

عطارد برج حوت میں :۔

تنہائی پسند ۔ جذبات اور خاموشی کے تحت عموماً نقصان اٹھانے والا فہم و فراست سے کام لینے والا ۔

برج اور پیشے :۔

لوگ کاروباری لحاظ سے کس قسم کی ذہنیت رکھتے ہیں ؟ ذیل میں ہر ایک کی ذہنیت کا اثر دیا جاتا ہے ۔

(ثور والے)

محنت سے روپیہ کماتے ہیں ۔ کام سے محبت کرتے ہیں اور پسینہ کی کمائی سے جائداد بناتے ہیں ۔

(سرطان والے)

کاروبار سے روپیہ کمانے ہیں ۔ ہوشیار اور چالاک ہوتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس فری
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

روپیہ سے روپیہ کماتے ہیں ۔

(سنبلہ والے)

تجارتی سکیموں کو پسند کرتے ہیں ۔ کاروباری ہوتے ہیں ۔ تھوڑی رقم سے زیادہ بنا لیتے ہیں ۔

(عقرب والے)

ایسی جگہ روپیہ لگاتے ہیں جہاں ضائع نہ ہو ۔ ترکہ یا وصیت سے ملی ہوئی جائداد سے روپیہ کماتے ہیں ۔

(قوس والے)

شاہ خرچ اسکیموں میں ہاتھ ڈالتے ہیں ۔ بھاری رقموں سے کاروبار کرتے ہیں ۔ اور بڑے کاروبار کرتے ہیں ۔

(جدی والے)

روپیہ بنانا جانتے ہیں ۔ چالاک اور ہوشیار نہیں ہوتے لیکن با اعتماد اور محنتی ہوتے ہیں ۔ یہ لوگ وہاں سے روپیہ کماتے ہیں جہاں ہوشیار لوگ اپنا کھا جاتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ان برجوں میں سے یہی لوگ کاروباری ہیں ۔ باقی بروج والے بھی کاروبار کرتے ہیں ۔ لیکن ان میں طبعی خصلت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ وہ اپنی طبع کے زیر اثر زیادہ ہوتے ہیں بہ نسبت کام کے ۔ اور وہ لوگ جو اپنی طبع سے کام لے کر کامیاب ہونا چاہیں ۔ قبل ہو جاتے ہیں مثلاً ۔

(حمل والے)

مالدار ذہنیت کے مالک ہوتے ہیں ۔ بیڈر صفت ہوتے ہیں ۔ اگر یہ اپنے ذہنی حالت کو مدنظر رکھ کر کام نہیں لے سکتے اور اپنی اکڑ پر سارے کام کروانا

چاہتے ہیں تو فیل ہو جاتے ہیں۔

(جوزا والے)

ہر فن مولا قسم کا ذہن رکھتے ہیں۔ یہ لوگ کاروباری نہیں ہوتے۔ ان کے ذاتی کاروبار پیدا کرتے ہیں۔ بیک وقت کئی کاموں میں ہاتھ ڈالتے ہیں۔

(اسد والے)

جذبات سے کھیلتے ہیں۔ دولت مند ہوتے ہیں اپنی دلی آرزوں اور ارمانوں کو بھی دولت کے لیے بھینٹ چڑھا دیتے۔ ایسا کام پسند کرتے ہیں کہ ان کی دلچسپی بھی جاری رہے اور روپیہ بھی آئے۔

(میزان والے)

آرٹسٹک سوچ کے مالک ہوتے ہیں۔ اکیلے کام نہیں کر سکتے سخت قسم کے کاموں میں فیل ہو جاتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

زیچ اور زائچہ

آپ نے سابقہ صفحات میں بروج اور کواکب کے معانی اور ان کے تعلقات کو سمجھ لیا ہوگا۔ اب آپ زائچہ بنانے کے طریقہ کو ذہن نشین کیجئے۔ اور غور سے پڑھیے کیونکہ یہ ایک حسابی معاملہ ہے۔ زیچ ستاروں کے حسابات کی کتاب کو کہتے ہیں۔ زائچہ اس نقشہ کو کہتے ہیں جس سے آسمان پر کواکب کی پوزیشن کسی خاص سال، ماہ، دن اور وقت کی درجہ کی بجائے اگر وقت اور جگہ معلوم نہ ہو تو صحیح زائچہ نہیں بنایا جا سکتا۔

زائچہ بنانے کے لیے چند معلومات کی ضرورت پڑتی ہے۔ وقت مطلوب کے سال، ماہ اور دن کے کواکب کی جو رفتاریں ہیں۔ یہ تقویم سے معلوم ہوں گی۔ اگر گراف بنا کر نوٹ کریں۔ اکثر لوگ شمسی طالع کے درجات کو لیتے ہیں کیونکہ وقت پیدائش کا علم نہیں ہوتا) پھر طالع وقت نکالیں۔ اور تمام گھروں کے درجات معلوم کریں۔ یہ تسویۃ البیوت سے معلوم ہوں گے۔ مقام کے درجات طول بلد عرض بلد میں ہوتے ہیں۔ یہ اٹلس سے معلوم ہوں گے۔ وقت پیدائش کو درست کرنے کے لیے گرینچ سے طول بلد میں فاصلہ کی ضرورت ہوگی۔

رسالوں اور اخباروں میں ہفتہ وار یا ماہانہ جو حالات طبع کیے جاتے ہیں وہ ماہ پیدائش کے حساب سے ہوتے ہیں اور عام ہوتے ہیں معلومات ایسی ہوتی ہیں جن کا عموماً وارد ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ کسی ایک شخص کے حالات معلوم کرنے کے لیے اس کی تاریخ پیدائش وقت پیدائش، ماہ پیدائش، سال پیدائش اور مقام پیدائش کو اور انہی کو مدنظر رکھ کر زائچہ بنے گا۔ ظاہر ہے کہ وہ ایک علیحدہ ہی نقشہ ہوگا۔ یہاں اسی زائچے کو بنانے کا طریقہ بیان کیا جاتا ہے۔ آپ تین چیزیں ضرور خرید کر رکھیں۔

(۱) تقویم

(۲) تسویۃ البیوت

(۳) اٹلس جس میں عرض بلد۔ طول بلد کی علیحدہ فہرست بھی ہو۔ اٹلس انگلش کی کوئی اچھی سی خرید لیں۔ اٹلس سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے نقشہ میں وہ جگہ کس حصہ میں تھی۔ اسے طول بلد اور عرض بلد سے پایا جاتا ہے۔

مثلاً حمید نام کا ایک شخص کراچی میں پیدا ہوا۔ اب صوبہ سندھ (پاکستان کے نقشہ میں) کراچی تلاش کریں۔ اور جو لکیریں طولاً اور عرضاً کھینچی گئی ہیں۔ ان کو دیکھیں کہ طول میں کتنے درجہ پر ہے۔ اور عرض میں کتنے درجہ پر ہے۔

کراچی کا طول بلد ۵۷ ، ۶۶ شرقی اور عرض بلد ۵۳ ، ۲۴ شمالی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ گرینچ سے مشرق کی طرف ۵۷ ، ۶۶ درجہ ہے۔ اور خط استوا سے شمال کی طرف ۵۳ ، ۲۴ درجہ ہے۔ اگر پیدائش ایک چھوٹے سے مقام کی ہے تو اپنے نزدیک کسی قصبہ یا شہر طول بلد اور عرض بلد کو لے لیں۔

تقویم سے کام لینا:

کسی خاص کے زائچہ کے لیے اس سال کی تقویم کی ضرورت پڑتی ہے۔ جس میں کواکب کی حرکات اور ان کے مقامات درجہ ہوتے ہیں۔ بہترین تقویم میں ایک سال کے لیے کواکب کی روزانہ رفتاروں کی تفصیل ہوتی ہے۔ منجموں کے لیے اور دوسرے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے مفید ہوتی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پیدائش کے دن کواکب کہاں کہاں تھے۔ شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورینس، نپچون اور پلوٹو کن بروج میں تھے۔ اور کس درجہ پر تھے۔ مستقیم تھے یا رجعت میں۔ طلوع تھے یا غروب۔ نیز ان کی اور حالتوں کا علم ہو گا۔

لنڈن سے جو اپنے مری شائع ہوتی ہے وہ گرینچ کے مین ٹائم دوپہر کے وقت کی ہوتی ہے۔ اس سے کواکب کی رفتاریں لیں تو اسے اپنے مقامی وقت میں ڈھالنے کی ضرورت ہوتی ہے یا مطلوبہ وقت کے مطابق گرینچ ٹائم کو معلوم کر کے کام لیا جاتا ہے۔ پاکستان میں برنی تقویم چند سال تک پاکستان کے سٹینڈرڈ ٹائم سے ۴½ بجے شام کی وضع کی جاتی رہی ہے۔

بارہ گھروں کی تفصیل:۔

زائچہ کا مطلب ہے آسمانی حالات کا تحریری نقشہ جو آسمان پر کواکب کی حرکات کی حرکات کسی مخصوص وقت پر ظاہر کرتا ہے اور ان سے حالات پڑھنے میں مدد دیتا ہے۔

چونکہ زمین ہر وقت متحرک رہتی ہے۔ وہ نہ صرف دائرۃ البروج میں سورج کے گرد گردش کرتی ہے بلکہ وہ اپنے محور کے گرد گردش کرتی ہے بلکہ وہ اپنے محور کے گرد بھی گردش کرتی ہے۔ اس لیے ہمہ وقت ایک ہی برج کے تحت اس کا ہر مقام نہیں ہوتا۔ لہٰذا زمین کے کسی مخصوص مقام کے لیے مخصوص اوقات میں یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ وہ کس برج کے نیچے ہے۔ دائرہ البروج کا ہر درجہ ہر چار منٹ کے بعد آگے چلا جاتا ہے۔ اور مغربی افق کا ہر درجہ ہر چار منٹ کے بعد سورج کے سامنے سے ہٹ جاتا ہے۔ اس لیے منجم پیدائش کے صحیح وقت پر یہ معلوم کرتے ہیں کہ وہ مقام پیدائش اس وقت کس برج کے ماتحت تھا۔ اسی برج کو اول قرار دے کر زائچہ بنایا جاتا ہے۔ ان کا شمار مشرقی افق کے برج سے کیا جاتا ہے۔ اور مغرب کی طرف گنتے جاتے ہیں۔ اور پھر سمت القدم کی طرف گنتے ہوئے مشرق کی طرف پورے کرتے ہیں۔ زائچہ میں دو اہم نقطے آپس کے مقابلے نقاط شرقی و غربی ہیں۔ پیدائش کے وقت بھی سب سے پہلے انہی کو معلوم کیا جاتا ہے۔ اور انہی کو زائچہ کی بنیاد بنایا جاتا

ہے۔ ہر زائچہ دائرۃ البروج کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے۔ اور اسی کا نقشہ یا نمونہ ہوتا ہے اس کے بھی بارہ خانے بنائے جاتے ہیں۔ جن کو زائچہ کے گھر یعنی بیت کہا جاتا ہے۔ بیت کی جمع بیوت ہے۔ بیوت کا لفظ عموماً اصلاحات نجوم میں استعمال ہوتا ہے۔

زائچہ کے ہر گھر کا ایک مخصوص نام ہوتا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا گھر ________ بیت الطالع

دوسرا گھر ________ بیت المال

تیسرا گھر ________ بیت الاقربا

چوتھا گھر ________ بیت الارض

پانچواں گھر ________ بیت الاولاد والعشق

چھٹا گھر ________ بیت المرض

ساتواں گھر ________ بیت الزوج

آٹھواں گھر ________ بیت الخوف

نانواں گھر ________ بیت السفر

دسواں گھر ________ بیت العزت

گیارہواں گھر ________ بیت الامید

بارہواں گھر ________ بیت الاعداء

آپ ان گھروں کی تفصیلات پڑھیں۔ مزید تفصیلات نجوم کی دوسری کتابوں میں بھی ملیں گی یا جوں جوں مطالعہ وسیع ہوگا ان تفصیلات کا علم ہوتا جائے گا۔ دنیا بھر کی معلومات انہی بارہ خانوں سے وابستہ ہیں۔ یہ اس طرح یاد ہونا چاہیئے کہ اگر کوئی امراض کے متعلق پوچھے کہ کس خانہ سے کیفیت مرض معلوم ہوگی تو فوراً جواب دیں کہ یہ خانہ ششم ہے زائچہ کے گھروں کے نمبر اور نام بالکل اسی طرح ہوتے ہیں جیسے کہ دائرۃ البروج کی قدرتی تقسیم

سے ظاہر ہے۔

زائچہ سے مستقبل یا حال کے حالات معلوم کرنا، واقعات وحادثات کو جاننا ایک علیحدہ باب ہے۔ پیشگوئی کے لیے منجم مختلف اصولوں سے کام لیتے ہیں۔ بعض اضافی طریقے سے کام لیتے ہیں بعض استقامی طریقے سے۔ بعض دونوں کے مشترک طریقے سے کام کرتے ہیں۔ ادوار زندگی نکال کر بھی حالات بیان کرتے ہیں۔ سالانہ زائچہ بھی تیار کرتے ہیں۔ دورجدید کے منجم ادخال کواکب سے کام لیتے ہیں جو لوگ اضافی طریقے سے کام لیتے ہیں وہ دن سال کے لئے اور درجہ ماہ کے لیے لیتے ہیں۔ یہ طریقہ بہت اچھا کام کرتا ہے اور جو لوگ روحانی طریقہ پسند کرتے ہیں کہتے ہیں کہ یہ بہت انسب ہے اس معاملہ میں طالب علم کو مشورہ دیں گے کہ وہ علم نجوم کی کتابوں سے دونوں اصولوں کا مطالعہ کرے۔ پھر وہ خود عقل اور تجربہ سے اپنا ایک نظریہ قائم کر کے ایک طریقہ اپنالے اور اس میں کمال حاصل کرلے۔ یہ بتایا جا چکا ہے کہ دورجدید کے منجم زائچہ ادخال کو پسند کرتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ زائچہ پیدائش کے مقام کواکب پر حال کے کواکب کے داخل کیا تعلقات ظاہر کرتے ہیں۔ اور کیا نظرات بناتے ہیں۔ اس امر کے لیے مشترک زائچہ بنایا جاتا ہے اندر زائچہ پیدائش اور حال کا زائچہ۔ منجم ان دونوں کا مطالعہ کرتا ہے کہ کس کوکب کو کونسا کوکب اگر ملا ہے یا وہ پیدائشی کوکب سے کونسی نظر رکھتا ہے۔ مثلاً کسی شخص کی پیدائش کے وقت شمس برج قوس میں تھا اور جب حالات معلوم کر رہا ہے تو شمس برج اسد میں ہے تو معلوم ہوا کہ دونوں شمس میں نظر تثلیث ہے اور سعد ہے اس لحاظ سے شمس اپنی تاثیرات میں بہت فائدہ دے گا۔

وقتی زائچہ کو زائچہ سوال بھی کہتے ہیں جن لوگوں کے پاس پیدائش کا زائچہ نہ ہو۔ وہ اپنی ضرورت کے وقت وقتی زائچہ بنا کر سوال کے جواب نکال سکتے ہیں۔ پیدائشی زائچہ کی بنیاد تاریخ پیدائش ہوتی ہے مگر وقتی زائچہ کی بنیاد وقت سوال ہوتا ہے

جب کوئی سوال کرے تو وقت سوال اور تاریخ ، ماہ وسن کو لے کر طالع وقت نکالیں جیسا کہ زائچہ پیدائش میں بتایا گیا ہے ۔ پھر زائچہ بنا کر کواکب کو اس کے اندر پُر کر دیں۔ ان کی رفتاروں کی تصحیح کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ اب آثار البیوت سے حالات کا بدکا سا عکس معلوم کریں ۔ وقتی زائچہ میں صرف طالع کے درجات لیے جاتے ہیں ۔ باقی گھروں کے درجات بھی درجات طالع کے مطابق ہوتے ہیں ۔ مثلاً وقتی زائچہ میں طالع اگر ۱۰ درجہ میزان نکلا ہے تو زائچہ کے تمام گھروں کے بروج کے درجات ۱۰ اسے ہی شروع ہوں گے ۔

اگر کسی شخص کا پیدائشی زائچہ ہے اور وہ کسی دن وقتی حالات معلوم کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہیئے کہ زائچہ درجات طالع پیدائش کی بنیاد پر تیار کرے ۔ اور مطلوبہ دن کے کواکب اس کے اندر رکھ کر حالات کا اندازہ لگائے ۔ مثلاً اگر کسی شخص کا طالع پیدائش ۱۷ درجہ جوزا ہے تو وقتی زائچہ کے ہر گھر کے درجات ۱۷ ہی ہوں گے ۔ اس زائچہ سے روزانہ حالات کار معلوم کی جا سکتی ہے ۔

آثار البیوت :-

بارہ گھروں میں کواکب کے باعتبار قبضہ نتائج

وقتی زائچہ سے حالات معلوم کرنے کے لیئے ایک سادہ طریقہ ہے آپ زائچہ بنا کر کواکب اس میں پُر کریں اور دیکھیں کہ کس کس گھر میں کون کون سا کواکب ہے ۔ اس کے اثرات ذیل سے معلوم کریں ۔ کواکب کے آگے جو نمبر دیئے گئے ہیں وہ زائچہ کے گھروں کے نمبر ہیں ۔ اور ساتھ ہی ان کے اثرات ہیں ۔ یہ ایک مختصر حالت دی گئی ہے ۔ نظرات سے مقدار اثر اور نوعیت اثر جان کر خود بھی احکام مرتب کئے جا سکتے ہیں ۔ اگر کوکب رجعت میں ہو یا نحس کواکب کے ساتھ ہو تو آثار نحس حالات پر دلالت کریں گے اگر نحس ہوں گے تو اور نحس ہو جائیں گے ۔ اگر کوکب سعد نظرات رکھتا ہو یا سعد کواکب

کے ساتھ ہو تو سعد آثار اور زیادہ سعد ہو جائیں گے ۔ اور اگر نحس ہوں گے تو ان کی نحوست میں کمی آجائے گی ۔ یہ مختصر طریق مبتدی میں قوت اجتہاد پیدا کرے میں مدد دے گا۔ اگر آپ کتاب کے اسباق سمجھنے میں کامیاب ہو گئے تو وقتی زائچہ سے آسانی سے احکام احکام اخذ کر سکیں گے ۔

شمس (۱) خوش قسمتی دلاتا ۔ خرچ زیادہ (۲) غیر محتاط ۔ مال کا فکر (۳) بلند خیالات ۔ خوشی ۔ سرکش مطیع (۴) بہترین گھر ۔ ماں باپ کو رنج ۔ (۵) ملنسار ۔ اولاد سے فکر (۶) دلی صدمات (۷) بیماری شکم ۔ شریک کار سے فائدہ (۸) میراث یا ترکہ کا ملنا (۹) ذہنی خوشی ۔ تجارت سے فائدہ (۱۰) اچھی پوزیشن ملنا ۔ کشائش رزق (۱۱) دشمن دوست ہوں ۔ (۱۲) ترقی میں دیری ۔

قمر (۱) غیر یقینی حالات رونما ہوں (۲) غیر مستقل رجحان (۳) بار بار سفر اور سرگردانی ۔ (۴) والدہ سے محبت (۵) بزرگی ملے ۔ (۶) ورم سے تکلیف ۔ گردش (۷) غیر مستقل نسبت یا گھریلو آرام (۸) نا امیدی ۔ مرض کا حد سے بڑھنا (۹) سفر (۱۰) دلی مراد حاصل ہو ۔ مقبولیت حصول زر ۔ غیر یقینی دوستی ۔ (۱۲) مایوسی

عطارد (۱) تنازعہ اور تکرار ۔ (۲) نفع بخش ملازمت (۳) تعلیمی جذبہ ۔ (۴) دل جمعی و تندرستی (۵) نیک نامی (۶) اعصابی امراض (۷) عورتوں سے فائدہ (۸) اعصابی امراض و خطرات (۹) بہتری سائنٹفک اصول (۱۰) مقرر فضیلت حاصل ہو (۱۱) ادیب درست (۱۲) فضول باتیں یا وہ گوئی ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

زہرہ (۱) سعد ۔ حصول مال (۲) آمدن ۔ فتح یابی (۳) آرٹسٹک طبقے (۴) والدین
کو رنج (۵) خوشی اور محبت (۶) نیک ملازمین ۔ فائدہ (۷) عورت سے محبت ۔
تجارت میں فائدہ (۸) تفکرات ۔ گرانی شکم (۹) نفع مال (۱۰) کاروبار میں نفع ۔ دلی
تمنا بر آئے (۱۱) بہترین دوست (۱۲) خوف دشمن ہو ۔

مریخ (۱) فسادی ۔ زود رنجی (۲) پر از مصارف (۳) نقل و حرکت کے خطرات
(۴) گھریلو تکلیفیں (۵) محبت میں ناکامی (۶) کام میں خرابی (۷) عورت سے لڑائی
(۸) حادثہ اور خطرہ ۔ (۹) برے کام میں پھنسے (۱۰) بدتمیزی کا رجحان (۱۱) دوستوں سے
تکالیف (۱۲) دشمن سے خطرہ ۔

مشتری (۱) حوصلہ افزائی (۲) خوش قسمتی (۳) خوشگوار خیالات (۴) کوئی خوشی حاصل
ہو ۔ (۵) کشائش رزق ہو (۶) اچھی صحت (۷) عظیم مقبولیت (۸) مال یا ترکہ ملتا
(۹) عقل و مرتبہ میں ترقی (۱۰) امارت و شہرت (۱۱) اعلیٰ درجہ ملے
(۱۲) روپے میں رکاوٹ ۔

زحل (۱) رنج و زحمت ہو ۔ (۲) زہر باری خرچ (۳) امیدوں میں مایوسی
(۴) عزیزوں سے رنج (۵) محبوب سے جدائی (۶) صحت میں خرابی (۷) شادی میں
رکاوٹ یا بیوی سے دوری (۸) شریک کے مال میں التوا آزاد شکم (۹) سفر میں التوا ۔
خواب ہائے پریشان (۱۰) بھاری ذمہ داریاں (۱۱) دوستوں سے رنج ۔
(۱۲) قید تنہائی یا اسپتال میں داخلہ ۔

راس (۱) عزیزوں سے رنج (۲) آمدن محدود ہو (۳) افسروں سے نفع
(۴) عزیزوں سے فکر (۵) گھریلو کاموں کے لیے سعد اپنے لیے نحس (۶) مراد دلی
بر آئے (۷) عورت سے رنج ۔ مال کا نقصان (۸) قرض اور سفر سے نقصان ۔
(۹) کوئی بدنامی ملے (۱۰) افسران سے نقصان (۱۱) فائدہ ہو (۱۲) امراض اور

www.freeamliyatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

عزیزوں سے تکلیف۔

ذنب (۱) بیماری کا خطرہ (۲) آمدن مسدود (۳) بھائیوں کو تکلیف (۴) زمین اور تجارت سے فائدہ (۵) اولاد سے رنج (۶) خوشی حاصل ہو (۷) عورت سے تکرار (۸) امراض بادی (۹) آیا ہوا مال نکل جائے (۱۰) عزیزوں سے عداوت (۱۱) مالی منافع (۱۲) بیماری دشمن سے خطرہ۔

یورنس (۱) خلاف توقع واقعات (۲) خلاف توقع آمدن یا خرچ (۳) ترقی (۴) گھریلو رخنہ اندازیاں (۵) خلاف توقع محبت (۶) بجلی کے حادثات (۷) طلاق (۸) حادثات (۹) بہت سفر (۱۰) گورنمنٹ پوزیشن (۱۱) دلچسپ دوست (۱۲) خفیہ دشمن۔

نپچون (۱) فریب اور دھوکہ (۲) مہم پیدا ہو (۳) پریشان خیالات (۴) بے سود جھگڑے (۵) محبت کے معاملات میں مدوجزر (۶) اعصابی امراض (۷) طلاق یا شادی کسی مریض کے ساتھ (۸) زہر خوانی کا حادثہ (۹) خواب اور تخیل (۱۰) مزید کام یا پیشہ (۱۱) فریبی دوست (۱۲) ناقابلِ اعتبار دوستی۔

پلوٹو کے احکام ابھی تک مرتب نہیں کیے جا سکے۔ تجربات کئے جا رہے ہیں

منسوبات کواکب بصورت افعال :-

شمس	بصورت سعد	مقتدر لوگوں اور حکام کے ذریعہ فائدہ۔ ذاتی عزو وقار اور قوت کا حصول۔
	بصورت نحس	وقار و عزت کے لیے خطرہ لاتا ہے۔
قمر	بصورت سعد	صحت اور گھریلو امور کو بہتر بناتا ہے۔
	بصورت نحس	مرض اور گھریلو تکلیفیں لاتا ہے۔
عطارد	بصورت سعد	تمام دماغی اور تعلیمی امور کے لیے فائدہ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوشی جیوے سرفراز

مند صورتیں پیدا کرتا ہے۔

	بصورت نحس	دخل اور غلط فیصلے لاتا ہے۔
زہرہ	بصورت سعد	محبت ورومانس اور دوستی لاتا ہے۔
	بصورت نحس	جذباتی امور کا خاتمہ۔ ترک تعلق۔ طلاق اور غم لاتا ہے۔
مریخ	بصورت سعد	ہمت ورانہ۔ میکینکل اور تعمیری کاموں میں امداد دیتا ہے۔
	بصورت نحس	خطرہ، حادثہ اور جھگڑا لاتا ہے۔
مشتری	بصورت سعد	جائز ترقی لاتا۔ قانونی امداد دیتا۔ عہدے کو بڑھاتا۔ آمدن کے ذرائع پیدا کرتا اور مالی سہولتیں لاتا ہے
	بصورت نحس	کام۔ مالی معاملات اور گھریلو امور میں مایوسی لاتا ہے۔
زحل	بصورت سعد	کمرشل اور سیاسی معاملات میں کامیابی لاتا اور ذمہ داریوں سے وابستہ کرتا ہے
	بصورت نحس	رکاوٹیں، مشکلات اور التوا لاتا ہے
یورنس	بصورت سعد	خود مختارانہ اقدام۔ سائنٹفک دلچسپیاں پیدا کرتا ہے۔
	بصورت نحس	معاملات کا غیر متوقع خاتمہ کرتا ہے۔
نیپچون	بصورت سعد	اشتہار اور مشورے کے ذریعہ شہرت لاتا ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہد مانچسٹر

	بصورت نحس	فریب اور دغا کا خطرہ لاتا ہے۔
پلوٹو	بصورت سعد	نئے مقاصد کو بروئے کار لاتا ہے۔
	بصورت نحس	اقدام سے باز رکھتا ہے۔ اور کوئی منصوبے پورا ہونے نہیں دیتا۔

مندرجہ بالا منسوبات میں سعد اور نحس کی وضاحت کو بھی جان لیں۔ بصورت سعد کا مطلب ہے جب کہ اس کے نظرات سعد ہوں۔ اور بصورت نحس سے مطلب یہ ہے کہ وہ نظرات کے لحاظ سے نحس ہے نظرات تقویم میں تفصیل کے ساتھ دیئے جاتے ہیں اور اب نظر بھی دیا جاتا ہے۔ آپ خود بھی زائچے سے نظرات ترتیب دے سکتے ہیں پہلے بیان کئے گئے گھروں میں کواکب کے اثرات کو سعد و نحس کے لحاظ سے کم و بیش کریں۔ سعد صورت ہو اور گھر کے اندر نحس حالت ہو تو کمی ہو جائے گی۔ اس طرح نحس صورت ہو اور گھر کا اثر سعد ہو تو نحس ہو جائے گا۔ اس طرح گھر کا اثر سعد ہو۔ نظر بھی سعد ہو تو مزید سعد ہو جائے گا اور جلدی اثر ظاہر ہوگا۔ گھر کا اثر نحس ہو۔ نظر بھی نحس ہو تو مزید نحس ہو جائے گا اور بڑی سخت نحوست لائے گا۔

سالانہ زائچہ:۔

آپ کی جتنی عمر ہے (سال پیدائش کو سال رواں سے تفریق کرنے سے معلوم ہوگا) اس کو ایک دن ۱۵ درجہ اور دقیقہ ۳۰ ثانیہ سے ضرب دے کر حاصل ضرب کو پیدائش کے سال دن درجہ اور دقیقہ میں جمع کردیں۔ حاصل جمع سے آئندہ سال کے زائچے کے ابتدا کی تاریخ اور وقت نکل آئے گا۔ اس نئے سال کے نئے وقت (یعنی درجہ دقیقہ) کے مطابق زائچہ تیار کریں۔ اور تاریخ پیدائش پر سال رواں کے کواکب کی رفتاریں درج کریں۔

ماہانہ زائچہ:۔ اگر کوئی ایک ماہ کے حالات معلوم کرنا چاہے تو پیدائش

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کے وقت قمر جس منزل میں تھا یا زائچہ پیدائش میں جس برج میں جس درجہ پر قمر تھا وہ درجہ جب ہر ماہ آئے اس کو طالع میں رکھ کر زائچہ تیار کر لیں اور روز مطلوب کے کواکب اس میں پر کریں۔ اس ماہوار زائچہ کے آثار بجنسہ اسی قسم کے ہوتے ہیں جیسا کہ سالانہ زائچہ شمسی کے ماہانہ اور سالانہ زائچہ کے پڑھنے کے لیے علیحدہ کتاب تیار ہوگی۔ یہ ایک الگ موضوع ہے۔ آپ مبتدی ہیں۔ فی الحال آثار البیوت سے کام لیں۔ کواکب کے اثرات کوئی آخری فیصلہ نہیں ہیں۔ یہ جاننا کہ اثر بہت قوی ہوگا یا کمزور یا متوسط تو اس کے لیے عالمانہ نجوم نے بہت سے طریقے بتائے ہیں جن سے ایسا فیصلہ ہوتا ہے۔ لیکن اس وقت آپ کو صرف ایک بتایا ہے۔ وہ یہ کہ ستارے ایک دوسرے سے کس قدر فاصلہ پر ہیں۔ اسے نظرات کہتے ہیں۔ یہ تمام طریقوں سے اہم ہے اس لیے کوئی فیصلہ کرتے وقت نظرات کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ مثلاً مریخ زائچہ کے اہم گھروں سے سعد نظر رکھتا ہے اہم گھروں سے مراد شمس، قمر، طالع اور وتد السماء کے گھروں سے ہے۔ اور دوسرے کواکب کے ساتھ بھی سعد نظرات ہوں تو یہ مشتری کے اثرات پر ترجیح لے جائے گا۔ اگر بعد میں آنے والا نحس جگہ ہو یا نحس نظرات نظرات سے وابستہ ہو۔ مشتری اس گھر کے لیے نحس نظرات رکھے گا اور مریخ سعد اثر ظاہر کرے گا۔ مشتری اس وقت سعد ہوتا ہے جب کہ یہ قران میں ہو یا دوسروں کے ساتھ سعد نظرات رکھتا ہو۔ اور مریخ نحس اس وقت ہوگا جب کہ وہ قران میں ہو یا نحس نظرات میں۔

پس یہ امر واضح ہوا کہ کسی کوکب کا سعد یا نحس ہونا اس کے نظرات سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کوئی کوکب سعد ہو تو وہ اپنے اثرات میں سعد ہوگا۔ کوئی کوکب نحس ہو تو وہ اپنے اثرات میں نحس ہوگا۔

جن دو کواکب کی نظر نحس ہو وہ دونوں اپنے اپنے گھروں کے منسوبات کو نحس طریقہ سے ظاہر کریں گے۔ اسی طرح جن دو کواکب کے درمیان سعد نظر ہو وہ

www.freeamliyatbooks.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خصوصی تعاون سرفراز شاہ

اپنے اپنے گھروں کے منسوبات کو سعد طریقہ سے ظاہر کریں گے۔

لہذا صاف اور واضح نتیجہ کے لیے نظرات کو یاد رکھیں تاکہ کواکب کے اثرات گھروں میں اچھی طرح معلوم ہوسکیں۔ نظرات کا فاصلہ درجات میں پایا جاتا ہے۔ اور وہ ایک زاویہ بناتا ہے مثلاً زحل ایک درجہ حوت میں ہو اور یورنس ایک درجہ جدی میں تو معلوم ہوا کہ ان دونوں کے درمیان ۶۰ درجہ کا فاصلہ ہے۔ علم نجوم میں ۶۰ درجہ کو تسدیس کہتے ہیں۔ اثرات کے لحاظ سے ہم اسے سعد اصغر قرار دیں گے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

علم جوتش



علم جوتش علم نجوم سے کوئی علیحدہ علم نہیں۔ اہل ہنود اسے علم جوتش کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں آکاش وانی۔ یعنی آسمانی آواز۔ جوتش سنسکرت میں علم نجوم کو کہتے ہیں۔ اور اس علم کو جاننے والے ہندو پنڈت جوتشی کہلاتے ہیں۔

جس طرح انسانی زندگی تین حصوں میں منقسم ہے مثلاً بچپن، جوانی اور بڑھاپا اسی طرح جوتشیوں نے بھی علم جوتش کو تین حصوں میں منقسم کیا ہے۔ جن کی تشریح

حسب ذیل ہے۔

(۱) کاما

(۲) کاماماناس

(۳) ماناس

یہ تینوں نام سنسکرت زبان کے ہیں جن کی تشریح حسب ذیل ہے۔

کاما:۔

ستارے کے طلوع کا مقام یا پہلا برج جس میں انسان کی آمد دنیا میں ہوتی ہے

کاماناماس:۔ اس کا تعلق زائچہ کے دسویں گھر سے ہے جہاں انسانی خواہشات کا ثمرہ ملتا ہے۔ اس کو خدا سے لگاؤ یا قدرت کو سمجھنے کی طاقت بھی کہتے ہیں۔ اسی لیے اس کا نام آتما یعنی انسانی روح کے مقام پر رکھا گیا ہے۔

ماناس:۔ اس کا تعلق ساتویں برج سے ہے۔ جس کا تعلق دماغی جوڑ توڑ بحث مباحثہ اور کسی کو اپنی طرف مرغوب کرنے سے ہے اس کا تعلق بھی انسانی روح سے ہے جو انسان کے جسم میں پوشیدہ ہے جسے ہندو آتما کہتے ہیں۔ اور اسی کو ہمزاد کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREEAMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جوتش ادھیائے

اس سے پہلے کہ ہم علم جوتش کے اسرار کے بارے میں کچھ بیان کریں یہاں یہ بتا دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ زیرِ نظر کتاب کا یہ حصہ یعنی جوتش ادھیائے علم جوتش کی پراچین سنسکرت، کتابوں کا نچوڑ ہے۔ جو یہ ہیں۔

(۱) بھرگو ساگرگ جیوتش

(۲) جیوتش سروسنگرہ

(۳) بھرگوسنگتا

(۴) ترنکاری چمکار

(۵) آکاشا داسا

(۶) شنکرانت پشتیکا

میں سنسکرت یا ہندی بھاشا کا ودوان نہیں۔ کسی حد تک سنسکرت اور ہندی بھاشا سے آشنا ہوں۔ علم جوتش کی مذکورہ بالا پشتکوں کے میں نے اردو تراجم پڑھ کر ان سے استفادہ کیا ہے۔

اس کے علاوہ بھارت کے مشہور جیوتشی راج جوتشی پنڈت موہن لعل جی اور پنڈت شو رام مت جیوتشی، پنڈت دیوی دیال جیوتشی کی پتیاؤں سے بھی بہت کچھ حاصل کیا ہے۔ راج جیوتشی پنڈت موہن لعل جی تو میرے مہا پرش متر ہیں۔ جب وہ لاہور میں جوڑے موری میں رہا کرتے تھے ان سے اکثر ملاقات رہتی تھی۔ پنڈت جی علم جوتش میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ جو منہ سے کہہ دیتے ہیں پتھر کی لکیر ثابت ہوتا ہے علم جیوتش سے مجھے روشناس کرانے والے پنڈت موہن لعل ہی ہیں۔ اور یوں وہ میرے گورو دیو ہیں۔ ملک کے بٹوارے پر دلی تشریف لے گئے۔ ۱۹۴۷ء سے لے کر اب تک وہیں مقیم ہیں۔ ان کا جوتش کا رسالہ بڑا مشہور رہا ہے۔ ہر روز صبح و شام دور دراز سے لوگ ان سے استفادہ کرنے آتے ہیں۔ راج جوتشی پنڈت موہن لعل جی علم جیوتش میں مہان ہیں۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوشی جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ستارے

علم جوتش میں بھی وہی ستارے ہیں جو علم نجوم میں ہیں۔ لیکن جوتش میں ان کے نام ہندی و سنسکرت میں ہیں جو یہ ہیں ۔

(۱) سوریہ	سورج	سورج
(۲) چندرماں		چاند
(۳) منگل		مریخ
(۴) شنیچر		زحل
(۵) شکر		زہرہ
(۶) برہسپت		مشتری
(۷) بدھ		عطارد
(۸) راہو		یورینس
(۹) کیتو		نپچون

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

راسیاں

برج کو ہندی و سنسکرت میں راسی کہتے ہیں۔ علم نجوم کی طرح علم جوتش میں بھی بارہ راسیاں یعنی بارہ بروج ہیں۔ اور ہر برج کا ہندی و سنسکرت میں اپنا ایک نام ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے

۱ = میکھ راسی — برج حمل

جنم دن = ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل

سرنام حروف = ل۔ ب۔ ج

۲ = برکھ راسی — برج ثور

جنم دن = ۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی

سرنام حروف = د۔ ھ۔ ب۔ و

۳ = متھن راسی — برج جوزا

جنم دن = ۲۱ مئی تا ۲۰ جون

سرنام حروف = د۔ ز۔ ک۔ کی۔ کو۔ گھ۔ نگ۔ کے

۴ = کراسی — برج سرطان

www.freeamliyaatbookspk.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

جنم دن = ۲۱ جون تا ۲۰ جولائی

سرنام حروف = ح ۔ ط ۔ ی

(۵) سنگھ راسی — برج اسد

جنم دن = ۲۱ جولائی تا ۲۰ اگست

سرنام حروف = گ ۔ ل

(۶) کنیا راسی — برج سنبلہ

جنم دن = ۲۱ اگست تا ۲۰ ستمبر

سرنام حروف = م ۔ ن

(۷) تلا راسی — برج میزان

جنم دن = ۲۱ ستمبر تا ۲۰ اکتوبر

سرنام حروف = س ۔ ش ۔ ع

(۸) برچھک راسی — برج عقرب

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

جنم دن = ۲۱ اکتوبر تا ۲۰ نومبر

سرنام حروف = ن - ص

(۹) = دھن راسی

برج قوس

جنم دن = ۲۱ نومبر تا ۲۰ دسمبر

سرنام حروف = ق - س - ش

(۱۰) = مکر راسی

برج جدی

جنم دن = ۲۱ دسمبر تا ۲۰ جنوری

سرنام حروف = ت - ث

(۱۱) = کنبھ راسی

برج دلو

جنم دن = ۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری

سرنام حروف = ظ - غ - ف

(۱۲) مین راسی

برج حوت

جنم دن = ۲۱ فروری تا ۲۰ مارچ

سرنام حروف = ظ - خ

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

راسیاں اور اُن پر راج کرنے والے ستارے

حاکم سیارہ	راسی
چندرماں	میکھ راسی
سوریہ شینی	برکھ راسی
بدھ	متھن راسی
سوریہ شینی	کرک راسی
سوریہ شینی	سنگھ راسی
بدھ	کنیا راسی
شکر	تلا راسی
منگل	برچھک راسی
شکر سیار	دھن راسی
سینچر	مکر راسی
سینچر	کنبھ راسی
برہسپت	مین راسی

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچٹر

نچھتر

١٢ راسیوں میں مقررہ منزلیں ہیں۔ جن میں سے سیارے گزرتے ہیں۔ علم جوتش کے تحت ایسی منزلیں تعداد میں ٢٨ اور ہر منزل ٤ حصوں میں منقسم ہے جنہیں قدم کہا جاتا ہے۔ منزلوں کے نام ہندی میں ہیں ان کو نچھتر کہتے ہیں۔ تفصیل ان کی درج ذیل ہے۔



نچھتر:

(١)	اشنی	(٢)	بھرنی
(٣)	کرتکا	(٤)	روہنی

(۵)	مرگشر	(۶)	آردرا
(۷)	پنرلبس	(۸)	پکھ
(۹)	اشلیکھا	(۱۰)	مگھا
(۱۱)	پوربا پھالگنی	(۱۲)	اترا پھالگنی
(۱۳)	ہست	(۱۴)	چترا
(۱۵)	سورتی	(۱۶)	بشاکھا
(۱۷)	انرادھا	(۱۸)	جشیٹھا
(۱۹)	مولا	(۲۰)	پوربا کھاڈ
(۲۱)	اترا کھاڈ	(۲۲)	ابھجیت
(۲۳)	شرون	(۲۴)	دھنیشٹا
(۲۵)	ست بکھا	(۲۶)	پوربا بھادرا پد
(۲۷)	اترا بھادر پدا	(۲۸)	ریوتی

جیساکہ پہلے عرض کیا گیا ہے ایک راسی میں ۲¼ منزلیں ہوتی ہیں سورج ایک برج کی منزل کو ۳۰ یوم میں طے کرتا ہے۔ اب ایک برج میں ۲¼ منزلیں ہیں تقسیم کرنے سے معلوم ہوا کہ سورج ان ۲¼ منزلوں میں سے ایک منزل کو ۱۲ یوم میں طے کرتا ہے۔ اب ان بارہ ایام میں ۴ قدم ہیں یعنی ایک منزل سورج ایک قدم کو ۳ یوم میں طے کرتا ہے۔ ان نچھتروں کی مدد سے ہم انسانی زندگی میں دیگر سیارگان کے دور اکبر اور دور اصغر معلوم کر سکتے ہیں۔ جن کا ذکر آگے آئے گا۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دِشا شول وچار

نیچے لکھے گئے واروں اور نچھتروں میں ان کے سامنے والی دشا میں سفر کرنے سے دشا شول کا دوش لگتا ہے۔ ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشا شول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی۔ سوموار کو دودھ، کھیر، منگلوار کو گڑ۔ بدھ وار کو تیل اور تل۔ ویروار کو دہی۔ شکر وار کو کچا دودھ۔ سنیچر وار کو تل وماش کی دال کھا کر اس دشا میں سفر کرنے سے دشا شول نہیں رہتا۔

نقشہ دشا شول و نچھتر شول

نام وار	دشا شول	نچھتر خاص میں دوش
سوموار، سنیچر وار	مشرق، (پورب)	جیشٹا
منگلوار، بدھوار	شمال، (اُتر)	اترا پھا گنی
ویروار	جنوب، (دکن)	پوربا بہادر پد
شکر وار، اتوار	مغرب، پچھم دشا	روہنی
بدھوار، سنیچر وار	مشرق شمال، پورب اُتر	جیشٹا۔ اترا پھا گنی
بدھوار، اتوار	شمال مغرب، اُتر پچھم	اترا پھا گنی
سوموار، ویروار	جنوب مشرق، دکھن پورب	جیشٹا پوربا بہادر پد
ویروار، شکر وار	جنوب مغرب، دکھن پچھم	روہنی، پوربا بہادر پد
	.....	

آج کا دن کیسے گزرے گا

جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کس طرح گزرے گا۔ تو اُس دن جنتری میں اپنے نام کا نچھتر دیکھیں۔ بعد ازاں اس روز کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھیں۔ پھر ترتیب وار نقشہ پُر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر کس جگہ پر آیا ہے
اگر آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر ہوا ہے تو خوش نصیب ہو کر لابھ ہو گا۔

اگر دائرہ باہر پڑا ہو تو نصف حصہ خوشی اور نصف فکر و غم میں گزرے گا۔ اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر، بیماری، نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزرے گا۔



خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سورج گرہن چندرماں گرہن

زمین کی روزانہ گردش

زمین سورج سے ۹ کروڑ ۲ لاکھ میل دور ہے۔ اس کا قطر ۸ ہزار میل دور ہے۔ اور گھیرا ۲۵۰۰ میل ہے زمین اپنے محور پر جنوب سے مشرق کی طرف گھومتے ہوئے ایک چکر کو ۲۴ گھنٹوں میں پورا کرتی ہے۔ زمین کی اس حرکت سے دن اور رات پیدا ہوتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نظام شمسی:-

چندرماں زمین کے گرد تقریباً ایک ماہ میں گھوم جاتا ہے زمین سورج کے

کے گرد ایک سال میں چکر لگاتی ہے ۔ باقی سیارگان منگل ۱½ سال میں بدھ ۱۱ ماہ ۔ برہسپت ۱۲ سال شکر ایک سال ۔ اور سنیچر ۳۰ سال میں سورج کے گرد ایک چکر لگاتا ہے ۔



چندرماں کی روزانہ کمی بیشی :-

چاند کے روشن حصے کو شکل پکش کہتے ہیں اور اندھیرے حصے کو کرشن پکش ۔

چاند ہماری زمین سے دو لاکھ ۳۸ ہزار میل دوری پر ہے اس کا قطر ۲۱۶۰ میل ہے تقریباً ۳۰ دن میں زمین کے گرد ایک چکر لگاتا ہے ۔ ۲½ دن میں ایک راسی طے کرتا ہے سورج کی روشنی سے منور رہتا ہے سورج سے ۱۸۰ درجہ پر ہونے سے تمام دائرہ روشن ہو جاتا ہے ۔ جس کو پورنما کہتے ہیں ۔



www.freeamliyaatbookspk.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

عرض بلد طول بلد :۔

موسموں کا تغیر و تبدل :۔

زمین سورج کے گرد ۳۶۵ دن میں پورا چکر لگاتی ہے ۔ ۲۰ جون کو سب سے بڑا دن اور ۲۲ دسمبر کو سب سے چھوٹا دن ہوتا ہے ۔



سورج گرہن :۔

سورج گرہن ہمیشہ اماوس کے دن ہوتا ہے ۔ جب چاند زمین اور سورج کے درمیان ٹھیک ایک زاویہ پر آجاتے ہیں ۔ تو زمین کے کچھ حصے پر چندرماں کی چھایا

پڑتی ہے اور چندرماں سورج کو چھپا لیتا ہے ۔ تو اس کو سورج گرہن کہتے ہیں ۔ ہر مہینے کی اماوس کو گرہن نہیں ہوتا ۔ چونکہ زمین اور چاند کے گردش کے ٹھیک ایک تل میں نہیں ہیں اس لیے سورج گرہن ایک جیسے نہیں ہوتے ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/



چاند گرہن :۔

چندرماں گرہن ہمیشہ پورنماشی کے دن ہوتا ہے جب زمین چندرماں اور سورج کے درمیان ٹھیک سیدھ میں ایک زاویہ پر آجائے تو زمین کی چھایا چندرماں پر پڑتی ہے اور چندرماں پر اندھیرا چھا جاتا ہے ۔ اس وقت چندرماں گرہن ہوتا ہے ہر پورنماشی کو چندرماں گرہن نہیں ہوتا اور گرہن ہمیشہ ایک جیسا نہیں ہوتا ۔ کبھی کم کبھی زیادہ ۔

راسیاں اور ان کے نشان

(نام راسی)	(نشان)
میکھ	♈
برکھ	♉
متھن	♊
کرک	♋
سنگھ	♌
کنیا	♍
تلا	♎
برچھک	♏
دھن	♐
مکر	♑
کنبھ	♒
مین	♓

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

زائچہ اور اس کے گھروں کی تقسیم

زائچہ جسے انگریزی میں ہاروسکوپ (HOROSCOPE) کہتے ہیں۔ اس نقشہ کا نام ہے جس میں بارہ برج دکھائے جاتے ہیں جیسا کہ نقشہ ذیل سے واضح ہے۔



جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ بارہ برج اور سات ستارے ہیں۔ دو ستارے امدادی ہیں یعنی راہو اور کیتو۔ نقشے سے ظاہر ہے کہ یہی بارہ بروج گردش کرتے ہیں اور ان کی نظرات ٹکرانی رہتی ہیں۔ علم جوتش کے تحت ان نظرات کی اصطلاح حسب ذیل ہے

نظرات	نشان	ڈگریاں	کیفیت
باہم یکجا	☌	۰°	طاقتور بہترین حالات
چھ کون	⚹	۶۰°	ء
چوکور	□	۹۰°	تنزل حالت
تکون	△	۱۲۰°	معمولی فائدہ
مخالف	☍	۱۸۰°	غیر فائدہ مند
برا چھ کون	⊻	۳۰°	کمزور معمولی فائدہ

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۱½ چوکور	∠	۱۳۵°	غیر فائدہ مند
½ چوکور	⊻	۴۵°	" "
غیر یکجائی	⊼	۱۵۰°	" "

زمین کی گردش کے ساتھ ساتھ ڈگریاں بھی حرکت کرتی ہیں۔ اور ستارے جو اپنی اپنی رفتار کے تحت اپنے برجوں کو طے کرتے ہیں۔ تو جب بھی ان ڈگریوں پر آتے ہیں۔ تو واضح اثرات میں انسانی زندگی کو فائدہ یا نقصان پہنچاتے ہیں۔ جب کبھی مختلف ستارے ان ڈگریوں یا رشائوں (حالتوں) پر درستی میں اکٹھے ہوں اور ان کی پوزیشن مضبوط ہو تو لازمی طور پر فائدہ حاصل ہوتا ہے اس طرح علیحدہ علیحدہ گھروں کے بھی تاثرات ہیں جہاں سے انسانی زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

پہلا گھر:۔

مال و دولت، ہیرے جواہرات روپیہ پیسہ ملنے کے متعلق۔

دوسرا گھر:۔

طبیعت، رنگ روپ، ذات پات، دکھ سکھ اور زمانہ حال کے واقعات۔

تیسرا گھر:۔

حسب نسب، عزیز رشتہ دار، تدبیر، روزگار وغیرہ۔

چوتھا گھر:۔

والدہ، جادو، زہر، آگ، مال مویشی۔ جائداد موروثی۔

پانچواں گھر:۔

عشق و محبت، خوشی غم، شہرت و عزت۔

چھٹا گھر:۔

www.freeamilyatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش جیوے سر فراز شاہ وچ مانچسٹر

ملازمت، مالک و ملازمین، بیماری، دشمنی، صدمات سے پیدا شدہ پریشانیاں۔

ساتواں گھر:۔

زوجہ، محبت سے پیدا شدہ ملاپ، دکانداری، نفع نقصان، شراکتی کاروبار

بیماری سے شفایابی۔

آٹھواں گھر:۔

اسے موت کا گھر بھی کہتے ہیں۔ اس گھر سے عمر، حادثات، چوٹ، عزت، وذلت

جنگ وجدل کے حالات معلوم کئے جاتے ہیں۔

نواں گھر:۔

عبادت، خدا سے لگاؤ، سفر غیر ممالک، شہرت، زیارت

دسواں گھر:۔

والدین، راج دربار، حکومت، عہدہ کا ملنا

گیارہواں گھر:۔

سواری، آمدنی، زیورات، دوستی، سوسائٹی، خواہشات، جوانی

بارھواں گھر

خرچ شادی بیاہ، قید وسزا، گناہ

---

www.freeamliyatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جنم کنڈلی

علم جوتش کے حساب سے جنم کنڈلی پیدائش کا زائچہ ہے۔ جب کوئی شخص پیدا ہوتا ہے تو اس وقت ستاروں کی پوزیشن جن جن راسیوں میں ہوتی ہے اس کا اندراج زائچہ میں کر لیا جاتا ہے۔ اور اس کی پیدائش کے وقت جو برج حرکت میں ہو طالع لگن کہلاتا ہے۔ اور باقی برج اس وقت جہاں جہاں ہوں گے ان میں مقیم ستاروں کا اندراج ہوگا۔

جنم کنڈلی کی تیاری میں پہلی بات یہ ہے کہ جائے پیدائش اور صحیح وقت معلوم ہو اگر وقت غلط ہوگا تو تمام احکامات غلط ثابت ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

جیوتش میں دن رات یعنی ٢٤ گھنٹوں کو ساٹھ گھڑیوں میں بانٹ رکھا ہے۔ یعنی ٢½ گھڑی کا ایک گھنٹہ اور ٢½ پل کا ایک منٹ اور ٢½ بل کا ایک سیکنڈ۔

سب سے پہلے یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ سورج کے نکلنے سے لے کر پیدائش کے وقت تک کتنے گھنٹے گزر چکے ہیں اور اس شہر میں سورج نکلنے کا وقت کیا تھا۔ اور سورج اس وقت کس برج میں طلوع ہوا۔ پھر وہاں سے آگے یہ حساب لگایا جاتا ہے کہ پیدائش کے وقت کونسا برج گردش میں تھا لیکن یہ کس طرح معلوم کیا جائے کہ اس وقت سورج کس برج میں طلوع ہوا۔

سورج اپنی سالانہ گردش کرتے ہوئے جب ٠ ڈگری میں داخل ہوتا ہے۔ تو اس کا پہلا قدم برج حمل میں ہوتا ہے جب کہ مغربی ممالک کے ماہرین نجوم برج حمل میں سورج کے قدم کو ٢١ مارچ میں گنتے ہیں لیکن ہمارے اور انگلستان کے وقت میں کم سے کم چھ گھنٹے کا فرق ہے سورج برج حمل میں ١٣ - ١٤ اپریل میں داخل

ہوتا ہے۔ سو اسی لحاظ سے سورج کے برجوں میں داخلے کا وقت درجہ ذیل ہے۔

وقت	برج میں داخلہ	وقت	برج میں داخلہ
۱۳، ۱۴۔ اپریل	حمل	یکم اکتوبر	میزان
یکم مئی	ثور	یکم نومبر	عقرب
یکم جون	جوزا	یکم دسمبر	قوس
یکم جولائی	سرطان	یکم جنوری	جدی
یکم اگست	اسد	یکم فروری	دلو
یکم ستمبر	سنبلہ	یکم مارچ	حوت

لیجئے اب زائچے کا ایک نمونہ پیش خدمت ہے۔ مثال کے طور پر ایک شخص ۱۴ اپریل ۱۹۵۹ء کو دن کے ۱۱ بجے پیدا ہوا اور جائے پیدائش لاہور ہے۔ جنتری سے معلوم کیا تو لاہور میں ۱۴ اپریل ۱۹۵۹ء کو سورج ۶ بجے کے قریب طلوع ہوا۔ لہذا سورج برج حمل میں طلوع ہوا جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ برج اپنا چکر ۲۴ گھنٹوں میں مکمل کرتے ہیں۔

لہذا ہر برج کا بھی اپنا وقت ہے اور جیسے جیسے سورج کسی بھی برج میں ڈگریاں طے کرے گا۔ ان برجوں کے اوقات میں کمی واقع ہوتی جائے گی۔ جس کی تشریح درجہ ذیل نقشہ میں دیکھیں۔

نام برج	مقررہ وقت	روزانہ کمی
حمل	ایک گھنٹہ ۱۲ منٹ	۲ منٹ ۴۳ سیکنڈ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ثور	ایک گھنٹہ ۱۲ منٹ	۳ منٹ ۔ ۱۲ سیکنڈ
جوزا	۲ گھنٹے	۴ منٹ
سرطان	۲ " ۲۴ منٹ	۴ " ۔ ۴۸ سیکنڈ
اسد	۲ " ۲۸ "	۴ " ۴۸ "
سنبلہ	۲ " ۲۴ "	۴ " ۴۸ "
میزان	۲ " ۲۴ "	۴ " ۴۸ "
عقرب	۲ " ۲۴ "	۴ " ۴۸ "
قوس	۲ " ۲۴ "	۴ " ۴۸ "
جدی	۲ "	۴ " ......
دلو	۱ " ۳۶ "	۳ " ۱۲ سیکنڈ
حوت	۱ " ۱۲ "	۲ " ۲۴ "

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

اب اس نقشہ کی مدد سے علم ہوا کہ ۱۴ اپریل کو جب سورج طلوع ہوا تو برج حمل کا ۱ گھنٹہ ۱۲ منٹ رہے ہے ۔ یعنی سورج ۷ بج کر ۱۲ منٹ تک برج حمل میں رہے گا ۔ اب روزانہ کمی اس میں سے منفی کر دی ۔ روزانہ کی سورج کے اول قدم سے ہوگی جب کہ ۱۴ اپریل اور بیساکھ کی ۴ تاریخ تھی ۔ لہٰذا روزانہ کمی ۲ منٹ ۲۴ سیکنڈ کو ۴ سے ضرب دی تو ۹ منٹ ۳۶ سیکنڈ ہوئے ۔ ان ۹ منٹ ۳۶ سیکنڈ کو ۷ بج کر ۱۲ منٹ سے نفی کر دیا ۔ تو حاصل ۷ بج کر ۲ منٹ ۲۴ سیکنڈ ہوا ۔ دوسرے معنی میں ۷ ۔ ۲م ۔ ۲۴گ کے بجے کے بعد سورج برج ثور میں داخل ہوگا ۔ ہمارا وقت ۱۱ بجے دن کا ہے ۔ لہٰذا ۳۴ سیکنڈ ، ۲ منٹ ۷ گھنٹے ۔

صبح برج ثور کا وقت ۱ ۔ ۳۶ ۔ ۰۰ / ۸ ۔ ۳۸ ۔ ۲۴ برج ثور ختم ہوا ۔

برج جوزا کا وقت	۰	۔	۔	۔	۳	برج جوزا ختم ہوا۔
	۲۴	۔	۳۶	۔	۱۰	
برج سرطان کا وقت	۰	۔	۲۴	۔	۱	برج سرطان ختم ہوا۔
	۲۴	۔	۲	۔	۱	

یعنی ۱۱ بجے بوقت پیدائش سورج برج حمل میں تھا مگر طالع لگن پہلا گھر برج سرطان تھا جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے

طلوع آفتاب سے ۷ بج کر ۴ منٹ تک

۱۱ بجے قبل از دوپہر

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

وقتی زائچہ

اگر کسی شخص کو صحیح تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو اس کا وقتی زائچہ تیار کر لیا جاتا ہے۔ اس میں بھی یہ ضروری ہے کہ سائل کے سوال کرنے کا وقت معلوم ہو تاکہ اس وقت جو برج لگن ہو اسے طالع قرار دے کر احکامات لگائے جا سکیں۔ مثال کے طور پر ایک شخص ۸ / اگست ۱۹۵۶ء کو ۳ بجے سہ پہر اپنے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہے۔

سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ سورج کس گھر میں طلوع ہوا۔ اس کا وقت طلوع کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ سورج ۵ بج کر ۳۴ منٹ پر طلوع ہوا۔ ۸ / اگست کو سورج سنگھ راسی (برج اسد) میں حرکت کر رہا ہے۔ یعنی ۱۸ / اگست کو بھادوں کی ۲ تاریخ تھی۔

۵ بج کر ۳۴ منٹ میں سنگھ راسی کا وقت جمع کیا تو ۳۴ - ۵ + ۲۸ - ۲ = ۸

۸ بجے معلوم ہوا کہ ۸ بج کر ۲ منٹ تک سورج سنگھ راسی میں رہے گا۔ اب ۲ درجہ کی روزانہ کمی منفی کی تو ۴۸ - ۳ + ۸ - ۴۸ - ۴ - ۳۶ سیکنڈ ۹ منٹ ہوئی جو ۲۸ - ۲ گھنٹہ سے منفی کر دیں تو جواب ۷ بج کر ۵۸ منٹ آیا۔ اب ۷ بجکر ۵۸ منٹ سے لے کر ۳ بجے بعد از دوپہر تک راسیوں کے وقت جمع کرتے جائیں تو ۳ بجے طالع لگن دھن راسی (برج قوس) آیا جب کہ سورج سنگھ راسی میں حرکت کر رہا تھا۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ستاروں کا طلوع وغروب

سورج :۔

سے چندرماں ۱۱ ڈگری پیچھے غروب ہوتا ہے ۔

منگل :۔

سورج سے ۱۸ ڈگری پیچھے ہونے پر غروب ہوتا ہے ۔

بدھ :۔

سورج سے ۱۴ ڈگری پیچھے ہونے سے غروب ہوتا ہے ۔

برہسپت :۔

سورج سے ۵ ڈگری پیچھے ہونے سے غروب ہوتا ہے۔

شکر :۔

سورج سے ۱۲ ڈگری پیچھے ہونے سے غروب ہوتا ہے ۔

سینچر :۔

سورج سے ۱۵ ڈگری پیچھے ہونے سے غروب ہوتا ہے ۔

کیتو راہو :۔

یہ دونوں ستارے سدا غروب رہتے ہیں اور الٹی چال چلتے ہیں ۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچسٹر

جنم کنڈلی میں گرہوں کے یوگ

جنم کنڈلی میں بعض وقت دو تین اور چار گرہ ایک جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ جن کو یوگ کہا جاتا ہے۔ پراچین گرنتھوں سے دستیاب بعض لوگوں کے وچار پھل یہاں درج کیا جاتے ہیں۔ ان کا ثمرہ بیان کرتے وقت وہ جس راشی اور گھر میں گرہ پڑے ہوں ان کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

اجبر یوگ :۔

جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ چر راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص دیس پردیس گھومنے والا۔ سخت مزاج۔ فریبی اور بڑی چال و حکمت سے کام کرنے والا ہوتا ہے۔

موسل یوگ :۔

جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ چر راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص بڑا پرتاپی شبھ آچار د اچھے چال چلن والا۔ بہادر ہر ایک کا غمخوار ہوتا ہے۔

نل یوگ :۔

جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر د غیر مستقل راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص استری اور دھن دولت سے خوش الحال اور فارغ البال ہوتا ہے۔

سنیاس یوگ :۔

کیندر یا کون میں چار یا چار سے زیادہ گرہ واقع ہوں تو سنیاس یوگ ہوتا ہے وہ شخص سادھوؤں اور بھیکاریوں کی زندگی بسر کرتا ہے۔

بجر یوگ :۔

جنم لگن اور ساتویں گھر میں اشبھ گرہ ہوں اور چوتھے اور دسویں گھر میں

پاپی گرہ پڑے ہوں تو اس یوگ میں اس شخص کی زندگی پہلی اور پچھلی عمر میں خوشی اور فائدہ ملتا ہے۔ درمیانی زندگی جوانی کی حالت میں دکھ اور رنج کی بھوگتا ہے۔

شنگھ یوگ :۔

چھٹے گھر کا سوامی اور پانچویں گھر کا سوامی باہم مرکز میں بیٹھے ہوں اور لگن کا سوامی بلوان ہو تو اس کا نام شنگھ یوگ ہوتا ہے لگن اور دشم کا سوامی کیندر میں واقع ہوں اور نہم بھاؤ کا سوامی بھی ساتھ ہو تب بھی شنگھ یوگ ہوتا ہے۔ شنگھ یوگ میں جنم لینے والا شخص عیش و عشرت کا دلدادہ، تعلیم یافتہ اچھی بیوی اور فارغ البال ہوتا ہے۔ ایسا شخص شاستر کے گیان اور وچار والا اور اسی برس تک عمر والا ہوتا ہے۔

شکٹ یوگ :۔

لگن اور ساتویں گھر میں شمپورن گرہ واقع ہوں تو شکٹ یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جنم لینے والا پرش روگی، کھوٹے سبھاؤ والا، غریب دوستوں اور رشتہ داروں سے محروم، کم عقل اور محنت و مشقت کر کے روزی کمانے والا ہوتا ہے۔

اقبال یوگ :۔

چندرماں سے ساتویں گھر میں شکر ہو تو وہ شخص مالدار رہتا ہے پر بسپت، بدھ، شکر کیندر میں ہوں تو بڑا خوش نصیب ہو۔ کیندر میں کوئی شبھ گرہ نہ ہو تو منحوس ظالم اور بد نصیب ہو۔ چاروں کیندروں میں کوئی گرہ نہ ہو تو ایسا شخص بد نصیب ہوتا ہے اور عموماً پریشان رہتا ہے۔

کاہل یوگ :۔

جس شخص کے جنم لگن میں ناتویں اور تیسرے گھر کے مالک آپس میں مرکزی مقام پر واقع ہوں اور لگن کا مالک بلوان ہو تب کاہل یوگ ہوتا ہے۔ اگر چوتھے گھر کا مالک اور دشیش (مالک خانہ دہم) ایک ساتھ ہوں اور چوتھے گھر کا مالک اپنی اوچ

راشی یا شبھ گھر میں پڑا ہو تب بھی کاہل یوگ ہوتا ہے ۔ اس یوگ میں جو شخص جنم لیتا ہے وہ بڑا شور بیر، بہادر، پراکرمی ، ہٹ اور ضد پر قائم رہنے والا ہوتا ہے تھوڑی بات پر اپنا ارادہ نہیں بدلتا ۔ صاحب جائداد اور خوش حال ہوتا ہے ۔

کورم یوگ :۔

جس کنڈلی کے پانچویں، چھٹے اور ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں ۔ تیسرے وگیارہویں استھان میں پاپی گرہ پڑے ہوں اور وہ ستر کے گرداوچ راشی میں پڑے ہوں تو کورم یوگ ہوتا ہے ۔ جو شخص کورم یوگ میں پیدا ہوتا ہے ۔ وہ ہر دلعزیز شہرت یافتہ اور زمین پر حکومت کرنے والا راج بھوگنے والا ہوتا ہے ۔ ایسا شخص بڑے کرموں والا ، پراکرم اور گنوں کے کارن پر دھان ، پنڈت اور سکھی ہوتا ہے وہ شخص اپنی بانی سے اُپکار کرنے والا اور راجہ سمان سکھ بھوگنے والا ہوتا ہے ۔

لکشمی یوگ :۔

اگر کسی شخص کی جنم کنڈلی میں ۹ ویں گھر کا مالک کیندر جو تھے اور ساتویں گھر میں یا اپنی مول تکون راشیوں کے علاوہ ، پرم اوچ میں پڑا ہو ۔ لگن کا مالک بلوان ہو تب اس کا لکشمی یوگ ہوتا ہے ۔ وہ شخص متعدد اوصاف کا مالک کئی علاقوں کا سوامی ، دریا پراکرم ، بڑے یش والا اور کام دیو جیسا خوبصورت ہوتا ہے ۔ ایسا شخص سمپورن راجوں کے باعث پنڈت اور بہت استری پرشوں کے باعث راجہ ہوتا ہے ۔

بدیش یا ترا یوگ :۔

جب آٹھویں گھر میں اور اس کے سوائے گرہ پر پاپی گرہوں کا اثر زیادہ ہوتا ہے تو بدیش جانے کا یوگ بنتا ہے ۔ علاوہ ازیں لگن کے سوامی سمیت زیادہ اگرچہ راشیوں میں تیسرے ۔ نویں ، گیارہویں یا بارہویں گھر میں ہوں تو بدیش

بانترا سنافع بخش رہتی ہے اس سلسلہ میں دشا، انتر دشا اور گوچر گرہوں کا بھی وچار کر لینا چاہئے۔

مالا یوگ :-

اگر کنڈلی میں بدھ، برہسپت اور شکر چوتھے۔ ساتویں اور دسویں گھر میں واقع ہوں اور باقی گرہ ان سے مختلف گھروں میں پڑے ہوں تو مالا یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ کے ہونے سے وہ شخص مالدار، ایک سے زیادہ عورتوں سے محبت کرنے والا اور اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔ ہر انتخاب اور مقابلے میں کامیاب رہتا ہے۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

نام راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ

اپنی راس اور نچھتر معلوم کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے نام کا پہلا حرف اس نقشہ میں دیکھے۔ اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی۔ اور جو نچھتر اس کے دائیں ہاتھ لکھا ہے وہی اس کا نچھتر ہوگا۔

مثلاً ایک شخص نتھو رام کی راس و نچھتر معلوم کرنا ہے۔ پہلا حرف "ن" نیریں۔ برسچک راس دائیں ہاتھ انرادھا نچھتر لکھا ہے پس نتھو رام کی راس برسچک اور نچھتر انرادھا ہے۔
اسی طرح ہر ایک نام کی راس اور نچھتر دیکھ لیں۔



پرشن

جب آپ کو کسی قسم کا پرشن یعنی سوالات کے متعلق حالات معلوم کرنا ہوں کہ فلاں کام سرانجام ہوگا یا نہیں تو آپ اپنے پرشن کو نقشہ سوالات میں دیکھیں۔ پھر ایشور (اللہ) کا نام لے کر سوال کے نیچے لکھے ہندسوں میں کسی ایک پر انگلی رکھیں جس حصہ پر انگلی رکھیں اس ہندسہ کا جواب نقشہ جوابات میں دیکھ لیں۔ فرض کرو کسی نے امتحان میں کامیابی کے متعلق پرشن کیا ہے تو نقشہ نمبر ۳ میں اس نے ۹ پر انگلی رکھی ہے۔ تو نقشہ ۳ جوابات ۹ کے سامنے لکھا ہوا ہے۔ کامیابی ہوگی۔ اسی طرح باقی سوالات کے متعلق بھی دیکھ لیا کریں۔ پرشن دن میں ایک بار کرنا چاہیے۔ بار بار کرنے پر پرشن کا صحیح پھل نہیں ملتا۔



سوالات اور ان کے جوابات

۱	۲	۳	۴
۱. دن اچھا گزریگا	۲. مراد برآئے گی	۳. پاس ہو جاؤ گے	۴ محبت رکھتا ہے
۲. پریشان اور تکلیف	۳. کام انجام نہیں ہوگا	۴. پاس ہو جاؤ گے	۵. دیکھنے کی محبت ہے
۳. آج کا دن اچھا گزرے گا	۴ خواہش کا نتیجہ کچھ نہیں	۵ پاس ہونے کی امید کم ہے	۶. دل سے محبت رکھتا ہے
۴ نہایت اچھا گزرے گا	۵ امید چھوڑ دو	۶ پاس ہونا مشکل ہے	۷ بالکل محبت نہیں
۵ شادمانی ہوگی	۶ مراد پوری نہ ہوگی	۷ پاس ہو جاؤ گے	۸ ظاہرہ محبت ہے
۶ خراب گزرے گا	۷ ضرور ہوگی	۸ پاس ہونا مشکل ہے	۹ دلی محبت نہیں رکھتا
۷. اچھا گزرے گا	۸ مراد پوری نہیں ہوگی	۹ کامیابی اچھی ہوگی	۱۰ محبت نہیں رکھتا
۸. خراب گزرے گا	۹ کام دیر سے ہوگا	۱۰ فیل ہو جاؤ گے	۱۱ خود غرض کی محبت ہے
۹ پریشانی وغم ہوگا	۱۰ امید بر آئے گی	۱۱ پاس ہو جاؤ گے	۱۲ دلی محبت ہے
۱۰. بہت ہی برا گزرے گا	۱۱ کسی حد تک حاصل ہوگی	۱۲ پاس ہونے کی امید کم ہے	۱۳ محبت نہیں رکھتا
۱۱ بالکل خراب رہے گا	۱۲ خواہش پوری ہوگا	۱۳ پاس ہونے کا شک ہے	۱۴ غرض کی محبت ہے
۱۲ درمیانہ گزرے گا	۱۳ کوشش سے کامیابی ہوگی	۱۴ پاس نہیں ہو گے	۱۵ دلی محبت رکھتا ہے

۵	۶	۷	۸
۵ خوش شکل فرمانبردار ہوگی	۶ روپیہ نہیں ملے گا	۷ جینا مشکل ہے	۸ ملازمت ضرور ملے گی
۶ ہوتا ہوگی	۷ دیر سے ملے گا	۸ کوشش کرو امید	۹ دیر سے ملے گی
۷ شکل وفن مدہم ہوگی	۸ ممکن ہے	۹ ضرور کامیابی ہوگی	۱۰ خرچ کرنے سے ملے گی
۸ سیاہ رنگت ہوگی	۹ مجائیگا	۱۰ ہار جائیں گے	۱۱ کسی مدد سے ملے گی
۹ شانتی دانی خوب صورت	۱۰ امید نہیں ہے	۱۱ کامیاب ہوں گے	۱۲ نہیں ملے گا

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۱۰ نیک بخت ہو گی
۱۱ نیک روح ہو گی
۱۲ سانولی صورت
۱۳ خوب صورت شکل
۱۴ کوئی خاص صفت نہیں
۱۵ جھگڑالو طبیعت
۱۶ بد صورت عادت اچھی

۱۱ ضرور ملیگا
۱۲ کبھی نہیں ملیگا
۱۳ ملنے کی امید نہیں
۱۴ " " " "
۱۵ ملنے کی امید ہے
۱۶ مل جائے گا
۱۷ مشکل سے ملے گی

۱۲ کامیابی نہیں ملے گی
۱۳ ڈگری ہو گی
۱۴ جارح ہو جائے گا
۱۵ تمہاری فتح ہو گی
۱۶ کامیابی نہ ہو گی
۱۷ صلح ہو گی
۱۸ کچھ کامیابی ہو گی

۱۳ ملنے کی امید نہیں ہے
۱۴ مشکل سے ملے گی
۱۵ کسی کے ذریعے سے ملے گی
۱۶ دیر سے ملے گی
۱۷ ملنے کی امید بہت کم ہے
۱۸ ضرور ملے گی۔
۱۹ کچھ عرصہ سے ملے گی

۹

۹ کاروبار اچھا چلیگا
۱۰ شروع میں مدہم بعد میں اچھا
۱۱ اس کام میں نقصان زیادہ
۱۲ کسی کے ساتھ ملکر کریں
۱۳ اکیلے کام کرنے میں فائدہ
۱۴ جو کام پہلے سے اس میں فائدہ
۱۵ دوسرا کام کرنے میں فائدہ
۱۶ شراکت میں فائدہ
۱۷ نقل وطن کر کے فائدہ
۱۸ فائدہ دیر بعد
۱۹ اس کام میں فائدہ نہیں
۲۰ کام بہت اچھا چلے گا

۱۰

۱۰ کام مساوی ہوگا
۱۱ فائدہ زیادہ ہوگا
۱۲ خوب بعد میں ملیگا
۱۳ امید سے زیادہ فائدہ
۱۴ تھوڑی تعداد میں
۱۵ امید سے زیادہ فائدہ
۱۶ امید سے زیادہ فائدہ
۱۷ مساوی فائدہ رہیگا
۱۸ پریشانی زیادہ
۱۹ نقصان ہوگا
۲۰ آرام زیادہ ملے گا
۲۱ آرام کبھی ملے گا

۱۱

۱۱ آرام ملے گا
۱۲ " " "
۱۳ آرام دیر سے ملے گا
۱۴ بڑھاپے میں آرام ملے گا
۱۵ زندگی میں آرام ملے گا
۱۶ اول آرام بعد میں تکلیف
۱۷ شروع آرام بعد تکلیف
۱۸ ہمیشہ تکلیف رہے گی
۱۹ آرام بہت ہوگا
۲۰ تھوڑا آرام ملے گا
۲۱ تکلیف زیادہ
۲۲ آرام کبھی ملے گا

۱۲

۱۲ تکلیف سے نجات ہو گی
۱۳ ابھی کچھ دن تکلیف ہے
۱۴ اچھے دن آنے والے ہیں
۱۵ ایک سال بعد دن اچھے ہونگے
۱۶ مصیبت کے دن ختم ہیں
۱۷ خوشی کے دن آنے والے ہیں
۱۸ دن اچھے ہونے میں دیر ہے
۱۹ زندگی مصیبت میں رہے گی
۲۰ - - - - - - -
۲۱ باقی زندگی اچھی
۲۲ اچھے دن شروع ہیں
۲۳ درمیان میں اچھے دن ہیں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۱۳

۱۳ شادی ہوگی
۱۴ شادی دیر سے ہوگی
۱۵ شادی نہیں ہوگی
۱۶ کسی کے ذریعہ ہوگی
۱۷ دیر سے ہوگی
۱۸ جلد ہونے والی ہے
۱۹ شادی کی امید رکھو
۲۰ شادی دیر سے ہوگی
۲۱ شادی کی امید کم ہے
۲۲ رشتہ کی امید ہے
۲۳ دیر سے ہوگی
۲۴ جلد ہوگی

۱۴

۱۴ دعا سے ہوگی
۱۵ بزرگوں کی خدمت سے
۱۶ عرصہ بعد ہوگی
۱۷ اولاد ہونے کی امید نہیں
۱۸ عرصہ کے بعد ہوگی
۱۹ اولاد کی امید کم ہوگی
۲۰ دوائی سے ہوگی
۲۱ اول جلد ہوگی
۲۲ دوسری شادی سے ہوگی
۲۳ علاج کرنے سے ہوگی
۲۴ اولاد ہونے میں دیر ہے
۱ اولاد دیر سے ہوگی

۱۵

۱۵ جلد شفا پائیگا
۱۶ ابھی وقت لگے گا
۱۷ علاج تبدیل کرنے سے
۱۸ صحت ہوگی
۱۹ بیماری خطرناک ہے
۲۰ صحت ہوگی
۲۱ دیر بعد صحت ہوگی
۲۲ دیوتا پوجن سے صحت ہوگی
۲۳ صحت مشکل ہے
۲۴ شفا نہیں ہوگی
۱ دین سے صحت ہوگی
۲ صحت ہونے میں شک ہے

۱۶

۱۶ محنت سے پراپت ہوگی
۱۷ قسمت میں دیا ہے
۱۸ جلد آجائے گا
۱۹ محنت سے ہوگی
۲۰ بھاگیہ میں نہیں ہے
۲۱ انگریزی جلد سیکھوگے
۲۲ حاصل ہوگی
۲۳ ہندی پڑھنا اچھا ہے
۲۴ فارسی جلد سیکھوگے
۱ عربی مشکل سے پڑھوگے
۲ . . . .
۳ . . . .

۱۷

۱۷ دکن کا سفر مفید ہے
۱۸ جلد سفر ہوگا
۱۹ پچھم کا سفر اچھا
۲۰ سفر فائدہ مند نہیں
۲۱ اتر دشا کا سفر مفید
۲۲ سفر لمبا پڑے گا
۲۳ یورپ کا سفر مفید

۱۸

۱۸ غائب زندہ ہے
۱۹ غائب زندہ نہیں ہے
۲۰ سخت مصیبت میں ہے
۲۱ گرفتار ہوگیا ہے
۲۲ بیماری میں مبتلا
۲۳ زندہ نہیں ہے
۲۴ ملنے سے صحت نہیں

۱۹

۱۹ لڑکی ہوگی
۲۰ لڑکا ہوگا
۲۱ حمل گر جائیگا
۲۲ لڑکی ہوگی
۲۳ فرزند ہوگا
۲۴ لڑکا ہوگا
۱ کنیا ہوگی

۲۰

۲۰ نتیجہ اچھا رہے گا
۲۱ خراب رہے گا
۲۲ اچھا رہے گا
۲۳ دولت ملے گی
۲۴ کسی عزیز سے ملاقات
۱ دھن سے لابھ ہوگا
۲ صحت میں خلل رہے گا

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۲۴ سفر غیر مفید	۱ زندہ ہے	۲ فرزند ہوگا	۳ پریشانی ہوگی
۱ سفر میں نقصان	۲ زندہ نہیں ہے	۳ لڑکا ہوگا	۴ ... کا نقصان
۲ جاتے ہوئے رکاوٹ	۳ بہت مشکل میں ہے	۴ حمل گر جائے گا	۵ خوشی حاصل ہوگی
۳ سفر لمبا پڑے گا	۴ زندہ ہے	۵ لڑکی ہوگی	۶ لڑائی جھگڑا ہوگا
۴ سفر اچھا ہے	۵ زندہ نہیں ہے	۶ لڑکا ہوگا	۷ سفر کی

۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۱ مل جائے گی	۲۲ جلد رہائی پائے گا	۲۳ جلد واپس آئے گا	۲۴ پورب دکن میں چلا آئیگا
۲۲ ملنے کی امید نہیں	۲۳ دیر بعد رہائی ہوگی	۲۴ ابھی آنیکا ارادہ نہیں	۱ اتر میں گیا ہے
۲۳ چیز گھر میں ہے	۲۴ رہائی کسی کے ذریعہ ہوگی	۱ دیر بعد آئے گا	۲ دکن میں گیا ہے
۲۴ بڑی کوشش سے ملے گی	۱ جلد رہا ہو جائیگا	۲ واپس نہیں آئے گا	۳ پورب میں گیا ہے
۱ چیز گھر سے باہر	۲ بہت کوشش سے	۳ واپس آنے والا ہے	۴ پچھم میں دیر بعد آئیگا
۲ ہمت کر کے مل جائے گی	۳ رہائی ہونا مشکل ہے	۴ واپس آ رہا ہے	۵ پورب میں آرام سے ہے
۳ کسی بھیدی کی وجہ سے گئی ہے	۴ جلد ہوگی	۵ واپس نہیں آئے گا	۶ دکن میں دیر سے آئیگا
۴ چوری عورت نے کی ہے	۵ دیر بعد ہوگی	۶ مصیبت میں گرفتار ہے	۷ پورب میں جلد آئیگا
۵ عورت اور مرد نے مل کر کی ہے	۶ رہائی کسی کے ذریعہ ہوگی	۷ بیماری کی وجہ سے رک گیا	۸ دکن میں ابھی نہیں آئیگا
۶۔ مل جائے گی	۷ عمر قید ہوگی	۸ جلد آنے والا ہے	۹ ....
۷ نہیں ملے گی	۸ تمام عمر قید ہوگی	۹ دیر بعد آئے گا	۱۰ ....
۸	۹ دیر بعد رہائی ہوگی	۱۰ واپس آ رہا ہے	۱۱ دکن میں

ناقص گرہوں کی شانتی کیلئے کار آمد نگینے

ناقص گرہوں کے بُرے اثرات کو دور کرنے اور شبھ گرہوں کے اثر میں اضافہ کرنے کے لیے صحیح گرہ نگ بہت مفید اور کار آمد ثابت ہوتے ہیں۔

صحیح اور ٹھیک نگ جہاں دنیاوی خوشحالی میں مددگار ہوتے ہیں وہاں کئی قسم کے لاعلاج دماغی اور پیچیدہ امراض میں بھی فائدہ مند ہوتے ہیں۔ لیکن لاپرواہی سے غلط اور خراب پتھر یعنی نگینہ دھارن کر لینے سے کئی دفعہ فائدہ کے بجائے نقصان ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ غلط یا خراب نگینہ دھارن کرنے یعنی پہننے کے بجائے اسے نہ پہننا ہی مناسب ہے۔ صحیح نگینہ وغیرہ چن لینے کے بعد متبرک (پاک)، مہورت میں نگ کے مطابق منتر پڑھتے ہوئے پہننے سے نگ کے اثرات دوگنا ہو جاتے ہیں۔ آپ اپنی جنم کنڈلی کی بنا پر صحیح نگ کا انتخاب کریں۔

میکھ، برشچک	مونگا
متھن، کنیا	پنا
برکھ، تلا	ہیرا
کرک، سنگھ	موتی۔ مانک

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش جیوے سرفراز ٹاؤن مانچسٹر

مکر
کنبھ } نیلم
دھن
مین } پکھراج

مانک :۔

اس کو سورج مینی بھی کہتے ہیں۔ سندھوری اور سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کو سورج گرہ کی شانتی کے لیے اتوار کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں انا میکا انگلی میں پہننا چاہئے۔

اتوار کو پکھ کرتیکا اترا کھاڑا یا اترا پھالگنی نکشتر ہو تو زیادہ اچھا ہے۔

مانک لگی انگوٹھی پر اس منتر کا پاٹھ کر چاہئے۔

"اوم گھرینی سوریائے نمیہ"

مانک تیز بخار، سر درد، بواسیر اور آنکھوں کی بیماری کے لیے شبھ ہے۔

موتی :۔

یہ چاند منی ہے۔ اس کو شکل پکھ کے سوموار کو یا پورنماشی یعنی چاند کی چودھویں کے روز چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر چھوٹی انگلی میں دھارن کرنا چاہئے۔

روہنی ہست یا شرون نکشتر شبھ ہیں۔ کم سے کم چار رتی کے وزن کا ہونا چاہئے پیٹ کی بیماری، دانت کی بیماری، دل کی بیماری اور بلڈ پریشر وغیرہ بیماریوں میں فائدہ مند ہے۔

موتی کا کمتر چندر کانت ہے۔

مونگا :۔

لال سندھوری رنگ کا ہوتا ہے۔ یہ منگل گرہ کی نمائندگی کرتا ہے۔

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوشخط جہت سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

۸ رتی کا مونگا منگلوار کو مرگ شر چڑھا یا بکشتر میں یا مکر راشی کے چندر ماں میں دھارن کرنا چاہیے ۔ اس کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں منگل کا بیج منتر پڑھ کر دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں دھارن کرنا چاہیے ۔ منتر اس کا اس طرح ہے ۔

اوم بھوم بھومائے نمیہ

مونگا خون کو صاف کرتا ہے ۔ معدے کی کمزوری سے پیدا شدہ بیماریوں، جسمانی اور ذہنی کمزوریوں کے لیے مفید ہے ۔

پنا :

گہرے سبز رنگ کا بدھ گرہ کا نگینہ ہے ۔ اس کی چاندنی پکش کے دوران بدھ وار کو شلیکھا جیسٹھا یا ریوتی بکشتر میں پہنیں ۔ چھ رتی کے وزن کا ہو تو زیادہ موثر ہوتا ہے اس کو سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہننا چاہیے ۔ پہننے سے پہلے بدھ گرہ کے بیج منتر کی کم سے کم ایک لاکھ مالا کرنا شبھ ہے ۔ پنا دھاری شخص پر جادو ٹونے کا اثر نہیں ہوتا ۔ عقل بڑھتی ہے ۔

پکھراج :

یہ نگینہ برہسپت کی نمائندگی کرتا ہے ۔ سفید اور پیلے دونوں رنگوں میں ملتا ہے اس کو اپنی راس کے مطابق پنرس وشاکھا یا پوروا بھادر پر انکشتر کے وقت برہسپتی وار کی صبح کو طلوع آفتاب کے وقت سونے کی انگوٹھی میں ترجنی (انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی) میں دھارن کرنا چاہیئے اس کا بیج منتر یہ ہے ۔

ادم گرانگ گرہنگ گرونگ کورو ئے نمیہ

کم سے کم پانچ رتی کا پکھراج بہتر ہوتا ہے ۔ یہ نگینہ علم طاقت اور اولاد کے سکھ کے لیے بہت مفید ہوتا ہے

ہیرا :۔ شکر گرہ کی شانتی کے لیے ہیرا پہنا جاتا ہے ۔ اس کا وزن ۲ سے ۷ رتی

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تک ہونا چاہیے۔ اس کو شکروار کے دن بھرنی پوربا پھاگنی یا سوراکھاڑا نکشتر کے دفت پلاٹینم کی انگوٹھی جڑوا کر شبھ مہورت میں دھارن کرنا چاہیے۔ اس کا بیج منتر یہ ہے۔

اوم پراگ پرینگ پروگ سیہ شبیہ نمیہ

اگر ہیرا پہننا ممکن نہ ہو تو سفید گومیدہ پہن سکتے ہیں ہیرا دھارن کرنے سے عورت کا سکھ ملتا ہے۔ معدے کی خرابی اور اندرونی پیچیدہ بیماریوں سے راحت حاصل ہوتی ہے

نیلم :۔

اصلی نیلم چند گھنٹوں میں ہی اثر دکھاتا ہے۔ اگر کوئی حادثہ آنکھوں میں یا ڈراونے خواب آئیں تو اس کو سنیچر وار کو درمیانی انگلی میں پکھا انورادھا یا اترا بھادپد نکشتر میں دھارن کرنا چاہیے اس کا بیج منتر ہے۔

اوم شنسم سنیچر ائے نمیہ۔

گومیدھ :۔

یہ نگینہ راہو کے نقص اثر کو دور کرنے کے لیے پہنا جاتا ہے سات رتی کا گومیدھ سورتی ست بھیکا یا آردرا نکشتر میں لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر سنیچر وار کو بیج منتر پڑھ کر شبھ مہورت میں پہنا چاہیے یہ دیکھنے میں الو کی آنکھ کی طرح لگتا ہے۔

وکالت، سرکاری محکموں میں ترقی، بیماری سے راحت اور دشمنوں سے نجات پانے کے لیے بھی اس کا استعمال اچھا ہوتا ہے۔

لہسنیا :۔ یہ نگ کیتو گرہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ نگینہ اندھیرے میں بلی کی آنکھ کی طرح چمکتا ہے۔ اس کو بدھ وار کے روز کم سے کم چار رتی کے وزن کا پنچ دھاتوں کی انگوٹھی میں چھوٹی انگلی میں پہننا چاہیے اس روز شونی، اکھایا مولا نکشتر ہو تو شبھ ہے اس کو پہننے سے بھوت و آسیب کا اثر نہیں ہوتا یہ نگ اولاد سکھ، دولت میں اضافہ کرتا ہے۔ دشمنوں کو زیر کرتا ہے۔

جنم دن اور راسیاں

(مختلف مہینوں میں پیدا ہونے والوں کے برج کا بیان)

میکھ راسی

۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی

بتاریخ ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی میں پیدا ہونے والوں کا برج میکھ اور سیارہ منگل شمار کیا جاتا ہے۔ اس دور میں پیدا ہونے والے صاحب املاک، عدلیہ یا انتظامیہ کاموں میں دلچسپی لینے والا، بری و بحری فوج یا پولیس میں کام کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان کی آواز میں رعب و داب اور دہشت کا ہونا لازمی ہے۔ مزاج کڑوا اور تیز۔ وقت کے پابند، ضدی اور زبان سے نکالی ہوئی بات کے پابند ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ غلط محبت سے بے نیاز۔ دوسروں سے روپیہ پیسہ سے کام لینا ان کی فطرت میں شامل اور اپنے علم و فضل کو بیجا صرف کرنے سے پرہیز کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے زور بازو سے کما کر خوش رہتے ہیں۔

مبارک اعداد :۔ ۳ ۔ ۹ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۲۹ مبارک اعداد ہیں۔

مبارک نگینہ :۔ یاقوت سرخ ۔ عقیق ۔ مونگا ۔ ہیرا ۔ دافع نحوست کے لیے انگوٹھی میں پہننا مناسب ہے۔

مبارک ایام :۔ منگل ۔ جمعرات ۔ نصف سوموار

منسوبہ نام :۔ [illegible]

برکھ راسی

۲۱ مئی تا ۲۱ جون

نام کے ابتدائی حروف :۔ ا ۔ ب ۔ ع ۔ و

اس دور میں پیدا ہونے والوں کی برکھ راسی اور شکر سیارہ ہے۔ زرعی اراضی، باغ و باغیچہ، راگ رنگ کے شائق۔ دوسروں کی الفت و محبت میں نقصان اٹھاتے ہیں۔ جوانی میں کسی خراب صحبت میں بیٹھنے سے بدنامی کا خطرہ لاحق ہونا لازمی ہے۔ جس کی بنا پر صحت دولت اور عزت پر حرف آئے۔ ایک سے زائد شادیاں۔ عقل مند، ہوشیار اور حاضر جواب۔ عمدہ لباس اور سلیقہ مند طرز رہائش کا دلدادہ۔ زراعت و تجارت میں مالی فائدہ۔

مہینے کی ۶۔ ۷۔ ۱۶۔ ۱۷۔ ۲۶ اور ۲۷ تاریخیں مبارک و سعد ہیں۔

مبارک نگینہ :۔ زمرد۔ فیروزہ۔

مبارک ایام :۔ جمعہ۔ سنیچر۔ آدھا اتوار

متھن راسی

پیدائش :۔ ۲۱ جون تا ۲۱ جولائی

نام کے ابتدائی حروف :۔ ح ۔ ھ ۔ ق ۔ ک ۔

اس دور میں پیدا ہونے والوں کی متھن راس اور سیارہ بدھ شمار ہوتا ہے۔ بدھ کا تعلق اہل علم و ہنر سے ہے لہذا اس دور میں پیدا ہونے والا شعر و شاعری کا شائق منصف مزاج۔ وقت کا پابند۔ بزرگوں کا خیر خواہ۔ اختراع و ایجاد کرنے والا۔ وکیل یا پروفیسر ہوتا ہے۔ جوانی میں مصائب کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔

مبارک تاریخیں :۔ ۴۔ ۱۴۔ ۲۲۔ ۲۴

مبارک دن :۔ سوموار اور بدھ وار

مبارک نگینہ :۔ اوپل۔ سنگ سلیمانی۔ فیروزہ چاندی کی انگوٹھی میں پہننے سے خاطر خواہ فائدہ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کرک راسی

تاریخ پیدائش : ۲۱ جولائی تا ۲۱ اگست

نام کے ابتدائی حروف : ح ۔ ھ ۔ ہو ۔ ڈ

اس دور میں پیدا ہونے والے کا سیارہ سورج اور راسی کرک ہوتی ہے ۔

اس دور میں پیدا ہونے والا جلد باز ، مختلف تدابیر سوچنے والا ۔ ایک پل میں غصہ اور ایک پل میں خوشی کا حامل ۔ آزاد خیال ۔ فضول خرچ ۔ ایک سے زیادہ شادیاں ۔ ۴۲ سال کی عمر میں دولت جمع کرے ۔

مبارک اعداد : ۱۱ ۔ ۲۲

مبارک نگینہ : سونے کی انگوٹھی میں موتی ۔ عقیق پہنے

سنگھ راسی :

تاریخ پیدائش : ۲۲ اگست تا ۲۱ ستمبر

نام کے ابتدائی حروف : م ۔ ٹ

اس دور میں پیدا ہونے والا عدل و انصاف سے کام لیتا ہے حکومت کے کاموں اور جدی وراثت سے ساری عمر بسر کرتا ہے ۔ فوج پولیس یا کسی صنعتی کام میں عروج ملے ۔ غیر ملکی سفر کرے ۔

مبارک دن : اتوار ۔ جمعرات

مبارک تاریخیں : ۸ ۔ ۱۱ ۔ ۲۱ ۔ ۲۸

نگینہ : سونے کی انگوٹھی میں یاقوت سرخ

کنیا راسی

تاریخ پیدائش : ۲۲ ستمبر تا ۲۱ اکتوبر

اس دور میں سورج کنیا راس میں ہوتا ہے اس کا مالک سیارہ بدھ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ہے۔ چونکہ سیارہ بدھ دبیر فلک ہے۔ لہٰذا اس راس میں پیدا ہونے والے فلاسفر ایڈیٹر، لیکچرار، قومی لیڈر یا مصنف ہوا کرتے ہیں اپنی بات کو مجلس کے رجحان کے تحت بدل لیتے ہیں دوسروں کے دلی راز جاننے کا کمال ملکہ رکھتے ہیں۔

سیاست دان، ہوشیار ہونے کے علاوہ رحم دل اور عدل و انصاف کے حامی ہوتے ہیں۔ خدمت خلق کرتے ہیں۔ ان میں خود اعتمادی کا جذبہ کم ہو جائے تو ان کا زوال شروع ہو جاتا ہے اپنی اہمیت کھو دیتے ہیں۔

مبارک دن : بدھ۔ اتوار

مبارک تاریخیں : ۴۔ ۶۔ ۱۴۔ ۱۲۔ ۲۲

مبارک نگینہ : فیروزہ

نام کے ابتدائی حروف : پ۔ ش

تلا راسی

تاریخ پیدائش : ۲۴۔ اکتوبر تا ۲۱ نومبر

اس دور میں سورج تلا راسی میں ہوتا ہے۔ جس کا مالک سیارہ شکر آکاش زہرہ (راقاصہ فلک) شمار ہوتا ہے۔

اس دور میں پیدا ہونے والے عاشق مزاج، حسن پرست، راگ رنگ کے دلدادہ۔ اداکار، افسانہ نویس و ناول نویس ہوتے ہیں۔ محبت میں کامیاب ایک سے زیادہ شادیاں سیر و سیاحت کے دلدادہ۔ مخالف اور حاسد زیادہ۔ اولاد میں لڑکیاں زیادہ۔ کسی چھوت والی بیماری کا اندیشہ۔ ملازمت راس نہ آئے۔ ذاتی کاروبار سے زندگی بسر ہو۔

خوش رہو جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

مبارک ایام : جمعہ۔ سوموار۔ سنیچر کا آدھا دن

مبارک تاریخیں : ۶۔ ۷۔ ۱۶۔ ۱۷۔ ۲۶

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مبارک نگینہ :۔ زمرد
نام کے ابتدائی حروف :۔ ر۔ ط۔ ت

برچھک راسی

تاریخ پیدائش :۔ ۱۴۔نومبر تا ۱۳ دسمبر
نام کے ابتدائی حروف :۔ ن۔ نی۔ یا۔ یو

اس دور میں پیدا ہونے والے بلند حوصلہ اور بہادر ہوتے ہیں۔ بات کے پکے۔ سخت کام میں سختی اور نرم کام میں نرمی اختیار کرتے ہیں۔ اپنی محنت سے دولت پیدا کرتے ہیں۔ فوج پولیس، سردے یا جنگلات کے کاموں میں دلچسپی لیتے ہیں سچ بات کہہ کر دوسروں کو اپنا مخالف بنا لیتے ہیں۔

مبارک تاریخیں :۔ ۱۔ ۲۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳۔ ۲۱۔ ۲۳
مبارک دن :۔ منگل، جمعرات
مبارک نگینہ :۔ عقیق سرخ۔ یاقوت سرخ سونے کی انگوٹھی میں پہننا مبارک مشہور ہے۔

دھن راسی

تاریخ پیدائش :۔ ۱۴ دسمبر تا ۱۲ جنوری
نام کے حروف :۔ بھ۔ دھ۔ تھ۔ ف۔ و۔

اس دور میں پیدا ہونے والے قومی کاموں میں حصہ لینے کے دلدادہ ہوتے ہیں
اس دور میں سورج دھن راس میں ہوتا ہے۔ جس کا مالک برہسپت شمار ہوتا ہے
اس دور میں پیدا ہونے والے سیر و تفریح کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ اولاد کی طرف سے فکر مند ہوتے ہیں۔

مبارک دن :۔ منگل۔ جمعرات

مبارک نگینہ :۔ یاقوت۔ نیلم سونے کی انگوٹھی میں پہننے سے نحوست کا اثر زائل ہوتا ہے۔

مکرراسی

تاریخ پیدائش :۔ ۱۴ جنوری تا ۱۲ فروری

نام کے حروف :۔ ذ۔ ز۔ خ۔ ض۔ ط۔ غا۔ گا

اس دور میں سورج مکر راسی میں ہوتا ہے جس کا مالک سیارہ سینچر شمار کیا جاتا ہے۔

اس دور میں پیدا ہونے والے مدبر، عدل وانصاف سے کام لینے والے وعدہ کے پکے، محفلوں اور مجلسوں میں باوقار، تحریر اور تقریر میں کامل دسترس رکھنے والے ہوتے ہیں۔ ایک سے زیادہ شادیاں کرتے ہیں۔

مبارک ایام :۔ سینچر۔ اتوار۔ سوموار آدھا

مبارک تاریخیں :۔ ۸۔ ۱۷۔ ۲۶۔ ۹۔ ۱۹۔ ۲۹۔

مبارک نگینہ :۔ ہیرا چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں۔

کنبھ راسی

تاریخ پیدائش :۔ ۱۴ فروری تا ۱۲ مارچ

اس دور میں سورج کنبھ راس میں ہوتا ہے۔ جس کا سیارہ سینچر شمار کیا جاتا ہے

اس دور میں پیدا ہونے والے عزیزوں اور رشتہ داروں کی بھلائی کے کاموں میں زیادہ وقت صرف کرتے ہیں۔ اہل علم لوگوں سے میل ملاپ رکھتے ہیں۔ اپنی تکلیف کو دوسروں پر ظاہر کرنے سے گریز کرتے ہیں۔

مبارک دن :۔ جمعہ، سینچر

مبارک تاریخیں :۔ ۶۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۷۔ ۱۷۔ ۲۷۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مبارک نگینہ :۔ نیلم چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں۔

مین راسی :۔

تاریخ پیدائش :۔ ۱۵ تا ۱۴ اپریل

نام کے ابتدائی حروف :۔ د ۔ چھ ۔ پ ۔ تھ ۔ دھ

اس دور میں سورج مین راس میں ہوتا ہے اس کا مالک سیارہ برہسپت شمار کیا جاتا ہے۔

اس دور میں پیدا ہونے والے علم دوست، پیر پرست، وعدہ کے پابند، ہٹ دھرم، سیر و سفر کے دالدادہ ہوتے ہیں۔ اُن کی اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں۔

مبارک دن :۔ جمعرات۔

مبارک تاریخیں :۔ ۳۔۱۲۔ ۲۱ ۔ ۵ ۔ ۱۵ ۔ ۲۵ ۔

مبارک نگینہ :۔ پکھراج۔ موتی۔

---

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچٹر

سیارگان کا اجتماع

اگر کسی خانہ میں مندرجہ ذیل سیارے یکجا ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوگا۔

سورج، چندرماں، منگل، بدھ، شکر، برہسپت یکجا ہوں تو صاحب زائچہ حاکم وقت ہو۔ راجہ مہاراجہ ہو۔ پہلے گھر میں سینچر، دوسرے تیسرے میں بدھ، چوتھے میں منگل، پانچویں میں سورج ہو تو عدالتی کام کرے۔ اولاد سے دکھ ہو۔

سورج، منگل، بدھ، سینچر، شکر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ وکیل بنے حکمت عملی سے کام کرے۔

سورج، چاند، بدھ اور شکر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ صاحب قلمدان وزارت ہو۔

سورج، منگل، چاند، شکر، سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ خاندان کا نام روشن کرے۔

سورج، چاند، منگل، سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ غیر ملک سے دولت کمائے۔

چندرماں، شکر، سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ دھوکہ، فریب اور جعلسازی سے دولت کمائے۔

چندرماں، بدھ، برہسپت یکجا ہوں تو صاحب زائچہ سیاست دان ہو۔

سورج، منگل، شکر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ فوج کا سردار ہو۔

شکر اور سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ مصور و صنعت کار ہو۔

منگل سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ بکھیڑا یا لڑائی فساد کرنے والا۔

شکر و منگل یکجا ہوں تو صاحب زائچہ عملیات کا عامل ہو۔

منگل اور بدھ یکجا ہوں تو صاحب زائچہ ڈاکٹر یا حکیم ہو۔

چندرا اور شکر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ کو کپڑے کے کاروبار میں فائدہ ہو۔

سورج اور منگل یکجا ہوں تو صاحب زائچہ کو تجارت سے فائدہ ہو۔

سورج اور بدھ یکجا ہوں تو صاحب زائچہ ایڈیٹر، مقرر یا خطیب ہو۔

سورج منگل یکجا ہوں تو صاحب زائچہ ہوائی یا بحری فوج میں ملازم ہو۔

سورج اور چاند یکجا ہوں تو صاحب زائچہ الہی، جادو سحر کا قائل اور عملیات کے کاموں میں ماہر ہو۔

منگل، سینچر یکجا ہوں تو صاحب زائچہ دست نگر، کاہل اور دشمن زماج کا ہو۔

جنم کنڈلی کے پہلے گھر میں سورج مرض جریان، احتلام اور سرعت انزال کا مریض ہو۔

ساتویں گھر میں منگل نحوست کی علامت ہے۔

پہلے گھر میں چندرمال مرض مرگی، اختناق الرحم کی علامت ہے۔

پہلے گھر میں سیکھ اور جدی گونگے پن کی علامت ہے۔ حامل گونگا ہو۔

پہلے گھر میں عطارد (بدھ) اور شکر بازاری عورتوں کے رسیا کی علامت ہے۔

پہلے گھر میں بدھ اور شکر چور، ڈاکو اور جیب کترے کی علامت ہے۔

طالع راس چوتھا گھر ہو اس میں سینچر ہو تو حامل راہزن، مشہور ڈاکو یا چور ہوتا ہے

دسویں گھر میں منگل ہو تو حامل عیاش اور فضول خرچ ہو۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

اتفاقیہ وطبعی موت

مرتیو یعنی موت کا ایک وقت معین ہے ۔عمر درازی اور کمی بھگوان کے ہاتھ میں ہے یہ ایک ایسا بھید ہے جس کو کسی نے نہیں پایا موت کے متعلق یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کب آجائے ۔ البتہ اگر انسان بیماریوں، صوموں اور برائیوں سے بچا رہے تو اندازاً لمبی عمر پا سکتا ہے ۔ اور موت کس طرح ہوگی اس کے متعلق سیارگان کی برجوں میں گردش سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔

(۱) اگر سینچر منگل طالع میں ہو تو خودکشی کرے یا کسی کے ہاتھوں کسی اسلحہ سے قتل ہو۔

(۲) سورج سینچر پہلے اور سیارہ ساتویں گھر میں ہو تو درخت یا عمارت سے گر کر موت ہو

(۳) سورج و منگل پہلے گھر کو کامل نظر سے دیکھیں تو جنگلی درندوں سے موت ہو ۔

(۴) پہلے گھر میں منگل، سورج، سینچر کی اس گھر پر نظر کامل ہو تو اسلحہ سے موت ہو۔

(۵) زائچہ کے پہلے اور چوتھے گھر میں منگل، سینچر اور سورج ہوں تو خودکشی کرے ۔

(۶) زائچہ کے پہلے گھر میں سنیچر سیارہ چندرماں چھٹے سیارہ اور منگل ساتویں میں ہو تو والدین بچپن میں فوت ہوں ۔

(۷) خانہ اول میں راس سیارہ شادی کے وقت باپ کے انتقال کی علامت ہے ۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماپچٹر

ایسٹروسکوپ

اس کتاب کا تیسرا حصہ بھی علم نجوم و جوتش پر مبنی ہے جسے علم نجوم (ASTRONOMY) کی انگریزی کتاب ایسٹروسکوپ کائٹڈ (ASTROSCOPE - SIDE) سے براہ راست ترجمہ کیا گیا ہے۔

اس وقت نہ صرف مغرب بلکہ تمام دنیا میں لنڈا گڈمین ڈورسکے کا بڑا چرچا ہے لنڈا گڈمین منجمہ ہیں اور ڈورسکے منجم۔ ساری دنیا میں اس وقت ان دونوں ستارہ شناسوں کا بڑا چرچا ہے ہر ملک ہر زبان کے جریدوں، ماہناموں اور موقر روزناموں کے سپلیمنٹری ایڈیشنوں میں ان کے اکتسابات پیش کئے جاتے ہیں اپنے ملک ہی کے جریدوں، رسالوں اور روزناموں کو لے لیں ان میں ہر روز ان ستارہ شناسوں کی تحریر علم نجوم پر کوئی نہ کوئی مضمون ترجمہ کر کے شائع کیا جا رہا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ علم نجوم سے دلچسپی رکھنے والے ایسے مضامین سے خاصی دلچسپی... رکھتے ہیں۔

اس کتاب میں لنڈا گڈمین کی کتاب ایسٹرو گائیڈ کے علاوہ ڈورسکے کی کتاب سائنز اینڈ ڈریمز" (SUN SIGNNS AND DREAMS) سے بھی استفادہ کیا گیا ہے آپ بھی اس سے استفادہ کریں۔ اور قسمت کے اس آئینہ میں اپنے جملہ مسائل کا موثر و مفید ترین حل تلاش کریں۔

---

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ستارے

الیسٹرو سکوپ میں بھی و ستارے ہیں جو علم نجوم اور علم جوتش میں ہیں۔ لیکن ان کے نام انگریزی میں ہیں جو یہ ہیں۔

۱۔ سورج

۲۔ چاند

۳۔ مریخ

۴۔ زحل

۵۔ مشتری

۶۔ عطارد

۷۔ زہرہ

اور دو امدادی ستارے ہیں۔

۸۔ یورینس

۹۔ نیپاچون

مذکورہ بالا ستاروں کے علامتی نشان درج ذیل ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برج

ایسٹروپیتھی (ASTEROPATHY) میں بھی وہی برج ہیں جو علم نجوم وجوتش میں ہیں۔ لیکن ان کے نام انگریزی میں ہیں جو یہ ہیں۔

ماہرین علم نجوم کے نزدیک ہر برج اپنی ایک مخصوص شکل رکھتاہے اور مخصوص اثرات وخصوصیات کا حامل ہے جس کی تشریح درج ذیل ہے

(۱) برج حمل

۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل تک پیدا ہونے والوں کا برج حمل ہے۔

حمل کے لیے موزوں پیشے:۔

(۱) بینکنگ

(۲) تصنیف وتالیف، ادب وصحافت خصوصاً شعبہ رپورٹنگ۔

(۳) تعلقات عامہ کے تمام شعبے

(۴) تحقیق وایجادات

(۵) سیلز مین شپ

(۶) مہم جوئی

(۷) انجینئرنگ (۸) ڈنٹل

(۹) پارٹ (۱۰) سرحدی

(۱۱) فوجی ملازمت ہیر ڈریسنگ

(۱۳) جدید کاروباری شعبے

بہترین دوست :-

اسد ۔ قوس ۔ ثور ۔ جوزا ۔ حوت ۔ دلو

غیر یقینی :-

سرطان ۔ میزان ۔ جدی

غیر جانب دار :-

سنبلہ ۔ عقرب

حمل کی بیماریاں :-

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو درج ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی۔

(۱) ہر قسم کا بخار (۲) اعصابی بیماریاں

(۳) نظام ہضم کی خرابیاں (۴) السر

(۵) شدید درد سر ۔ دانت (۶) ہر قسم کے زخم

(۷) کان کی بیماریاں

نشان :- مینڈھا

عنصر :- آگ

حاکم سیارہ :- مریخ

خوش بختی کا ہندسہ :- ۹ اور وہ تمام ہندسے جن کو ۹ سے تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

موافق رنگ :- سرخ ۔ گلابی ۔ عنابی ۔ کرمزی ۔ ارغوانی ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیسے سرفراز

موافق تاریخیں :۔ ۳ - ۹ - ۱۲ ۔

موافق پتھر :۔ یاقوت سرخ، عقیق، موتی ، ہیرے

موافق دن :۔ منگل ۔ جمعرات ۔ آدھا سوموار

نام کے ابتدائی حروف :۔ د ۔ ع ۔ ل ۔ آ

حمل مرد اور عورت بڑے جذباتی ہوتے ہیں ۔

حمل عورت اور مرد جس سے محبت کریں ٹوٹ کر کرتے ہیں ۔ ایک دوسرے کے دیوانے ہوتے ہیں ۔

حمل لوگ حسن و نغمگی کے دلدادہ ہوتے ہیں ۔ فنکار ہوتے ہیں اور فنکاروں کے ساتھ زیادہ تر میل جول رکھتے ہیں ۔

حمل لوگ ہر ماحول میں کھپ سکتے ہیں ۔ ہر ماحول کو اپنا لیتے ہیں ۔

حمل لوگ معمولی بیماریوں کا تو ذکر ہی کیا مہلک امراض کو بھی کوئی اہمیت نہیں دیتے بعض اوقات وہ اپنی مثبت سوچ سے بیماریوں کے حملوں کو پسپا کرنے میں آسانی سے کامیاب ہو جاتے ہیں ۔

حمل لوگ سیر و سیاحت کے دلدادہ ہوتے ہیں ۔

حمل لوگوں میں آگے بڑھنے کی لگن ہوتی ہے ۔ اولوالعزم ہوتے ہیں ۔

۲ ۔ برج ثور

ٹاٹرس

۲۱ اپریل سے ۳۱ مئی تک پیدا ہونے والوں کا برج ثور ہے ۔

......

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
کاوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچسٹر

نشان :۔ بیل

عنصر :۔ مٹی

حاکم سیارہ :۔ زہرہ

خوش بختی کا ہندسہ :۔ ۶ اور وہ تمام ہندسے جنہیں چھ سے تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

موافق رنگ :۔ گلابی - زرد - پیلا - نیلا

موافق پتھر :۔ زمرد - فیروزہ - مرجان - عقیق - سنگ جراحت ۔

مہینے کی موافق تاریخیں :۔ ۶ - ۷ - ۱۶ - ۲۶ - ۲۷

موافق دن :۔ جمعہ - ہفتہ - آدھا اتوار

برج ثور کے دوست :

بہترین دوست :۔ سنبلہ - جدی

FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بہتر : جوزا ۔ سرطان ۔ حوت ۔ حمل

غیر یقینی : دلو ۔ اسد ۔ عقرب

غیر جانبدار : میزان ۔ قوس

ثور کے لیے موزوں پیشے:

(١) زمین اور تعمیرات (٢) فنون لطیفہ

(٣) قانون (٤) اعلیٰ انتظامی عہدے

(٥) باغبانی وزراعت (٦) صحافت

(٧) گلوکاری ۔ صداکاری (٨) فنون لطیفہ

(٩) میڈیسن (ادویات) (١٠) بنکاری

(١١) سیلز مین شپ (١٢) پراپرٹی ڈیلر

(١٣) مویشیوں کی افزائش

ثور کی بیماریاں:

(١) درد گردہ (٢) سنگرہنی

(٣) اسہال (٤) عارضہ قلب

(٥) جگر کی خرابی

یاد رہے کہ اپنے برج کی شناخت نام کے پہلے حرف کے علاوہ تاریخ پیدائش سے بھی کی جاتی ہے۔ ایسا ہو سکتا ہے کہ تاریخ پیدائش اور نام کے پہلے حرف میں تضاد ہو۔ ایسی صورت میں تاریخ پیدائش کے برج اور نام کے پہلے حرف سے اپنا احوال دیکھیں جب کہ نیچے دیا گیا ہے۔ یہاں نام کا پہلا حرف کا برج اور تاریخ پیدائش

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کا برج آپس میں مطابقت نہیں رکھتے ۔

ثور مرد بیل کی طرح مضبوط اور گٹھے ہوئے ہوتے ہیں ۔

ثوری لوگ امن و آشتی اور حسن و محبت کے دلدادہ ہوتے ہیں ۔

ثور مرد رفیقہ حیات کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرتے ہیں ۔

ثور مرد اپنی بیوی کو خوش لباس دیکھنا پسند کرتے ہیں ۔

ثور مرد فلرٹ نہیں ہوتے ۔ کسی لڑکی کو محبت کا جھانسہ دے کر بیوقوف نہیں بناتے ۔

ثور برج کے تحت پیدا ہونے والی عورتوں کے کردار اور شخصیت کا تجزیہ کرتے ہوئے لنڈا گڈمین کہتی ہے ۔

ثور عورت خوبصورت اور قد آور ہوتی ہے ۔ اس میں وہ خوبیاں ہوتی ہیں کہ ہر مرد اس کی تلاش کرتا ہے ۔

ثور عورت بڑی جذباتی ہوتی ہے ۔ دل سے پیار کرتی ہے ۔

ثور عورت موسیقی ، رقص ، شوخ رنگوں ، تصویروں ، خوشبوؤں اور نفیس کپڑوں کو اور زیوروں کو بڑا پسند کرتی ہے ۔

ثور عورت کو بدبو سے بڑی بے چینی ہوتی ہے ۔ یہاں تک کہ مچھلی تلنے کی بو بھی اسے گوارا نہیں ہوتی ۔

ثور عورت بڑی مہربان ماں ہوتی ہے ۔

ثور عورت بڑی سلیقہ شعار اور امور خانہ داری سے پوری طرح آگاہ ہوتی ہے ۔

ثور لوگ زندگی میں ایک سے زیادہ شادیاں کرتے ہیں ۔

ثور لوگ باعمل ہوتے ہیں ۔ باتوں سے زیادہ عمل پر یقین رکھتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج جوزا

جیمنی

GEMINI (۳)

۲۱ مئی تا ۲۱ جون میں پیدا ہونے والے برج جوزا کے زیر اثر ہیں ۔

www.freeamliyaatbooksPdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

نشان : جڑواں بچے

عنصر : ہوا

حاکم سیارہ : عطارد

خوش قسمتی کا ہندسہ : پانچ اور تمام ہندسے جو پانچ سے تقسیم کئے جا سکتے ہیں

نام کے ابتدائی حروف : ح ۔ ھ ۔ ق ۔ ک

موافق رنگ : اورنج ۔ بنفشی ۔ لاجوردی ۔ سیپیا

موافق پتھر : پکھراج ۔ ہیرا ۔ یاقوت ۔ موتی ۔ اُپل ۔ اگر چاندی کی انگوٹھی میں پہنیں تو زیادہ موثر ہوتا ہے ۔

مہینے کی موافق تاریخیں : ۴ ۔ ۱۴ ۔ ۲۲ ۔ ۲۴

موافق ومبارک دن :۔ سوموار ، بدھوار

جوزا کے دوست :

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی رفاقت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ہو سکتی ہے ؟

بہترین :۔ میزان ۔ دلو

بہتر :۔ سرطان ۔ اسد ۔ حمل ۔ ثور

غیر یقینی :۔ سنبلہ ۔ قوس ۔ حوت

غیر جانبدار :۔ عقرب ۔ جدی

جوزا کی بیماریاں :

(۱) بے خوابی (انسومنیا) (۲) شانوں اور بازوؤں کا درد

(۳) کوہوں کا درد (۴) اعصابی کھچاؤ

(۵) ہاتھوں اور انگلیوں کی بیماریاں (۶) پھیپھڑوں کی بیماریاں

(۷) جوڑوں کا درد (۸) جذباتی دباؤ

برج جوزا کے لیے موزوں پیشے :

(۱) اسٹاک بروکر (۲) ایڈورٹائزنگ پبلسٹی

(۳) تعلیم وتدریس (۴) انجینئرنگ

(۵) مجسمہ سازی (۶) تعلقات عامہ

(۷) ایجادات (۸) ہینڈی کرافٹ

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOKS

(۹) صحافت (۱۰) براڈ کاسٹنگ

(۱۱) دستکاری (۱۲) سیلز مین شپ

جوزا لوگ طنز و مزاح پسند کرتے ہیں۔

جوزا لوگ اچھے سیلزمین اور سیاح ہوتے ہیں۔

جوزا لوگ سنبلہ حمل، اسد اور عقرب لوگوں کے ساتھ مل کر ہنگامی حالات میں اہم خدمات سرانجام دیتے ہیں۔

جوزا لوگ دل لگا کر کام کرتے ہیں۔

جوزا لوگ کفایت شعار ہوتے ہیں۔ ہمیشہ بچت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جوزا مرد اور عورتیں پرکشش ہوتی ہیں۔ نت نئے دوست بنا کر خوش رہتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ پرانے دوستوں سے دلچسپی کم ہوتی جاتی ہے۔

جوزا عورتیں اکثر فلرٹ ہوتی ہیں۔ ہرجائی ہوتی ہیں۔ حسن پسند ہوتی ہیں۔

جوزا عورت اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر زیادہ نہیں دیتی۔

جوزا لوگ عام طور پر وقت کے پابند نہیں ہوتے خطوط کتابت سے نفرت کرتے ہیں۔

جوزا ادیبوں کی ایسی تعداد موجود ہے جو اپنے لیے فرضی نام استعمال کرتے ہیں۔

جوزا لوگ کٹ حجتی ہوتے ہیں۔

۴ برج سرطان

کینسر

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

۲۳ جون سے ۲۲ جولائی تک پیدا ہونے والوں کا برج سرطان ہے۔

نشان : کیکڑا

عنصر : پانی

حاکم سیارہ : قمر

لکی نمبر : ۲

نام کے ابتدائی حروف : ح۔ ھ۔ ہو۔ ڈ

موافق اعداد : ۲۔ ۱۲۔ ۲۲

موافق تاریخیں : ۲۔ ۱۲۔ ۲۰۔ ۲۲

موافق دن : سوموار۔ جمعرات

موافق رنگ : سبز۔ زرد۔ نارنجی

موافق پتھر : زمرد۔ موتی۔ پکھراج۔ عقیق۔ الماس۔ پنّا

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

برج سرطان کی بیماریاں :

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والوں کو جو بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں ۔ درج ذیل ہیں ۔

(۱) معدہ کی بیماریاں — (۲) نظام ہضم کی شکایت
(۳) سانس کی بیماریاں — (۴) گیس کی بیماریاں (تبخیر معدہ وغیرہ)
(۵) گردوں کی بیماریاں — (۶) جلد کی بیماریاں
(۷) گھٹنوں کی بیماریاں

سرطان کے دوست :

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی رفاقت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ثابت ہو سکتی ہے ؟

بہترین : عقرب ۔ حوت
بہتر : اسد ۔ سنبلہ ۔ ثور ۔ جوزا
غیر یقینی : حمل ۔ میزان ۔ جدی
غیر جانبدار : قوس ۔ دلو

سرطان کے لیے موزوں پیشے :

(۱) امور خارجہ — (۲) اداکاری
(۳) ہر قسم کاروبار — (۴) مصوری
(۵) گھر اور گھریلو ضروریات سے متعلق شعبے ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

(۶) بین الاقوامی تجارت
(۷) سماجی بہبود کے شعبے
(۸) تعلیم وتدریس
(۹) شاعری، مصوری
(۱۰) سیاحت
(۱۱) ادویہ سازی۔ طب
(۱۲) آرٹ
(۱۳) تصنیف وتالیف
(۱۴) آثار قدیمہ
(۱۵) نوادرات جمع کرنا۔

سرطان لوگ ماضی کی یادوں میں مگن رہتے ہیں۔

سرطان لوگ ظاہری نمائش سے متاثر نہیں ہوتے۔ نمایاں ہونے کی بجائے پس منظر میں رہنا پسند کرتے ہیں۔

سرطانی لوگ ناکامیوں سے نہیں گھبراتے اور خاموشی سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے سرگرم عمل رہتے ہیں۔

سرطان بچے اوائل عمر میں ذہین اور محنتی نہیں ہوتے لیکن بلوغت کی عمر میں پہنچ کر ذہین بھی ہو جاتے ہیں اور جفاکش بھی۔

سرطانی بچے لذیذ کھانے، لذیذ مشروبات اور رنگ برنگی تصاویر پسند کرتے ہیں

جب آسمان پر پورا چاند ہوتا ہے سرطانی مرد اور عورت کی بہی جولانی ہوتی ہے۔ اس کی خوش مزاجی میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

سرطانی لوگ مالی معاملات میں بڑے محتاط طرز عمل کے حامل ہوتے ہیں۔ مالی امور کے بارے میں کچھ زیادہ ہی تحفظ چاہتے ہیں۔

سرطانی لوگ بچپن ہی سے دولت میں بڑی کشش محسوس کرتے ہیں۔ وہ نمود و نمائش کی خاطر دولت خرچ نہیں کرتے۔

سرطانی عورتیں ملبوسات کے بارے میں خاص ذوق رکھتی ہیں اچھی تراش خراش کے ملبوسات زیب تن کرتی ہیں۔

سرطانی عورتیں طبعًا گھر کا ماحول پسند کرتی ہیں۔

سرطانی عورتیں بناؤ سنگار کی دلدادہ ہوتی ہیں۔

سرطانی مردوں اور عورتوں کا موڈ چاند کے اتار چڑھاؤ کے تابع ہوتا ہے۔

اپنے حسن کی تعریف سرطانی عورت کی سب سے بڑی کمزوری ہے۔

۵۔ LEO برج اسد

لیو

۲۲ جولائی سے ۱۳ اگست تک پیدا ہونے والوں کا برج اسد۔



نشان :- شیر

عنصر :- آگ

حاکم سیارہ :- شمس

خوش قسمتی کا ہندسہ :- ۱ - ۱۱ - ۴

مہینے کی مبارک تاریخیں :- ۸ - ۱۱ - ۲۱ - ۲۸

مبارک دن :- اتوار - جمعرات

موافق رنگ :- دھانی ۔ نارنجی ۔ سرخ
موافق پتھر :- ہیرا ۔ لعل ۔ پکھراج ۔ پنا ۔ یاقوت

برج اسد کی بیماریاں :

(۱) امراض قلب (۲) درد مثانہ
(۳) درد کمر (۴) گنٹھیا
(۵) حلق کی بیماریاں (۶) مرگی
(۷) ریڑھ کی ہڈی کے امراض (۸) ٹخنوں کی کمزوری

برج اسد کے لیے موزوں پیشے :

(۱) فنون لطیفہ (۲) تعلقات عامہ
(۳) تعلیم و تدریس (۴) ہر قسم کے اعلیٰ انتظامی عہدے
(۵) سماجی بہبود کے ادارے (۶) صحافت
(۷) دوا سازی ۔ طب و حکمت (۸) طباعت و حروف
(۹) سیاست (۱۰) تصنیف و تالیف
(۱۱) اشتہارات ۔ پبلسٹی (۱۲) دستکاری

اسد مرد بڑا ذہین ہوتا ہے اور اچھی طرح جانتا ہے وہ کیا چاہتا ہے۔

اسد مرد اپنی رفیقہ حیات یا محبوبہ کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرنے پر مجبور کرتا ہے۔

اسد لوگ بڑے گرم جوش باپ ثابت ہوتے ہیں۔

اسد لوگ بہت اچھے منتظم ۔ سربراہ خاندان یا سربراہ ریاست ثابت ہوتے ہیں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

اسد عورت دلکش اور اولوالعزم ہوتی ہے۔ شان و شوکت پسند کرتی ہے۔ اپنے احباب کو مسحور کر لیتی ہے۔

اسد عورت دراصل حکومت کرنے کے لیے پیدا ہوتی ہے۔

اسد عورت نسائیت سے بھرپور ہوتی ہے۔ ایک مکمل عورت ہوتی ہے۔

اسد عورت بڑی کھلنڈری ہوتی ہے۔ کھیل تماشے پسند کرتی ہے۔

اسد عورتوں میں سے کچھ انطلیٹ بھی ہوتی ہیں تھیٹر، سینما اور کھیل کود کے میدان پسند کرتی ہیں۔

اسد عورت اپنی شکل و صورت، چال ڈھال اور اپنی پرکشش شخصیت کی وجہ سے عام عورتوں میں نمایاں دکھائی دیتی ہے۔ ... بیوٹی کلینک اور بیوٹی پارلر ... میں صرف ...

اسد عورت ... اور سلیقہ شعار ہوتی ہے۔

جب اسد ... فیصلہ کر لیتی ہیں تو پھر اسے پایہ تکمیل تک پہنچا کر ...

اسد عورت ... میں ...

برج سنبلہ

ورگو

(۶)

۲۱ اگست تا ۲۳ ستمبر کو پیدا ہونے والوں کا برج سنبلہ ہے۔

نشان :۔ دوشیزہ

اطالوی ستارہ شناس منجمہ اور دست شناس مادام دریناموریانی اس برج کو جبا پہرا بتاتی ہے۔ اس کے بارے میں بڑی بڑی عجیب باتیں بتاتا ہے۔ اس کا طالعہ آگے چل کر پیش کیا جائے گا۔ پہلے آپ اسپیرو پنتھس کے مطابق برج سنبلہ سے متعارف ہوں۔

عنصر	:۔ مٹی
مزاج	:۔ رائج
حاکم سیارہ	:۔ عطارد
خوش قسمتی کا ہندسہ	:۔ پانچ
مہینے کی مبارک تاریخیں	:۔ ۳ ۔ ۶ ۔ ۱۴ ۔ ۲۱ ۔ ۲۷
مبارک دن	:۔ بدھ ۔ اتوار
موافق رنگ	:۔ بنفشی ۔ دھانی ۔ ہر قسم کا سبز اور آسمانی
موافق پتھر	:۔ فیروزہ ۔ ہیرا ۔ یاقوت ۔ پنا
نام کے پہلے حروف	:۔ پ ۔ ٹھ ۔ ن وغیرہ

سنبلہ کی بیماریاں :

(۱) نظام ہضم کی خرابیاں	(۲) ہیضہ
(۳) السر	(۴) درد سر ، درد شقیقہ
(۵) اعصابی کمزوریاں	(۶) پھیپھڑوں کی بیماریاں
(۷) جوڑوں کا درد	(۸) [illegible]
(۹) کمر کا درد	(۱۰) گنٹھیا

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ

(۱۱) بازوؤں اور شانوں کا درد

سنبلہ کے دوست :

بہترین :۔ جدی ۔ ثور

بہتر :۔ میزان ۔ عقرب ۔ اسد ۔ سرطان

غیر یقینی :۔ قوس ۔ حوت ۔ جوزا

غیر جانبدار :۔ دلو ۔ حمل

سنبلہ کے لیے موزوں پیشے :

(۱) تجارت	(۲) شماریات
(۳) طب	(۴) انتظامی شعبے
(۵) اکاؤنٹنگ	(۶) جکاری
(۷) نرسنگ	(۸) سائنس
(۹) تبلیغ و اشاعت دین	(۱۰) تحقیق
(۱۱) بنکاری	(۱۲) [illegible]
(۱۳) ادب و صحافت	(۱۴) بک کیپنگ

سنبلہ لوگ صحت کے اصولوں کا خاص خیال رکھتے ہیں ۔ صاف ستھری متوازن غذا کھاتے ہیں ۔

سنبلہ لوگ عموماً عملی طور پر مادی سطح پر رہنا پسند کرتے ہیں ۔ ان میں رومانوی کہانیوں جیسی خصوصیات بہت کم پائی جاتی ہیں

سنبلہ لوگ محبت کا جذبہ لے کر پیدا ہوتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbooksp.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

سنبلہ لوگ مضبوط اور یقینی یادداشت رکھتے ہیں۔
سنبلہ لوگوں کے بچے نظم و ضبط کے پابند ہوتے ہیں۔
سنبلہ عورت مردوں کو کھلی کتاب کی طرح پڑھنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتی ہے۔
سنبلہ عورت کو دھوکہ دینا یا بیوقوف بنانا آسان کام نہیں لیکن اس بارے میں مشہور ماہر نجوم جیوڈتھ بینیے یہ کہتا ہے کہ سنبلہ عورت کبھی کبھی اپنی رومانی فطرت کے ہاتھوں دھوکہ کھا جاتی ہے

۷۔ برج میزان

برا

۲۴ ستمبر سے ۲۳ اکتوبر تک پیدا ہونے والوں کا برج میزان ہے۔
لنڈا گڈ مین کہتی ہے کہ!
میزان بچہ کی پیدائش ایک فنکار کی پیدائش ہے۔
میزان بچہ ایک گلابی فرشتہ کی مانند ہے۔
میزان بچہ شہزادوں کے نقش و نگار کا مالک پرکشش ہوتا ہے۔
(لنڈا گڈ مین)

۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر کو پیدا ہونے والوں کا برج میزان ہے۔

عنصر ؛ ہوا
حاکم سیارہ ؛ زہرہ
مزاج ؛ حاکمانہ
خوش قسمتی کا ہندسہ ؛ چھ
موافق رنگ ؛ سفید، سبز، ارغوانی، فیروزی، نارنجی، پیلا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات بکس FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش نویس سرفراز شاہ وچ ماچھر

مبارک پتھر :۔ الماس ، پنا ، زمرد ، سنگ دودھیا ، اُپل برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی دوستی دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ثابت ہو سکتی ہے ؟

بہترین :۔ دلو - جوزا

بہتر :۔ عقرب ، قوس ، اسد ، سنبلہ

غیر یقینی :۔ حمل ، جدی ، سرطان

غیر جانبدار :۔ حوت ، ثور

نقصان :۔ میزان

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

برج میزان کی بیماریاں :

(۱) چیچک ۔ ماتا (۲) درد گردہ

(۳) ریڑھ کی تکلیف (۴) درد سر

(۵) آنکھ کی بیماریاں (۶) معدے کی بیماریاں

(۷) جوڑوں کا درد (۸) نزلہ و زکام

خوش جیوے سر فراز شاہ وچ مانچسٹر

میزان کے لیے موزوں پیشے :

میزان لوگوں کو درج ذیل پیشے و شعبے موزوں ثابت ہوتے ہیں ۔

(۱) شراکتی کاروبار (۲) درس و تدریس
(۳) جیوہری ۔ صرافہ ۔ زرگری (۴) مجسمہ سازی
(۵) رقص و موسیقی (۶) مصوری ۔ پینٹری
(۷) مسلح افواج (۸) آرائش گیسو ۔ ہیئر سیلون
(۹) درآمدات برآمدات

میزان لوگ اپنے بچوں کو اوائل عمر میں ہی موسیقی، مصوری یا دوسرے فنون لطیفہ میں سے کسی فن کی طرف راغب کراتے ہیں۔

میزان عورت بڑی اچھی مقررہ ہوتی ہے۔ خوش بیان ہوتی ہے خوش الحان ہوتی ہے

میزان لوگ میٹھی چیزیں بڑی رغبت سے کھاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے موٹاپے کا امکان ہوتا ہے۔

میزان لوگ کسی قطعی فیصلے پر پہنچنے میں کافی دیر کر دیتے ہیں۔

میزان لوگ طبعاً انصاف پسند ہوتے ہیں۔

میزان لوگوں سے بحث مباحثہ آسان نہیں۔ وہ معترضین کو قائل اور خوش کرنا خوب جانتے ہیں۔

میزان لوگ بڑے مہذب اور دانشور ہوتے ہیں۔

میزان لوگ بڑے خوش طبع اور ظرافت پسند ہوتے ہیں۔

میزان عورت کی رفاقت اور اس سے رومانس میں اس کا ساتھی مرد سکون و راحت محسوس کرتا ہے۔

میزان عورت تنہائی سے گھبراتی ہے۔ تنہا رہنا اسے گوارہ نہیں ہوتا۔

۸۔ برج عقرب
سکورپیو

۲۵ اکتوبر سے ۲۲ نومبر تک پیدا ہونے والے برج عقرب سے تعلق رکھتے ہیں

نشان : بچھو

حاکم سیارہ : پلوٹو

عنصر : پانی

خوش بختی کا ہندسہ : ۹

موافق رنگ : بھورا۔ گہرا سرخ۔ عنابی۔ انگوری۔ نیلا۔ لاجوردی

موافق نگینہ : مونگا۔ سرخ عقیق۔ سرخ یاقوت

مبارک دن : منگل۔ جمعرات

مہینے کی مبارک تاریخیں : ۱۔ ۲۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳۔ ۲۱۔ ۲۲

عقرب کی بیماریاں

(۱) ہاضمہ کی خرابی (۲) معدے کی سوزش

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

(۳) نزلہ و زکام (۴) سر اور حلق کی بیماریاں

(۵) مثانہ کی بیماریاں (۶) نزلہ و زکام

(۷) پیچش و سنگرہنی (۸) ناک کی بیماریاں

عقرب کے لیے موزوں پیشے:

(۱) سرجری۔ جراحی (۲) تجارت، کاروبار

(۳) صحافت (۴) بیوروکریسی۔ بیوروکریٹ

(۵) آثار قدیمہ (۶) تعمیرات۔ کنسٹرکشن

(۷) سیکرٹ ایجنٹ۔ سراغرسانی۔ جاسوسی۔ سیکرٹ سروس

برج عقرب کا کامل باپ سخت باپ ثابت ہوتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھتا ہے۔

عقرب مرد کسی عورت کو یہ اجازت نہیں دیتا کہ وہ اس پر برتری جتائے۔

عقرب شوہر اپنی بیوی کو اس شدت سے چاہتا ہے کہ بیشتر عورتوں نے پیار کی اتنی شدت کے متعلق صرف کتابوں ہی میں پڑھا ہوگا۔

امریکہ کے صدروں کی سب سے زیادہ تعداد برج عقرب سے تعلق رکھنے والے صدروں کی ہے۔

عقرب فائرمین جلتی ہوئی عمارت سے بچے کو نکالنے کے لیے جان کی پرواہ نہیں کرتا۔ وہ جلتی ہوئی عمارت سے کسی کو نکالنے کے لیے جان کی بازی لگا دیتا ہے

عقرب لوگ احسان فراموش نہیں ہوتے۔ وہ کسی کی مہربانی کو کبھی نہیں بھلاتے۔

عقرب لوگ اپنی قوت ارادی سے مہلک سے مہلک بیماری سے باآسانی صحت یاب ہوجاتے ہیں۔

عقرب لوگ مردم شناس ہوتے ہیں۔ ان کے اندازے دوسرے لوگوں کے بارے میں کافی حد تک درست ثابت ہوتے ہیں۔

عقرب لوگوں کے بارے میں ایک حیرت انگیز بات یہ ہوتی ہے۔ کہ جب کسی خاندان میں کوئی عقرب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کی پیدائش سے ایک سال بعد یا ایک سال پہلے یقیناً اس خاندان میں کوئی نہ کوئی موت واقع ہوتی ہے۔

اسی طرح جب کوئی عقرب شخص اس دار فانی سے کوچ کرتا ہے تو اس کے خاندان میں اس کی موت سے ایک سال پہلے یا ایک سال بعد کے عرصے میں ضرور کسی نہ کسی بچہ کی ولادت ہوتی ہے۔

عقرب لوگوں کی شخصیت انتہا پر اسرار ہوتی ہے۔

عقرب بچے ٹیلی ویژن یا سینما میں سائنس اور دیگر ڈرامائی فلمیں دیکھنا پسند کرتے ہیں

برج عقرب کے حامل بچوں میں صبر اور برداشت کی قوت بہت ہی زیادہ ہوتی ہے

عقرب مرد جس عورت سے محبت کرتا ہے اندھا دھند کرتا ہے۔

عقرب لوگ بہت اچھے سراغ رساں اور قابل تعریف موسیقار بن سکتے ہیں۔ ان اچھے اداکار بننے کی بھی صلاحیت ہوتی ہے۔

عقرب لوگ پریشانیوں سے کبھی نہیں گھبراتے۔

(9) SAGITTARIUS. برج قوس

www.freeamliyaatbooks.net
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۲۱ نومبر سے ۲۱ دسمبر تک پیدا ہونے والوں کا برج قوس ہے ۔

نشان : کمانڈار

عنصر : آگ

مبارک ہندسہ : ۶

نام کے پہلے حروف : بھ ۔ دھ ۔ تھ ۔ ف ۔ د ۔ و

مبارک تاریخیں : ۲ ۔ ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۰ ۔ ۱۲

مبارک دن : منگل ۔ جمعرات

موافق رنگ : نیلا ۔ زرد ۔ سرخ ۔ ارغوانی

مبارک نگینہ : یاقوت ۔ نیلم ۔ پکھراج

قوس کے دوست :

بہترین : حمل ۔ اسد

بہتر : جدی ۔ دلو ۔ میزان ۔ عقرب

غیر یقینی : حوت ۔ جوزا ۔ سنبلہ

غیر جانبدار : ثور ۔ سرطان

قوس کی بیماریاں :

قوس لوگوں کو درج ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں ۔

(۱) لیکوریا د عرق النساء (۲) کولہوں کے زخم

(۳) گنٹھیا (۴) ہاضمے کی خرابی

(۵) نزلہ زکام (۶) حلق کی بیماریاں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

(۷) اعصابی اکراہٹ — (۸) جوڑوں کا درد

قوس کے لیے موزوں پیشے:

(۱) پرائیویٹ سیکرٹری	(۲) سیاحت
(۳) سیاست	(۴) میڈیسن
(۵) اداکاری	(۶) وکالت
(۷) ایڈورٹائزنگ	(۸) تجارت
(۹) فوج	(۱۰) تعلقات
(۱۱) نشرواشاعت	

قوس بچے پڑھائی میں لطف لیتے ہیں۔ بڑے ذہین اور زندگی میں کارنامے انجام دینے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

قوس لوگوں میں مذہبی رجحان خاصا قوی ہوتا ہے۔

قوس لوگ کسی کی حق تلفی نہیں کرتے۔

قوس لوگ اپنی آزادی میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کرتے۔

قوس لوگ بہت اچھے بزنس پارٹنر ثابت ہوتے ہیں۔

قوس لوگ ہر ماحول کو اپنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

قوس لوگ پیدائشی طور پر خوش قسمت ہوتے ہیں۔

قوس لوگوں کی مذہبی سوچ منطقی ہوتی ہے۔ وہ محض عقیدت کی خاطر مذہب کی طرف مائل نہیں ہوتے۔

قوس عورتوں کو اپنے کیا نیاں انتزاد دیتی ہیں۔

قوس بچے تنہا نہیں رہ سکتے۔ وہ محبت کرتے ہیں۔ محبت چاہتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکری
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

قوس عورتیں شدید خیال پرست ہوتی ہیں یہ ایک ایسا راز ہے جو آپ قوس بیوی نے شاید آپ کو کبھی نہ بتایا ہو کہ وہ آپ کی محبت میں برسوں سے مبتلا تھی ۔

قوس عورتوں کی گفتگو میں جاذبیت کا ایک لطیف سا احساس پایا جاتا ہے ۔ وہ گفتگو میں تیز طرار ہوتی ہیں ۔ ان کے فقرے پرمزاح اور چست ہوتے ہیں ۔

قوس عورتیں اکثر الگ تھلگ رہنا پسند کرتی ہیں خاندانی رشتوں اور تعلقات سے ان کی اجنبیت اور بیزاری سب کے لیے حیران کن ہوتی ہے ۔

قوس مرد ہو یا عورت انہیں زیادہ سفر درپیش ہوتے ہیں ۔

قوس لوگ دولت کو اہمیت نہیں دیتے ۔

قوس لوگ دوسروں کے دکھ میں شریک ہوتے ہیں ۔

(۱۰) CAPRICORN. برج جدی

کیپری کارن

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھڑ

۲۱ دسمبر سے ۱۹ جنوری تک پیدا ہونے والوں کا برج جدی ہے ۔

نشان : بکری

حکم سیارہ : زحل

مبارک ہندسہ : ۸

عنصر : مٹی

مزاج : حاکمیت پسندی

نام کے ابتدائی حروف : ذ ۔ ز ۔ خ ۔ ض ۔ ط ۔ غا ۔ گا ۔

مبارک تاریخیں : ۸ ۔ ۷ ۔ ۱۷ ۔ ۲۶ ۔ ۹ ۔ ۱۸ ۔ ۲۹

مبارک دن : ہفتہ ۔ اتوار ۔ سوموار

موافق رنگ : نارنجی ۔ زعفرانی ۔ نیلا ۔ ہرا ۔ پیلا

موافق پتھر : نیلم ۔ ہیرا ۔ ایمتھسٹ ۔ فیروزہ ۔ زمرد ۔ پنا ۔ الماس

ماہرین علم نجوم خصوصاً چیرو ، ہیرالڈ ۔ لنڈا گڈمین ۔ جین ڈکسن ۔ ہنری لنگ کی یہ رائے ہے کہ برج جدی بڑا پر اسرار ہے اور اس کے لوگوں کو درست سمجھنا مشکل ہے۔

یہ لوگ بہترین اور اعلیٰ معیار کے حامل ہوتے ہیں اور عام دنیا والوں سے زیادہ معیار اور حسن کارکردگی کے قدردان ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ دوسروں سے بھی بہترین کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں ۔

یہ لوگ بڑی حیرت انگیز خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں لہٰذا ان کی مضبوط قوت ارادی پر حیرت نہ ہونی چاہیے ۔

یہ لوگ قابل اعتماد محبت کرنے والے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔

یہ لوگ ہر پیشہ میں یکساں شہرت اور مہارت کے حامل ہوتے ہیں ۔

یہ لوگ اتنے باصلاحیت ہوتے ہیں کہ زندگی میں جو کیریئر بھی منتخب کرتے ہیں اس میں آخر نمایاں مقام حاصل کر بیٹھتے ہیں ۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

(۱۱) برج دلو

ایکوریس

۲۰ جنوری سے ۱۹ فروری تک پیدا ہونے والوں کا برج دلو ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نشان : پانی کا برتن بردار

عنصر : ہوا

حاکم سیارہ : یورینس

مبارک ہندسہ : ۴ (چار)

موافق رنگ : بنفشی۔ آسمانی اور ان رنگوں کے مختلف شیڈ۔

مبارک تاریخیں : ۶۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۷۔ ۱۷۔ ۲۷۔

مبارک دن : جمعہ۔ ہفتہ۔ سوموار کا آدھا دن

موافق نگینہ : نیلم۔ فیروزہ۔ پنا۔ عقیق۔ سنگ بادل۔

برج دلو کے ساتھی :

بہترین ۔ جوزا ۔ میزان

بہتر ۔ قوس ۔ جدی ۔ حوت ۔ حمل

غیر یقینی ۔ ثور ۔ اسد ۔ عقرب

غیر جانبدار ۔ سرطان ۔ سنبلہ

برج دلو کی بیماریاں :

(۱) درد گردہ	(۲) آنتوں کی بیماریاں
(۳) دمہ	(۴) بد ہضمی کی شکایت
(۵) اپنڈے سائٹس	(۶) اختلاج قلب
(۷) مثانہ کی بیماریاں	(۸) تبخیر معدہ

موزوں پیشے :

(۱) کاروبار ۔ تجارت	(۲) انجینئرنگ
(۳) تعلیم و تدریس	(۴) جاسوسی ۔ سراغ رسانی
(۵) سیلز مینی	(۶) سیاست
(۷) فوجی ملازمت	(۸) سائنس

دلو افراد کی آنکھیں سحر انگیز ہوتی ہیں۔ ان کی آنکھوں کا رنگ عام طور پر نیلا ، سبز یا بھورا ہوتا ہے۔

ان کے بال سیدھے اور ریشمی ہوتے ہیں جن کا رنگ سنہرا یا ہلکا بھورا ہوتا ہے

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOK'S

چہرے کی رنگت زردی مائل ہوتی ہے۔
دلو مرد کو اس کی زندگی میں کوئی نہ کوئی اعزاز یا انعام ضرور ملتا ہے۔
دلو مرد شادی میں عجلت کا قائل نہیں ہوتا۔ اکثر دلو مرد شادی میں تاخیر سے کام لیتے ہیں
دلو لوگ رقابت پسند نہیں کرتے۔ وہ جب یہ دیکھتے ہیں کہ ان کی کوئی دوست
ان سے تعلقات ختم کرنا چاہتی ہے۔ تو پریشان ہو جاتے ہیں۔
دلو لوگ طبعاً قابلِ اعتماد ہوتا ہے۔
دلو خواتین کا وجدان بہت تیز ہوتا ہے۔ وہ جو کچھ کہتی ہیں صحیح ثابت ہوتا ہے۔
دلو لوگوں میں کچھ نہ کچھ ساحرانہ صلاحیتیں ہوتی ہیں۔
دلو لوگوں کے کردار کی سب سے اہم خصوصیت ان کی ذاتی آزادی ہوتی ہے۔ وہ
اپنی آزادی میں کسی مداخلت کو برداشت نہیں کرتے۔
دلو لوگ رائے عام کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور ہر معاملے میں اپنی منفرد رائے کا اظہار
کرتے ہیں۔
دلو لوگ بڑے رومان پرور ہوتے ہیں۔ اپنے آئیڈیل کی تلاش میں رہتے ہیں۔
دلو لوگ منظر عام پر آنے سے گریز کرتے ہیں۔ عوامی مقامات پر ظاہر ہونے سے بھی
احتراز کرتے ہیں۔
خلائی جہازوں کے انجن اور حساس پرزہ جات کی تیاری کے کوالٹی کنٹرول شعبہ کے
لیے یہ نہایت موزوں ثابت ہوتے ہیں۔
دلو لوگ روایت شکن اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔
جوانی میں ان کی صحت قابلِ رشک ہوتی ہے لیکن بڑھاپے میں کسی زخم کی وجہ سے
پریشانی ہو سکتی ہے۔
دلو لوگ اکثر لمبی عمر پاتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دلو لوگ راست گوئی اور بے باکی کا مظاہرہ کرنے میں ذرا اگریز نہیں کرتے ۔
دلو لوگ امن پسند ہوتے ہیں ۔ بحث و تکرار اور جھگڑے فساد سے گریز کرتے ہیں
ان کی دوستی مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے ۔ بہت جلد لوگوں کو دوست بنا لیتے ہیں ۔

۱۲ برج حوت PISCES

پائسس



FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ پیدا ہونے والوں کا برج حوت ہے ۔

نشان :۔ دو مچھلیاں

عنصر :۔ پانی

حاکم سیارہ :۔ عطارد

لکی نمبر :۔ ۷ (سات)

نام کے پہلے حروف :۔ د ۔ دی ۔ جھ ۔ چ ۔ تھ ۔ دھ

مہینے کی مبارک تاریخیں :۔ ۳ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱

مبارک دن :۔

موافق رنگ :۔

موافق نگینہ :۔

حوت کے دوست :

بہترین :۔ سرطان۔ عقرب

بہتر :۔ جدی۔ دلو۔ حمل۔ ثور

غیر یقینی :۔ جوزا۔ سنبلہ۔ قوس

غیر جانبدار :۔ اسد۔ میزان

حوت کی بیماریاں :

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو درج ذیل بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں

(۱) آنکھوں کی بیماریاں (۲) نظام ہضم کی خرابی

(۳) نمونیا (۴) گنٹھیا

(۵) پھیپھڑوں کی بیماریاں (۶) ٹخنوں اور انگوٹھوں کا درد

حوت کے لیے موزوں پیشے :

(۱) سماجی بہبود کے شعبے (۲) لائبریرین

(۳) آرائش و زیبائش۔ ڈیکوریشن (۴) فوڈ بزنس

(۵) سرامیکس انڈسٹری (۶) ایجنسی ورکس

(۷) نرسنگ (۸) ریستوران۔ ہوٹل۔ کیفے۔ پاٹی ہاؤس

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

(۹) فرنیچر سازی (۱۰) اداکاری

(۱۱) ادیب۔ ڈرامہ نگار۔ شاعر۔ مصور

مشہور ماہر نجوم جیوڈتھ بینے کہتا ہے کہ حوت خواتین کے دل و دماغ میں نت نئی آرزوئیں ایک ہجوم کی طرح جمع رہتی ہیں۔ وہ مرد کو اپنی جانب آنی سے متوجہ کر سکتی ہیں۔

حوت عورت مردوں کو کھلی کتاب کی طرح پڑھنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتی ہے۔ اسے دھوکہ دینا آسان کام نہیں۔

برج حوت سے تعلق رکھنے والے ہر قسم کی جذباتی تعلق میں بے پناہ محبت چاہتے ہیں۔

حوت لوگ جن سے محبت کرتے ہیں ان کی خاطر ہر امتحان سے گزرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

تنہائی حوت لوگوں کا سب سے بڑا عذاب ہوتی ہے۔ کسی اور برج کے لوگ تنہائی کو اس شدت سے محسوس نہیں کرتے حوت لوگ بار بار لوگوں سے رابطہ منقطع تنہائی اور خاموشی کے اندھیرے اپنے اوپر مسلط کر لیتے ہیں۔ یہ ان کے کردار کا وہ حیرت انگیز تضاد ہے جس کا سبب خود ان کی سمجھ میں بھی نہیں آتا۔ وہ تقریبات میں خوشی شرکت کرتے ہیں اجتماعات میں جانا پسند کرتے ہیں۔ لیکن ان کے اندر پوشیدہ شاعر اور فنکار، ان کے اندر چھپا ہوا پر اسرار آدمی بار بار تنہائی کا مطالبہ کرتا ہے۔ ہجوم اور شور سے دور رہنے کی ہدایت کرتا ہے۔

حوت مرد عورت کو سمجھتا ہے۔ آپ کو کبھی یہ بتانے کی ضرورت نہیں پڑے گی کہ آپ کیا پسند کرتی ہیں یا کیا سوچتی ہیں۔ وہ آپ کے جذبات اور احساسات سے خود ہم آہنگ ہو جائے گا۔

حوت عورت نسوانیت کا شاہکار ہوتی ہے۔ ایسی عورت ہی محبت دیتا

سکے ہر مرد سکے لیے فخر کا باعث ہو۔

حوت عورت آزادی نسواں کی کٹر مخالف ہوتی ہے۔ اپنے رفیق حیات پر انحصار کئے بغیر جینا اس کے لیے ناقابلِ یقین اور ناقابلِ قبول ہوتا ہے۔ وہ چاہتی ہے کہ اس کا رفیق حیات اس کا تحفظ فراہم کرے۔

حوت افراد اگر خواب میں خود کو زنجیروں یا رسیوں سے جکڑا ہوا دیکھیں تو انہیں پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں کیونکہ ایسا خواب دیکھنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ حقیقی زندگی میں کوئی ایسا واقعہ پیش آنے والا ہے کہ انہیں سچ مچ گرفتار کر لیا جائے گا حوت افراد کا یہ خواب ان کی عملی زندگی کی ان حماقتوں کی نشاندہی کرتا ہے جو عنقریب ان سے سرزد ہو چکی ہیں۔ جن کی بدولت وہ مشکل صورت حال سے دوچار ہوتے ہیں۔ خود اپنی ہی پیدا کردہ مشکلات سکے جال میں گرفتار ہونے سکے بعد حوت افراد اس قسم کے خواب دیکھا کرتے ہیں۔

حوت افراد جب عدم اعتمادی کا شکار ہوتے ہیں تو ان کی یہ عدم اعتمادی ان کے خوابوں میں اس انداز سے ظاہر ہوتی ہے کہ وہ خود کو پریشان اور الجھن میں گرفتار دیکھتے ہیں مثلاً کبھی وہ یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے پاس سے کوئی اہم چیز گم ہو گئی ہے یا وہ کسی ٹرین یا بس کے پیچھے بھاگ رہے ہیں مگر اس میں سوار نہیں ہو پاتے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ محبت اور دولت حسب منشا حاصل نہ ہونے کی صورت میں وہ اکثر ایسے خواب دیکھتے ہیں۔

حوت افراد کسی بھی کام کو جم کر کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ وہ ایک کام کرتے کرتے عموماً اس کام کو ادھورا چھوڑ کر دوسرا کام کرنے پہ مائل ہو جاتے ہیں اس لیے کسی اعلیٰ عہدے کے حصول کے لیے وہ دوسروں سے مقابلہ کرنے کو ترجیح نہیں دیتے حالانکہ وہ اس عہدے کے لیے موجود امیدواروں میں سب سے

زیادہ قابل اور تعلیم یافتہ ہیں لیکن جب وہ اپنے سے کمتر کسی شخص کو اس عہدے پر فائز دیکھتے ہیں تو وہ مایوسی اور پریشانیوں کا شکار ہو جاتے ہیں ۔

جو افراد اگر اپنے گھر میں دوسرے افراد خانہ کی نسبت زیادہ توجہ دیتے ہوئے زیادہ پیسہ خرچ کرتے ہوں، گھر کے کاموں کو بھی دوسروں کی نسبت زیادہ انجام دیتے ہوں لیکن اس کے باوجود ان کی خدمات کو زیادہ سراہا نہ جاتا ہو تو دوسرے افراد کا رویہ ان میں مایوسی و بددلی پیدا کر دیتا ہے ۔ اور یہی مایوسی ۔ بددلی اور افسردگی کی کیفیات خواب کی حالت میں ظاہر ہوتی ہیں ۔

ناآسودگی کے خواب نظر آنے پر حوت افراد کو چاہئے کہ وہ اپنے حالات کا تجزیہ کریں اور فرسٹریشن کی وجہ معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہوئے ایسے مثبت اقدامات کریں جن سے حالات میں بہتری رونما ہو سکے ۔

آپ حوت مرد کو پسند کرتی ہیں ۔ اس سے محبت کرتی ہیں کبھی آپ نے غور کیا کہ وہ کیسا مزاج رکھتا ہے ۔ اس کی باتوں اور رویے پر نظر ڈالئے تو اندازہ ہو گا کہ وہ نرم خو، مہربان ہے ۔ فیاضی اس کی طبیعت میں شامل ہے ۔ وہ پیدائشی رومان پسند ہے اور محبت کے معاملات میں انتہائی حساس ہے ۔ وہ آپ کی سالگرہ کی تاریخ کبھی نہیں بھولے گا ۔ آپ سے متعلق ہر اہم تاریخ اس کو ازبر ہو گی ۔ وہ آپ کے پاس آئے گا تو اس کے پاس نفاست سے پیک کیا ہوا ایک تحفہ ہو گا جسے دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گی ۔ یہ کوئی روزمرہ کی چیز نہ ہو گی ۔ یہ کوئی ایسی چیز ہو گی جس کے آپ نے محض خواب ہی دیکھے ہوں گے ۔

حوت مرد خواب بہت دیکھتا ہے ۔ اس کے ارادے بہت بلند ہوتے ہیں خیالات ذہانت سے بھرپور ہوتے ہیں ۔ وہ اپنے مستقبل کے بارے میں گھنٹوں گفتگو کر سکتا ہے ۔ لیکن بالعموم اس کے خواب پورے نہیں ہوتے ۔ وہ اپنے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

منصوبوں پر عمل درآمد میں اتنی دیر لگا دیتا ہے کہ دہ پھر فضول بابے مقصد ثابت ہوتے ہیں ناکامی کا خوف اس پر ہمیشہ مسلط رہتا ہے۔ اسی خوف سے بچنے کے لیے وہ اپنے منصوبوں کو دوسروں کے ذریعے پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے تاکہ تمام تر ناکامیاں اسی کے حساب میں نہ لکھی جائیں۔

نوٹ:۔

اس کتاب کے ہر حصے میں جہاں بروج کا ذکر ہوا ہے وہاں ان کے حالات کی تفصیل پیش کی گئی ہے لیکن یوں نہیں کہ بروج کے متعلق ایک ہی تفصیل کو بار بار دہرایا گیا ہو۔ ہر بار ہر موقع پر ہر برج سے متعلق نئی اور مزید مفید ترین معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ تاکہ قارئین ان سے مزید مستفید ہو سکیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچھٹر

فنی علوم پر مستند اور خوبصورت کتب

سراج النجوم

نگینوں کے خواص

ستاروں

علم الاعداد

قسمت اور ستارے

پامسٹری

خوابنامہ و تعبیر نامہ

علم الجفر

چہرہ شناسی

مشتاق بک کارنر
الفضل مارکیٹ اردو بازار
لاہور۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks